الخلف تذكرة المتقدمين تكملة المتاخرين الذى يشار اليه بالبنان فى صبارة البيان والتبيان
له قصبات السبق فى العلوم العقلية وقدح معلى فى حلبة الفنون النقلية حجة الله كان الاستقصاء

الاستقصاء فی الاستفسار وانتھی الی جنابہ ریاسۃ الحدیث والتفسیر فی ھذہ الاقطار وختم
ملین القلوب القاسیہ وبمجلسہ یجمع الجموع الدانیۃ والقاصیہ فلقت سوق الفضائل عوالیہ
واجمعت علی کمال المجامع الافاضل والاماثل زکی الخصائل بہی الشمائل کریم الاخلاق وسیع
الارفاق حاج بیت اللہ العلی مولانا ابو البرکات رکن الدین محمد تراب علی جعل اللہ ترابقدامہ
کحل الابصار والعیون وعلو فضلہ منتھی الاوھام والظنون نجاء بما حل عقد الاعضال وحل
نھان الاغلاق والاشکال وفق بالاتمام والتی بالبدر التمام وسماہ بالھلالین
واطلع القمرین فی سماء الجلالین وضع اطواق المنن فی اجیاد الراغبین فی التقاط فوائد
الفوائد فی لبات الطالبین ورسم خطین معربین عن نظم القرآن وحفظا واحدھما فسر
الجلالان جزاہ اللہ احسن الجزاء واعلی ذکرہ بجمیل الثناء +

صورۃ ما رصفہ الادیب المنطق ذو اللسان الطلق النبیل الطریف
النبیہ الشریف مولانا محمد اعلم سلمہ اللہ الاکرم مقرظا علی
الھلالین فی شرح الجلالین -+-

الحمد للہ الذی انزل علی عبدہ الکتب ولم یجعل لہ عوجا والصلوۃ والسلام علی من اصطفاہ
علی الانبیاء بالدین الذی ھو افضل الادیان شرعۃ ومنھجا وعلی الہ الذین اوضحوا
لسالکی مسالک ملتہ البیضاء سرجا واصحابہ الذین بذلوا جھدھم فی نصرۃ دینہ
اموالا ومھجا اما بعد فان علم القرآن اجل العلوم کالشمس بین النجوم اذ بہ یصیر
الانسان حکیما بصیرا ومن یوت الحکمۃ فقد اوتی خیرا کثیرا وھو یھدی الی الطریق
المستقیم ویدل علی النھج القویم محصلہ ابرع المحصلین فضلا وصفیقہ اکرم الاضیاف نزلا
یجلاء القلوب بانوار الایمان ویذین النفوس باسرار العرفان الربانیون یتمسکون

بجلاء وأحبار الأمة لم يرضوا عما سواه فلهذا أكب الناس على كشف غطائه وأجمعوا على الانتفاع
بعجائبه ونوافعه فكتبوا قيمة وصحّوا ما ادعاه بالحجج والبينة ترى العقوم في لقائه وطلبه من المشائين
وفي الشغف على ذكره وفكره كالعاشقين ولما لم يتنزل كتاب جل فائدة من القرآن فبالحري
ان يكون علمه أتقن العلوم بالفيضان لأنه قام عليه بناء الإسلام والإيمان ومن المدونات
فيه التفسير المسمى بالجلالين الذي لجلالة قدره واشتهاره فاق القمرين وبلثمه الأنام جلالهم
بالشفتين ويضع الرجل على الرأس والعين فهو وان كان من حيث اللفظ وجيز التفاسير لكنه
بحسب المعنى وعلو مداره وكثرة أنواره كالبحر المنير حارت العقول في ادراك معانيه وكلت
الأفهام في تحقيق مبانيه والى يومنا هذا لم يتفرد أحد من العلماء بتوضيحه ولم يشمر واحد منهم
ذيل الجهد على تشريحه لكن مولانا النحرير والفاضل العديم النظير محط رحل الأفاضل مرجع
الأماجد والأماثل الذي اشتهر بالفضائل في الأقطار كاشتهار الشمس في نصف النهار يستفيد
الفقهاء من فروع قواعده وأصولها ويجتدي الحكماء من أبواب فوائده وفصولها حاوي المطايا
العلوم وهاد لقوافل الفهوم كاشف للأسرار النقلية عارف للأسرار العقلية صاحب البركات بسنيه
وركن المقامات العلية ابو البركات ركن الدين محمد مولانا تراب علي لا زالت ظلال أفضاله
ممدودة ودامت نجوم إفاداته مرصودة حاول الشرح لذلك التفسير ليسد له على الطالبين
من الصغير والكبير وأوضح بالإيضاح المبين ببينه حق التبيين وأجاد في تحقيق وأفاد
بتفصيل معاني الكلام وسماه بالهلالين في شرح الجلالين ولقد أحسن الى من جد في طلبه
ومن على الذي مال اليه بقلبه فهو نعم الخلف الذي جاء من السلف ولله در السلف الذين
تركوا مثل ذلك الخلف شعر لا يدرك الواصف المطري خصائصه وان يك سابقا في كل ما وصفا
فأرجو من فضل الله تعالى ان يستفيد الطالبون من ذلك دائما ويدوم مصنفه بالفضائل

والبرکات فی الدھر فانکما واللہ المستعان وعلیہ التکلان ۔

شیخ نثار علی خان

شیخ نثار علی خان ابن شیخ شجاعت علی حنفی المذہب فارسی خوان تھے اور کتب فقہ فارسی کی پڑہی تھی ۸ محرم ۱۳۰۴ھ کو انتقال کیا ۔

حکیم نیاز علی خان

حکیم نیاز علی خان ابن شیخ نثار علی خان امامیہ تباریخ ۱۲ ربیع الاول ۱۲۷۸ھ روز شنبہ بوقت شب امروہہ مین پیدا ہوے جوان صالح حلیم ذکی الطبع سخی بامروت معاملہ فہم ہین خداوند عالم نے اکثر اوصاف انکی ذات بابرکات مین جمع کئے ہین صرف نحو منطق وفقہ وغیرہ مین کتب درسیہ جناب مولوی محمد عسکری صاحب پیشنماز مذہب امامیہ سے اور جناب مولوی وزیر علی صاحب حنفی المذہب ساکن بجنور سے بمقام امروہہ پڑہین اور بہ بمقام دہلی خدمت مین جناب مولانا مولوی سید جعفر علی صاحب اعلی اللہ مقامہ سے تکمیل کی ایام عدر مین جناب مولانا مولوی تراب علی صاحب مرحوم مغفور وارد امروہہ تھے جناب ممدوح سے کچھ استفادہ کیا اور طب جناب حکیم عظیم علی خان صاحب مرحوم وجناب حکیم ابو علی خان صاحب مرحوم سے اول سے آخر تک پڑہی اور انہین سے مطب کیا چنانچہ حکیم نیاز علی خان کتب درسیہ طبیہ بہت اچھی طرح سے پڑہاتے ہین اور مطب انکا بہت صاف اور تجربہ کامل ہے دربار انگریزی مین منتخب ہین چند سارٹیفکٹ خوشنودی مزاج حکام وینز خطوط ڈپٹی کمشنر مرادآباد کے انکے پاس موجود ہین اور کمیٹی لوکل فنڈ ضلع وکمیٹی منیوسپل امروہہ کے وائس پریزیڈنٹ ہین تصنیف انکی رسالہ تدبیر القصد ہے جو بمقام لکھنؤ مطبع علوی شیخ علی بخش خان مین بتاریخ ۹ ربیع الثانی ۱۲۹۸ ہجری چھاپہ ہوا ۔ اور انزیری مجسٹریٹ درجہ سوم بموجب اشتہار گورنمنٹ نمبر ۲۰۰۳ مورخہ ۱۵ جولائی ۱۸۹۱ء ہین نقول اسناد انگریزی شامل کتاب ہین ۔

راحت علی خان ابن حکیم نیاز علی خان چودہوین ذیحجہ ۱۲۹۷ھ بمقام امروہہ پیدا ہوے

جوان خوبصورت ہین فارسی عربی مین استعداد کامل ہے طب علما وعملاً انکا پایہ بلند ہے
انکے دو فرزند ایک ریاض علی خان ہین جو سنہ ۱۳۱۰ھ مین بماہ رمضان المبارک تاریخ ۱۵۔
پیدا ہوے۔ دوسرے فیاض علی خان جو ۶۔ ذیقعدہ سنہ ۱۳۱۳ھ مین بمقام امروہہ پیدا ہوے
نسخ ونستعلیق کے خوشنویس ہین۔

ذکر رفعت علیخان

رفعت علی خان ابن حکیم نیاز علی خان بتاریخ ۲۷۔ ماہ محرم سنہ ۱۲۹۴ھ بمقام امروہہ پیدا ہوے
انگریزی مین درجہ مڈل سنہ ۱۲۹۲ھ مین وانٹرنس سنہ ۱۲۹۴ھ مین پاس کیا ہی جوان خوبصورت
وجیہ ہین فارسی کی عمدہ استعداد ہے انکے ایک فرزند کاظم علی خان جو ۶۔ ربیع الثانی
سنہ ۱۳۱۴ھ مین بمقام امروہہ پیدا ہوے ہین۔

ذکر مفتی عزیز الدین

مفتی عزیز الدین ابن مفتی دولت حنفی المذہب عالم باعمل تھے فقہ خوب جانتے تھے آخر
عہد عالمگیر ثانی وشاہ عالم مین دہلی کے مفتی تھے انکی جاگیر پرگنہ میرگنج کے سوگانون
اور پرگنہ بہیڑی ضلع بانس بریلی کے سوگانون تھے مگر حافظ رحمت خان نے اپنی حکومت
مین کل ضبط کر لیے بہزار مشکل وخرابی موضع نگریا بھگت پرگنہ میرگنج وموضع عمر پور پرگنہ
بہیڑی واگذاشت رکھا۔ دہلی مین انتقال کیا اور مقبرہ مین مولانا اسرار الدین صاحب کے
دفن ہوے انکے دو بیٹے تہے ایک اجمل الدین دوسرے حمید الدین۔ اجمل الدین حنفی المذہب
ذکی الطبع فارسی کے منشی ذی اخلاق تھے۔ انکے دو بیٹے تھے شیخ کریم بخش ومنشی فدا علی

ذکر شیخ کریم بخش

شیخ کریم بخش تمکلا دلد کشیدہ قامت خوبصورت ذکی الطبع طبیب تھے بچاسی برس کی عمر مین ۱۲
محرم سنہ ۱۲۶۰ ہجری کو رحلت کی مرادآباد مین سرا کے پاس ایک مسجد انکی بنوائی ہوئی ہے
اسی کے احاطہ مین موافق اپنی تجویز کے دفن ہوے زبان قلم کو یارا نہین کہ اوصاف انکے
لکھ سکے مختصر یہ ہے۔ چالیس برس تک نماز تہجد قضا نہین ہوئی۔ ایک منزل قرآن شریف

روز پڑہتے تھے یہ چالیس برس تک قضا نہین ہوا۔ +

۳۔ ادعیہ صحیفہ کاملہ اور درود طوسی ہر روز بلا ناغہ پڑہتے تھے۔ +

۴۔ چار سو کمل و چار سو رضائی سالانہ محتاجین کو تقسیم کرتے تھے۔ +

۵۔ اسمین سے ایک رضائی موسم سرما مین آپ اوڑہ لیتے تھے۔ +

۶۔ پندرہ ہزار روپیہ سالانہ کی آمدنی کے دیہات انکے قبض و تصرف مین تھے۔ + اور خود بدولت اور بی بی دو آدمی تھے جملہ آمدنی مصارف محتاجین و احباب و دیگر امور خیر مین صرف کر دیتے تھے۔ +

۷۔ جو کہانا سب لوگون کو دیا جاتا تہا وہی خود کہاتے تھے یعنی ایک قسم کا کہانا خادم اور خود کہاتے تھے تفریق نہین ہوتی تہی۔ +

۸۔ پانچ سات دس مجذوب بے لوانہ از خود رفتہ انکے یہان جمع رہتے تھے انکے کہانے پینے دلداری کی طرف بہت توجہ ہوتی تہی۔ +

۹۔ بروز دہم محرم سر و پا برہنہ تعزیہ کمل پوش کے جو قاضی محمد عباس صاحب حنفی المذہب رئیس مراد آباد کے مکان سے اٹھتا ہمراہ ہوتے تھے۔ +

۱۰۔ عشرہ محرم مین ہر ایک عزاخانہ مراد آباد مین ایک ایک شیشہ گلاب کا اور ایک ایک روپیہ چڑہاتے تھے۔ +

۱۱۔ غرہ محرم سے بارہوین تاریخ تک روٹی و چنے کی دال و گوشت محتاجون کو ہر روز تقسیم کرتے تھے۔ +

۱۲۔ طبقۂ صوفیہ کرام سے انکو حسن عقیدہ تہا مشائخ مراد آباد کے جو حلقہ بنیا والے کہلاتے ہین اور دیگر مشائخ کے بہت خدمت کرتے تھے۔ +

١٣ - بارہ مسجدین انہون نے تعمیر کرائین خرچ روشنی و پانی و فرش و موذن کا اپنے
ذمہ رکھا - ✣

١٤ - طبیب کامل تھے جناب حکیم رضی الدین خان صاحب مرحوم سے طب پڑہی تھی اور انہین کے
فیض صحبت سے اکثر امور مین فیضیاب ہوئے نماز ناغہ باندہ کر پڑہتے تھے لیکن روزہ
کے افطار مین تاخیر کرتے تھے - ✣

١٥ - ایک ہفتہ پہلے اپنی موت کا وقت اور دن بتا دیا تہا اور قبر کہدوا دی تہی جہان دفن
ہوئے اور کفن تیار کرا رکھا تھا - ✣

منشی فدا علی تخلص عیش المذہب خوبصورت وجیہ کشیدہ قامت متقی پرہیزگار بہادر -
سخی ذکی منشی تھے - ✣

١ - رقعات فارسی انکے بلا تکلف ہم پلہ رقعات مرزا قتیل ہین - ✣

٢ - پچیس برس کی عمر سے تا دم وفات نماز پنجگانہ و تلاوت قرآن شریف ناغہ نہین ہوئی -

٣ - بازپور سابق ضلع مراد آباد حال ضلع ترائی مین منشی صاحب نائب تحصیلدار تھے
مدت ملازمت کو تین ماہ گذرے تھے اور یہ نوکری ابتدائی تہی حکام عالی مقام کی طرف
سے آبادی دیہات کی تاکید زیادہ تھی اس لیے صبح کو گشت دیہات واسطے خبرگیری
رعایا کے کیا کرتے تھے ایکدن تنہا گھوڑے پر سوار چلے جاتے تھے دیکھا کہ پانسو ہل
مع زن و مرد و مویشی عملداری سرکار انگریز بہادر سے اٹھکر نواب رامپور کی عملداری کو جاتی
ہے اور عبداللہ خان تحصیلدار رامپور مع جماعت دو سو آدمیون کے جو مسلح تھے ترغیب
دیکر لیے جاتا ہے اور رامپور مین اسوقت نواب احمد علی خان مرحوم نواب تھے منشی صاحب
نے جب یہ حال دیکھا تو شدت غم سے بیتاب ہوگئے اور گھوڑا اپنا کوسی ندی مین ڈالدیا

اور پا کر کرنل و اسپان سے ملی اور عبداللہ خان سے کہا کہ اگر ایک کاشتکار ہمارے علاقہ کا تمہارے ساتھ جائیگا قصد کریگا تو یاد رکھو کہ تمکو زندہ نچھوڑونگا تم مع اپنی جماعت خوشا چلے جاؤ چنانچہ عبداللہ خان ایسی جانبازی دیکھکر چپکے چلے گئے۔ منشی صاحب مہاجر کاشتکارون کو تسکین دیکر واپس لائے۔

۴۔ اعلی درجہ کی بہادری کی تصدیق چٹھی سر انسٹگ ٹن صاحب سے جو کہ اب انھون نے ولایت سے بھیجی ہے ہوتی ہے کہ منشی صاحب مرحوم نے ایک مرتبہ انکو شیر سے بچایا تھا۔ وہ چٹھی ذیل مین درج کیجاتی ہے۔

۵۔ سخاوت و اولوالعزمی کا شمہ یہ ہے کہ بمقدمہ زخمی ہونے مسٹر کورٹ صاحب بہادر کے جو گواہ اور اہلکار پیروی کنندہ از طرف سرکار شاہجہان پور سے مرادآباد آئے وہ سب انہین کے دولتخانہ پر مقیم ہوئے کارندون نے لوازم مہمانداری باحسن وجوہ انجام کو پہونچایا کر جو فرد حساب بھیجی اسکی میزان الـ۔۔۔ تھی۔

۶۔ پوشاک کا بہت شوق تھا نمونہ اسکا یہ ہے کہ ایک روز مولوی عبدالرحمن خان صاحب رئیس شاہجہان پور و صدرالصدور بنارس بمقام شاہجہان پور منشی صاحب سے ملنے آئے جلسہ کو طول ہوا اور خنکی ہوا اور شدت سرما سے مولوی صاحب اور انکے دونون بیٹون اور عزیزون اور رفیقون نے کہ پندرہ آدمی تھے منشی صاحب کے داروغہ سے سر پر باندھنے کے واسطے عمامے طلب کیے داروغہ نے فوراً پندرہ عمامے شالی عمدہ قسم کے لاکر دیدیے کہ سب نے باندھ لیے۔

۷۔ ڈپٹی کلکٹری مین پایہ انکا اسقدر بلند تھا کہ جناب طامسن صاحب لفٹننٹ گورنر بہادر اور جناب کالون صاحب لفٹننٹ گورنر بہادر امورات عظیمہ مالی مین منشی صاحب سے مشورہ فرماتے تھے

۵ - آخر عمر مین منشی صاحب کو بسبب کمال دینداری علاقہ دنیا داری اور کھانے پینے سے بے تعلقی تھی اور ہمیشہ سکوت مین رہتے تھے کسی سے بات نکرتے رہتے لیکن نماز پنجگانہ و تلاوت قرآن مجید اور روزہ کبھی فوت نہوتے تھے اور اسی حالت مین ایک رسالہ فقہ مین تصنیف فرمایا - +

۹ - مذہب اہلسنت وجماعت مین راسخ الاعتقاد و ثابت قدم تھے - +

۱۰ - کتب فقہ اہلسنت وجماعت خوب یاد تھین اور اکثر فتاوی پیش نظر رکھتے تھے مسائل جزئیہ کو بے تکلف کتب فقہ سے نکال لیتے تھے - +

۱۱ - ابتدا ءً نائب تحصیلدار بازپور کے ہوسے پھر تحصیلدار تلہر ضلع شاہجہانپور کے مقرر ہوے اور مدت دراز تک ڈپٹی کلکٹر رہے - ۲ - محرم ۱۲۸۱ھ کو مقام مرادآباد انتقال کیا اپنے بھائی شیخ کریم بخش صاحب کے پہلو مین دفن ہوسے - تمام جایداد و مکانات اپنے بیٹے منشی محمد مظہر حسن صاحب کو بذریعہ ہبہ کے منتقل کیئے - +

تذکرہ

منشی صاحب کی نانی صاحبہ مذہب امامیہ رکھتی تھین اور عرصہ سے مجنونہ ہوگئی تھین انکی حالت جنون مین یہ تھی جملہ امور سے بے تعلقی مگر طہارت جسم و لباس اور ادائے نماز اور تلاوت کلام اللہ یہ امور کبھی فوت نہوتے تھے اس حالت مین عمر انکی والدہ کی یعنی منشی صاحب کی والدہ کی قریب پندرہ سولہ برس کے پہونچی اور کوئی صورت تجویز شادی کی نہوتی تھی مستورات کنبہ کی اور خادمہ کہن سال جسوقت انکی نانی صاحبہ کو فی الجملہ ہوش مین پاتین تو کہتین کہ اسکی شادی کی کچھ فکر ہے بے تکلف جواب دیتین کہ مت گھبراؤ اسکا بیاہ ہوگا - اور اسکے ایک لڑکی اور ایک لڑکا ہوگا چنانچہ جیسا وہ

فرمایا کرتی نہین ویسا ہی ہوا - +

اہلسنت کہتے ہین کہ مذہب امامیہ مین کرامت نہین ہوتی - امامیہ کہتے ہین کہ اہلسنت مین نہین ہوتی ہر ایک مذہب والا اپنی طرف والے کو کشف رحمانی اور دوسرے کو کشف شیطانی اپنے کو کرامت دوسرے کو استدراج بتاتا ہے - +

صاحب تاریخ فرشتہ جنکا مذہب اہلسنت وجماعت ہی لکھتے ہین کہ سید حسین مشہدی خنگ سوار ولی اللہ تھے اور شیعہ مذہب تھے جناب سید حسین صاحب علیہ الرحمہ کا مزار شریف بمقام اجمیر پہاڑی پر ہے - حکمائے یونان کی تعلق جسمانیہ کا نام تصفیہ نفس ناطقہ رکھتے ہین اور حکمائے یورپ قوت کہربائی کا اثر بتاتے ہین لکل وجہۃ ہو مولیہا - +

حاجی مظہر حسن صاحب

حاجی مظہر حسن ابن منشی فدا علی حنفی المذہب جوان صالح متقی پرہیزگار بامروت ہین بمقام شاہجہانپور سنہ ۱۲۳۱ھ مین پیدا ہوئے نام تاریخی ہے بعمر اکیس سال حج بیت اللہ وزیارت حضرت خاتم الانبیا سرور انام کو گئے اور بعد استسعاد زیارت حرمین شریفین واپس آئے ہزارہا روپیہ کار خیر مین صرف کیا تھا اور یہ مجددیہ کے سلسلہ مین مولوی فضل رحمن صاحب مرحوم کے مرید ہین - آنریری مجسٹریٹ درجہ دوم میونسپلٹی مرادآباد کے ہین - عشرہ محرم مین حسب دستور شیخ کریم بخش صاحب مرحوم ومنشی صاحب مرحوم دس روز تک روٹی اور دال نخود اپنے ہاتھ سے فقرا کو تقسیم کرتے ہین اور سو عدد فرد رزائی موسم سرما مین غربا کو تقسیم کرتے ہین - اور زکوۃ دیتے ہین - +

شوکت حسن صاحب

شوکت حسن ابن حاجی مظہر حسن حنفی المذہب جوان خوبصورت نیک مزاج بامروت فارسی مین کامل عربی مین شرح عقائد نسفی اور شرح وقایہ دیبندی ومختصر معانی تک پڑہا ہے انگریزی بقدر ضرورت پڑہی ہو - لباس انکا ترکی ہے - +

مفتی حمید الدین صاحب

مفتی حمید الدین حنفی المذہب آدمی ذی علم مدبر وتمام تھے دیہات معافی مواضع

نگریا و عمرپور مین جو انکے حصہ کی بابت دس بسوے تہے اُسپر قانع تہے اور بمقام بانس بریلی اسّی سال کی عمر مین انتقال کیا انکے دو بیٹے ایک محمد حسن دوسرے محمد حسین ۔

ذکر محمد حسن

محمد حسن حنفی المذہب جوان کشیدہ قامت مدبر با وضع تہے پچہتر برس کی عمر مین انتقال کیا انکے تین بیٹے محمد محسن علی حسین ظہور حسین یہ تینون ہوشیار فہمیدہ لائق ہین ۔ اور تینون حنفی المذہب ہین ۔ اور انکی ایک بیٹی ہین جنکی شادی جناب الماجد حکیم محمد امجد علیخان صاحب سے ہوئی ہے ۔

ذکر محمد حسین

محمد حسین حنفی المذہب فہمیدہ مناسب بہات کے کام مین ہوشیار سنہ ۱۸۸۰ع مین دو گانون تہے ایک نگریا پرگنہ میرگنج دوسرا عمرپور پرگنہ بہیڑی ان دونون گانون مین اولاد اجمل الدین و اولاد حمید الدین نصف نصف کے شریک ہین یہ جاگیر ایک نشانی ہو اولی عمدہ نشانیون مین سے ۔

ذکر محمد حنیف

محمد حنیف ابن شیخ حسام الدین فضیلت خان ابن محمد حنیف و خدا بخش ابن فضیلت خان محمد بخش ابن خدا بخش حامد بخش ابن محمد بخش یہ سب حنفی المذہب تہے مفصل حال انکا معلوم نہین ۔

ذکر حکیم مخدوم بخش ابن محمد بخش

حامد بخش

حکیم مخدوم بخش ابن محمد بخش حنفی المذہب جوان وجیہ کشیدہ قامت سخی پر تکلف تہے کتب درسیہ معقول و منقول کی اول سے آخر تک جناب مولانا تراب علی صاحب مرحوم سے پڑہی تہین شغل درس و تدریس بہی جاری تہا ۔ طب مرزا محمد علی صاحب طبیب نامی لکہنؤ سے حاصل کی تہی اور انہین سے مطب کیا تہا ۔ تجربہ انکا بہت بڑہا ہوا تہا ۔ جملہ کتب طبیہ مستحضر تہین جناب مولانا تراب علی صاحب کے ساتہ حج کو گئے تہے اور بعد زیارت حرمین شریفین واپس آئے ۔ یکم جمادی الاولی سنہ ۱۲۸۵ ہجری مین بمقام لکہنؤ انتقال کیا

غازی الدین حیدر بادشاہ اودھ نے تیس روپیہ ماہواری وثیقہ نجف میں نسلاً بعد نسلٍ انکا بھی مقرر کردیا تھا چنانچہ ورثا انکے پاتے ہین کوئی اولاد انکے نہین ۔ ؎

ذکر نظام الدین ؎

نظام الدین ابن شیخ حسام الدین رحیم بخش بن نظام الدین حلیم بخش بن رحیم بخش یہ سب حنفی المذہب تھے مفصل حال انکا معلوم نہین ۔ ؎

ذکر محمود بخش ؎

محمود بخش ابن حلیم بخش حافظ عالم متقی پرہیز گار تہجد گذار تعلق دنیوی سے پاک صاف کھانے پینے لباس وغیرہ مین اشیائے حرام بلکہ مشتبہ کو استعمال نہین کرتے تھے ہمیشہ اشیائے طاہر و پاکیزہ و حلال صرف مین لاتے تھے ۔ دنیا سے کنارہ خدا کی طرف راغب تھے انکے مکاشفات و خرق عادات کثرت سے ہین ۔ ؎ قادریہ خاندان کے مرید تھے ۔ اسی سلسلہ کے چلتے تھے مولوی روم صاحب کی مثنوی کے دقائق اس طرح بیان کرتے تھے کہ سامعین کو وجد ہوتا تھا ۔ انکے ایک لڑکی تھی جنکی شادی جناب حکیم فیروز علی خان صاحب مرحوم مغفور سے ہوئی تھی یعنی دختر حافظ محمود بخش صاحب حکیم نیاز علی خان صاحب کی نانی تھین ۔

نقل

حکیم فیروز علی خان صاحب زمانہ شباب مین باحتیاط کامل آخر شب مین نادِ علیاً مظہر العجائب الی آخرہ پڑھا کرتے تھے (نادِ علیاً کے حدیث قدسی ہونے کا اقبال شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے کتاب مدارج النبوۃ مین کیا ہے) اور پناہ شاہ ایک مجذوب امروہہ مین تھے اُنکے پاس بھی اکثر جایا کرتے تھے چنانچہ ایک دن پناہ شاہ نے حکیم فیروز علی خانصاحب مرحوم سے کہا بچہ نادعلی کا پڑھنا آسان نہین یہ عمل جلالی ہے حکیم صاحب خاموش بیٹھے رہے ایک گھنٹے کے بعد پناہ شاہ نے کہا بچہ نادعلی تو عمل جلالی ہے مگر حضرت امیر المومنین علیہ السلام کی عنایت تمہارے حال پہ بیحد ہے تم جس طرح پڑھتے ہو پڑھے جاؤ تمہارے

لیئے وہ جاتی ہے بعد تھوڑی دیر کے حکیم صاحب پناہ شاہ سے رخصت ہوئے اور قصد کیا کہ
حافظ محمود بخش صاحب کو سلام کرتے ہوئے مکان کو جاویں جب حافظ صاحب کی خدمت مین
حاضر ہوے اور سلام کر کے بیٹھے تو حافظ صاحب نے فرمایا کہ پناہ شاہ جیسا ظاہر کی آنکھ سے
اندھا ہے ویسا ہی باطن کی آنکھ سے بھی اندھا ہے اسکو بہت تھوڑا نظر آتا ہے غنیمت ہے
کہ اسکو ایک گھنٹہ بعد کچھ تھوڑا نظر آگیا اور تمکو مماعنت ورد نادعلی سے باز رہا مگر اگر فرزند
اُسکے ہاتھ کی دی ہوئی روٹی یا اُسکی جھوٹھی چیز کھا نہ لینا ایک ہفتہ بعد جب پھر پناہ شاہ
صاحب کے پاس جناب حکیم صاحب گئے تو ایک ٹکڑا روٹی کا دیکر کہا بچہ کھاؤ۔ جناب
حکیم صاحب نے تامل کیا۔ پناہ شاہ بولے حافظ نے بہکایا ہے۔ جناب حکیم صاحب فرماتے تھے
کہ کوئی فعل پناہ شاہ نے ایسا کیا کہ جس سے میری دل پر نہایت صدمہ پہونچا تھا اور
میرا دل اُس ٹکڑے کے کھانے کے لیئے بیتاب ہوا جاتا تھا۔ اسمین ایک خادم حافظ صاحب
کا دوڑا ہوا آیا اور پناہ شاہ کو پکار کر کہا کہ اگر ہمارے لڑکے سے بولا تو یہان سے
نکال دونگا میرے دل سے وہ حالت دور ہوگئی اور پناہ شاہ نے مجھہ سے وہ ٹکڑا روٹی کا
واپس کر لیا حافظ صاحب کا انتقال بمقام امروہہ ۲۹ رجب [illegible]ھ کو ہوا۔ نواب
نجیب الدولہ اور راجہ ٹکیت راے نائب نواب آصف الدولہ انکے خاص معتقد تھے مگر کوئی
نفع دنیوی حاصل نہین کیا۔ ۔

حافظ ایزد بخش ابن علیم بخش حنفی المذہب حافظ عالم متقی پرہیزگار تھے ۶۔ ربیع الاول
۱۲۳۵ھ کو انتقال کیا اور بمقام امروہہ دفن ہوے۔ ۔

امانت علی ابن حافظ ایزد بخش حنفی المذہب طبیب عالم متقی خوبصورت و جیہہ پہلوان تھے
مشہور ہے کہ دو من کی نعل وہ بلا تکلف نکال دیتے تھے اولاد دار وغہ پرمٹ تلا نتیا

کوتوال شاملی و مظفر نگر تا لنگاً تحصیلدار کرنال رہے ستائیسوین محرم سنہ ۱۲۴۳ھ مقام کرنال انتقال کیا ایک بیٹی انکے تھی ۔

ذکر مسماۃ سرفراز النساء

مسماۃ سرفراز النساء امامیہ بنت امانت علی انکی شادی جناب والد ماجد حکیم محمد امجد علیخان صاحب مدظلہ العالی کے ساتھ ہوئی تھی یہ مسماۃ ادائے واجبات وسنن وتلاوت کلام اللہ و اعتقاد راسخہ ائمۂ اطہار و اطاعت اپنے شوہر مین منتخب زمانہ تھین چھبیس ۲۶ برس کی عمر مین بتاریخ ۲۸ ۔ ماہ ذیقعدہ سنہ ۱۲۷۲ھ بمقام امروہہ انتقال کیا انکے بطن سے کوئی اولاد نہین ہی بوقت احتضار حواس انکے صحیح و درست تھے ۔ سورہ یٰسین و شہادتین و دیگر ادعیہ اپنی زبان سے بفصاحت تمام پڑھ کر انتقال کیا مرنے سے تھوڑی دیر پہلے جناب حکیم نیاز علی خان صاحب قبلہ نے دریافت کیا کہ طبیعت کیسی ہی جواب دیا دنیا کے چھوڑنے کا بہت کم زمانہ باقی ہی لیکن جناب والدہ صاحب سے اسکا ذکر نکرو انکو صدمہ ہوگا چنانچہ بعد انتقال اپنے مکان موروثی مین جو محلہ قاضی زادہ مین محلات امروہہ واقع ہے دفن ہوئین اور اس جگہ ایک مسجد اور ایک امام باڑہ عالیشان تعمیر کیا گیا ۔ متولی اسکے جناب مستطاب حکیم نیاز علی خانصاحب قبلہ مدظلہ العالی ہین ۔ یہ مسجد اور امام باڑہ فروش شیشہ آلات جھاڑ فانوس سے مزین ومرتب رہتا ہے ۔ ایام عشرۂ محرم اور دیگر ایام متبرکہ مین مجالس عزا جناب خامس آل عبا علیہ التحیۃ والثنا کی منعقد ہوتی ہین اور شیرینی تقسیم ہوتی ہے ۔ حافظ سید منظور حسین صاحب امامیہ کا تعلق اس امام باڑہ سے تا حیات انکی رہا دو تین گھنٹے قریب قبر بیٹھکر ایک منزل کلام اللہ ہر روز پڑھتے تھے ۔ اور فی الحال حافظ محمود خان امامیہ کا تعلق ہے جو جائیداد انکی والدہ صاحبہ اور جناب والدی ماجدی مدظلہ العالی نے

واسطے صرف مسجد و امام باڑہ موصوفہ وقف کی ہے اُن دونون وقف نامون کی نقل ذیل میں

درج ہے ۔ ÷ | **نقل وقف نامہ**

کاغذ اسٹام ہفدہ روپیہ

منکہ مسماۃ ملک النسا بنت حکیم رضی الدین خان زوجہ شیخ امانت علی ساکنہ قصبہ امروہہ ضلع مراد آباد متعلقہ ہائی کورٹ الہ آباد کی ہون ۔ ÷

جو مجھہ مقرہ نے ایک قطعہ دستاویز وقفنامہ جائداد مفصلۂ ذیل کا تاریخ ۲ جمادی الاول کو بنام حکیم نیاز علی خان صاحب متولی بر کاغذ سادہ لکھوا کر اور العبد اپنے اور بمواہیر و گواہی دیگران سے مرتب کرا دیا تھا الحال بر کاغذ اسٹامپ حسب قاعدہ عدالت تحریر کرا کر بحالت صحت نفس و ثبات عقل اپنی کے اقرار کرتی ہون اور لکھے دیتی ہون کہ ایک مکان امام باڑہ در وکہنہ شمالرویہ اور ایک مکان زنانہ متصل امام باڑہ مذکور جانب مشرق مشتمل عمارت یک دالان و بیچ آن کہپریل جنوبرویہ و دو کوٹھری و یک چوکھٹی شمالرویہ و تہ خانہ و پاخانہ جملہ مکانات تعمیر از خشت پختہ مسقف بچوب و لکڑی و چھات و چھاوت و چوکھٹ و کواڑ مع ہر دو دروازہ جداگانہ و دیوار احاطہ و اراضی تحت مکانات و صحن و راہ و آبچکس مع جملہ لوازم و سامان تیار کردہ مقرہ واقع محلہ قاضی زادگان منجملات امروہہ اور موازی تین بسوہ سات بسوانسی معافی مع زمینداری منجملہ چھہ بسوہ چودہ بسوانسی پٹی علحدہ از جملہ دروبست بیست بسوہ معافی زمینداری موضع ہٹوہ اور دس بسوہ معافی مع زمینداری منجملہ بیست بسوہ معافی مع زمینداری چک ہٹوہ پرگنہ امروہہ مذکور جملہ جائداد محدودہ مفصلۂ ذیل بالیتی تین ہزار پانسو روپیہ کو قربۃً الی اللہ دوام کو واسطے تعزیہ داری و

صرف تعزیہ داری حضرت امام حسین علیہ السلام کے وقف کر کے مسمی نیاز علی خانصاحب ولد نثار علی خان صاحب مذکور ساکن امروہہ کو مکانات و جائداد مذکور کا متولی مقرر کر کے قائم مقام ذات اپنی کا کیا چاہیے کہ متولی مذکور امام باڑہ مذکور میں حسب دستور مقررہ حال کے تعزیہ داری مردانہ اور حویلی مذکور میں تعزیہ داری زنانہ و مہمانداری کرتا رہے اور موافق اپنی رائے کی آمدنی بسوات و بسوانسیہای مذکورۂ بالا کو مراسم تعزیہ داری و مجالس و تیاری فرش وغیرہ میں صرف کرے اور متولی مذکور کو کلیۃً اختیار حاصل ہے کہ اپنی طرف سے جسکو اس کام کی لائق دیکھے اور جانے اپنی حیات میں متولی جائداد مذکور کا کر کے قائم مقام ذات اپنی کا کرے ورنہ بعد متولی مذکور کے اولاد بزرگ ذکور متولی مذکور کی نسلاً بعد نسل متولی رہیں مگر مذہب اثنا عشری ہونا متولی کا مشروط ہے کسی زمانہ میں کسی متولی کو نسبت جائداد مذکور کے اختیار بیع و شرا و رہن جائداد موقوفہ مذکور کا حاصل نہوگا اور محرر بہ مقرہ کو بعد تحریر وقف نامہ استحقاق تملیک جائداد و تبنیخ دستاویز ہذا و تحریر وقف نامہ بنام شخص دیگر کے نہیں اسواسطے یہ چند کلمہ دستاویز وقفنامہ تملیک نامہ لکھدیے کہ سند ہوں اور کام آویں۔

حدود اربع امام باڑہ مردانہ

شرقی	غربی	جنوبی	شمالی
حویلی خورد یعنی امام باڑہ زنانہ	حویلی سید محمد مد چبوترہ شاہ ولایت	حویلی سید محمد مدد مذکورہ	کوچہ نافذہ

حدود اربع حویلی خورد یعنی امام باڑہ زنانہ

شرقی	غربی	جنوبی	شمالی
حویلی سید علی حیدر وکوچہ۔	امام باڑہ کلاں	حویلی سید علی حیدر وسید داد علی	کوچہ نافذہ مذکور۔

حدود اربع موضع ہٹوہ

شرقی	غربی	جنوبی	شمالی
موضع سیتلی ٹکیہ	موضع ہریانہ	موضع عسکری پور د	موضع سیونالی۔ امیر پور۔

حدود اربعہ موضع چک ہٹوہ

شرقی	غربی	جنوبی	شمالی
موضع ہٹوہ	موضع ہٹوہ	موضع ہٹوہ	موضع ہٹوہ

تحریر بتاریخ انیسوین مارچ سنہ ۶۴ء دستاویز ہذا بمقام امروہہ مین لکھی گئی۔

العبد

ملک النساء بقلم

صادق علیخان

شہد بمافیہ

السید محمد عسکری

گواہ شد

شیخ ملہو

گواہ شد

شیخ شمشاد علی

گواہ شد

شیخ داد علی

گواہ شد

امجد علی خان بقلم خود

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ عبدہ علی بن محمد

محمد جواد نقوی

احمد الدین

فدای حسین احمد احمد الدین

نوازش علی

گواہ شد

سید سجاد علی مرثیہ خوان۔

حسین علی ولد سید حمید علی

میر صفدر حسین

یا مرتضی علی

گواہ شد

سید شبیر علی کاتب

صادق علی خان

سید محمد مہدی حسین حسینی

اصغر حسین نقوی

نقل وقف نامۂ دیگر

مینکہ حکیم امجد علی خان ولد حکیم ابو علی خان مرحوم معافیدار ساکن قصبہ امروہہ ضلع مرادآباد کا ہون +

جو موازی دو بسوہ دس بسوانسی معافی مع زمینداری منجملہ پٹی دس بسوہ مع حصۂ باغ ثمر درختی انبہ واقع موضع بادنپور محدودۂ ذیل پرگنہ حسن پور حقیت مملوکہ مقبوضہ موروثی ممقر کی ہے اب مجہ مقر نے برضا و رغبت اپنی حقیت مذکورہ کو واسطے صرف امام بارہ و مسجد محدودۂ ذیل واقع امروہہ محلہ کوچہ قاضی زادہ کی وقف کرکے حکیم نیاز علی خان ولد حکیم نثار علی خان ساکن قصبہ امروہہ مذکور ہمیشہ معافیداری کو متولی اسکا مقرر کیا متولی مذکور اور انکے قائم مقامون کو چاہیے کہ آمدنی حقیت موقوفہ مذکورہ کی ہمیشہ صرف مجالس جناب خامس آل عبا علیہ التحیۃ والثنا اور صرف ضروری مسجد و دیگر امور خیر متعلقہ امام بارہ و مسجد موصوفہ مین باختیار خود کرتے رہین اور ثواب اس وقف کا مقر نے بطور ہدیہ ارواح طیبہ مسماتان ملک النسا زوجہ شیخ امانت علی و سرفراز النسا زوجہ اولی اپنی کو بخش دیا کہ اس کار خیر سے عند اللہ انکے ثواب ماجور ہوتی رہین اور متولی مذکور کو اختیار ہے کہ اپنی اولاد یا اپنے خاندان مین جسکو لائق اس کام کی جانین اسکو اپنی طرف سے متولی اس جائداد کا مقرر کر دین مگر مذہب اثنا عشری ہونا ہر متولی کا ہر وقت مین مشروط ہے اور جو متولی کسی وقت مین اور جو متولی کی اولاد کسی وقت مین خلاف مذہب ہو جاوے تو میری اولاد اور جملہ مومنین امروہہ کو اختیار ہوگا کہ باستعانت عدالت کسی اور شخص کو اپنے خاندان مین سے جو مذہب اثنا عشری ہو متولی مقرر کر دین اور ہمیشہ ہر ایک متولی کو درباب تقرری متولی بطور مذکورہ بالا اختیار ہوگا

کر بپابندی شرائط مذکورۂ بالا مقرر کرے اور اگر کوئی متولی بلا تقرر متولی مابعد اپنے کے فوت ہو جاوے تو اسکی جگہ پر اولاد اکبر متولی متوفی کی بشرط موجود ہونے صفات مذکورۂ بالا کے اور درصورت نہونے اولاد کے کوئی شخص لائق بشرط ہونے صفت مذکورہ کے ورثا اسکے مین سے متولی ہوا کریگا اسواسطے یہ وقف نامہ لکھدیا کہ سند ہو اور کام آوے ۔

حدود اربع موضع باونپورہ +

شرقی	غربی	جنوبی	شمالی
موضع ملکٹہ وہیٹپور	موضع بالسلی و	کیتھرکی وبعض کلٹہ	پچدیولا وبہٹ پورہ

بلدانہ +

حدود اربع امام باڑہ ومسجد موصوفہ

شرقی	غربی	جنوبی	شمالی
حویلی سید علی حیدر وراہ قدیم امام باڑہ	چبوترہ سید شرف الدین صاحب عرف شاہ ولایت	بجد حویلی سید محمد مہدی	کوچہ تا فندہ پیش دروازہ کلان امام باڑہ موصوفہ ۔

موصوفہ ۔

المرقوم یکم ماہ مارچ ۱۸۷۶ء یہ وقف نامہ بمقام امروہہ بقلم محمد صادق حسین ولد سید غلام حسین ساکن امروہہ تحریر یافت +

العبد	گواہ شد	گواہ شد	شہد بما فیہ
امجد علیخان تحصیلدار امتھرا ساکن امروہہ بقلم خود	مرزا واحد علی بیگ ساکن شہر بقلم خود	سید نیاز علی ساکن محلہ مجاپوتہ ۔	السید محمد حسن بقلم خود ۔

مہر امجد علیخان　سید مہدی حسین حسینی　صادق علیخان　غضنفر حسین

گواہ شد محمد صادق حسین کاتب وقف نامہ ہذا بقلم محمد ماجد حسین ۔ +

بعد انتقال جناب مرحومہ حضرت والد ماجد مد ظلہ العالی نے دوسری شادی سماۃ نیاز النسا دختر شیخ محمد حسن صاحب میں بریلی سے کی جسکے بطن سے ہم دو بہائی اور دو بہنیں ماشاء اللہ موجود ہیں اور جناب والدہ صاحبہ بہی کوئی دقیقہ اطاعت و فرمانبرداری میں حضرت قبلہ گاہ صاحب کے فروگذاشت نہیں کرتیں ۔ مگر جسوقت صدمہ تصور جناب مرحومہ حضرت والدی ماجدی مد ظلہ العالی کو ہوتا ہے بے اختیار آنسو انکہوں میں بہر آتے ہیں

شیخ حسن ابن شیخ سلطان شیخ اسمعیل ابن شیخ حسن شیخ ابراہیم ابن شیخ اسمعیل
شیخ رحیم بخش ابن شیخ ابراہیم ان بزرگوں کا حال مفصل دریافت نہیں ہے ۔ + ذکر شیخ رحیم بخش +

خدا بخش ابن رحیم بخش امامیہ فارسی میں کامل اور فارسی کے ناظم و ناثر تہے عربی کی ضروری استعداد حاصل تہی بمقام لکہنو انتقال فرمایا ۔ + ذکر خدا بخش +

شیخ علی بخش ابن خدا بخش امامیہ نہایت وجیہہ اور خوبصورت اور ذی استعداد معاملہ فہم تہے انکی شادی دختر شیخ اکرام الدین خان صاحب سے ہوئی تہی جب ملک روہیلکھنڈ مفوض بسرکار کمپنی انگریز بہادر ہوا اور شیخ اکرام الدین خان لکہنو کو واپس گئے تو صاحبان انگریز بہادر نے انکو کاشی پور و ٹہاکر دوارہ کا تحصیلدار دہک مقرر کیا دو برس تک تحصیلدار رہکر ہی پہر نوکری چہوڑ کر لکہنو چلے گئے وہاں زمانہ نواب سعادت علی خان و غازی الدین حیدر بادشاہ میں چکلہ داری محمدی وغیرہ کے رہے اور ۱۶ جمادی الثانی سنہ ۱۲۵۰ھ کو بمقام لکہنو انتقال کیا انکے تین بیٹے عنایت علی عرف امام بخش محمد علی قاسم علی اور ایک بیٹی تہی جنکی شادی حکیم ابو علی خان صاحب مرحوم کے ساتہہ ہوئی تہی جناب حکیم امجد علی خان صاحب والد ماجد مد ظلہ العالی انکے بیٹے ہیں ۔ + ذکر شیخ علی بخش +

ذکر امام بخش - ذکر حکیم بندہ حسن صاحب -

امام بخش ابن علی بخش امامیہ خوبصورت ذکی متقی پرہیزگار نے بتاریخ ۲۳ محرم سنہ ۱۲۹۶ ہجری اسی برس کی عمر مین بمقام لکھنو انتقال کیا اور نال کٹورے کی کربلا مین دفن ہوے - +

حکیم بندہ حسن ابن شیخ عنایت علی عرف شیخ امام بخش امامیہ خوبصورت کشیدہ قامت رنگ سرخ و سفید فاضل فارغ التحصیل جامع معقول و منقول طبیب کامل علوم مین شاگرد اپنے ماموں حقیقی مولانا مولوی تراب علی صاحب مرحوم کے تھے اور حصول علم طب و مطب حکیم عبداللہ عرف حکیم الو صاحب شاگرد رشید حکیم مرزا محمد علی صاحب مرحوم سے کیا اور سرکار عالی جاہ چودہری حشمت علی صاحب بہادر تعلقہ دار و آنریری مجسٹریٹ و رئیس سندیلہ ضلع ہردوئی ملک اودہ مین معزز و محترم بعہدہ طبابت مدت دراز تک ملازم رہے اور تمام امرا و غربا کو انکی ذات سے فیض تہا خاص اہالیان سندیلہ و اطراف و جوانب کے مریض بکثرت آتے تھے اور شفا پاکر شادان و فرحان چلے جاتے تھے - اکثر اوقات خود سرکار موصوف اورنگ آباد و خیرآباد و ملیح آباد و کاکوری وغیرہ بغرض علاج و معالجہ بہیجتے تھے مطلب بہت وسیع تہا دست شفا خدا نے ایسا عطا کیا تہا کہ مریض روبرو آیا گویا کہ صحت ہوئی - +

ایک مرتبہ بمقام سندیلہ خاص مرض ہیضہ بکثرت ہوا تمام رؤسا و امراے سندیلہ پریشان ہوکر لکھنؤ و کانپور و دیہات وغیرہ چلے گئے یہان تک کہ از جانب سرکار منادی ہوئی کہ قصبہ کو خالی کردو مگر حکیم صاحب موصوف نے حالت مرض مین غربائے سندیلہ کو چھوڑنا پسند نہ کیا اور جو مریض آتا تہا وقت و بیوقت اپنا عصاے پیری لیکر بدون کسی اپنے ملازم کے اسکے ہمراہ جاکر خوب کوشش و محنت سے دوا و علاج کرتے تھے منکسر المزاج حد سے زیادہ تھے خلیق - حلیم - خوش مزاج - خوش لباس - ظریف بیحد تھے مہمان نوازی غربا پروری بہی طریقہ انکا تہا - مروت سخاوت بہی کمال درجہ تہی طمع کی طرف تک انکے پاس نہین تہی اور بہت عابد و زاہد متقی ابرار تھے - قرآن مجید روزمرہ تلاوت فرماتے تھے فرقان قرآن حمید ایسا یاد تہا کہ اکثر اوقات حافظون کو حالت تراویح مین ٹوک دیا کرتے تھے - اسماے شاگردان جناب موصوف ذیل مین درج ہے - +

اسماے شاگردان جناب موصوف

حکیم امداد حسن ولد حکیم بندہ حسن صاحب مرحوم - حکیم عاشق حسن ولد حکیم بندہ حسن صاحب مرحوم - چودہری محمد عظیم صاحب تعلقہ دار سندیلہ - حکیم سید جاوید علی صاحب شاگرد رشید ہادی حسن سندیلوی - عاشق علی سندیلوی - چودہری محمد جان - چودہری علی جان - شیخ لیاقت حسین - + بتاریخ ۵ ماہ ذیقعدہ سنہ ۱۳۲۳ ہجری بمقام لکھنو پیدا ہوے ...

مفصلہ ذیل انکی تصنیف ہیں - حاشیہ اقصرائی - یہ حاشیہ بزبان عربی نہایت عمدہ ہے -
حل مطالب اقصرائی کے واسطے کافی - سلطانی مطبع مین جو اقصرائی چھپی ہے حاشیہ مذکور کے
اکثر حاشیے بحوالہ نام نامی جناب موصوف اسمین ثبت ہین - کتاب جامع المفردات علم طب کی
مطبع حسنی لکھنؤ مین سنہ ۱۲۹۶ ہجری چھاپہ ہو گئی ہے - بمقام کانپور بعمر ۷۲ سال انتقال کیا
۲۷ - ماہ ربیع الاول سنہ ۱۳۰۵ ہجری کربلای محلہ نواب گنج واقعہ کانپور مین دفن ہوے ہین انکے
دو بیٹے ایک حکیم امداد حسن - دوسرے حکیم عاشق حسن ہین - +

حکیم امداد حسن امامیہ ابن حکیم بندہ حسن جوان فہمیدہ ذکی الطبع طبیب اپنے پدر بزرگوار کے شاگرد بتاریخ
یکم ماہ ذلیقعد سنہ ۱۲۶۲ ہجری بمقام لکھنؤ پیدا ہوئے امروہہ مین مطب کرتے ہین انکی تصنیف رسالہ مقاصد حکمیہ
ومطالب طبیہ ہین جو مطبع علوی لکھنؤ مین سنہ ۱۲۸۹ھ مین طبع ہوا - انکے تین بیٹے ایک ناظر الحسن دوسرے
حمید الحسن تیسرے لئیق حسن ہین - +

حکیم عاشق حسن امامیہ ابن حکیم بندہ حسن بتاریخ ۵ - ماہ ربیع الثانی سنہ ۱۲۷۱ھ بمقام لکھنؤ پیدا ہوے سلیم الطبع
عابد فارسی خوان ہین بمقام کول علیگڈہ عدالت صاحب جج بہادر مین اب محافظ دفتر ہشتاہ روپیہ پیش
ماہوار کے ہین انکی تصنیف رسالہ نتایج حسینہ و مسائل حکمیہ ہے جو مطبع علوی لکھنؤ مین سنہ ۱۲۸۹ھ طبع ہوا
انکے دو بیٹے ایک حبیب حسن دوسرے حسیب حسن ہین - +

محمد علی ابن علی بخش امامیہ خوبصورت متقی پرہیزگار سخی تھے بمقام لکھنؤ پیدا ہوے - انکی سخاوت کا ایسا
مرتبہ بلند تھا اکثر اوقات پانچ پانچ سو روپیہ ایک ایک آدمی کو ایک ایک مرتبہ امر خیر مین دیا تاریخ ۲۸ -
ماہ جمادی الثانی سنہ ۱۲۸۶ھ بمقام لکھنؤ بعمر پچہتر سال انتقال کیا اور تال کٹورے کی کربلا مین دفن
ہوے جسمین قریب نصف کی حصہ انکے ورثا کا ہے - انکے ایک بیٹی تہین جنکی شادی حکیم
مشتاق علی خانصاحب مرحوم سے ہوئی تہی چند دہات جناب موصوف نے واسطے امور خیر کے
وقف کئے چنانچہ نقل وقف نامہ یہ ہے - +

[illegible]

نقل وصیت نامہ وقفی نسبت دیہات رام پور وغیرہ پرگنہ رسول آباد ضلع کانپور نوشتہ شیخ محمد علی صاحب مرحوم +

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بر روسا عالی مقام و امراے ذو الاحترام خصوصا حاکمان وقت مخفی و محتجب نماند کہ مواضع مفصلہ الذیل
بہمرسانیدہ ذات خاص من است و عندالبیع بہاے انہا بلا مبالغہ از قیمت من خریدہ زیادہ تر متصور
و ممکن و بلکہ المضاعف - +
تفصیل دیہات واقع ضلع کانپور -

دیہات واقعہ پرگنہ ہوگئی پور سع اصلی و داخلی و خارجی - حصے

گوپال پور	اکبر نگر	مداری پور	امرودہا
پورہرا	دولت پور	چاندا پور	معافی ہکارم علی واقعہ چاندا پور -
حصے سید احمد رضا و سید محمد رضا چہبیس سہم واقعہ چاندا پور -			

دیہات واقعہ پرگنہ رسول آباد معہ اصلی و داخلی و خارجی۔ صہ م

چوبہتری پیتر بار	رام پور پٹہ بان	حافظ پور عرف گوکہروا	تار خاص

دیہہ واقعہ پرگنہ اکبر پور عن موضع فرید پور معہ اصلی و داخلی و خارجی۔ یکم م

ازین دیہات چہار قریہ موضع رام پور و تار خاص و چتری پیتر بار و حافظ پور عرف گوکہروا معہ اصلی و داخلی حسبۃ للہ براے اخراجات سادات و مومنین و قرانخوانان و مجالس عزای حضرت خامس آل عبا علیہ التحیۃ و الثنا وقف کردم و منتظم و متصرف آنہا جناب ممتاز العلما سید محمد تقی صاحب بالالقابہ راساختم و وصیت نامہ معہ بند تفصیل مصارف ہم بجناب معز الیہ تفویض نمودم و یک موضع چاندا پور معہ معافی سید احمد رضا و سید محمد رضا علاقہ پرگنہ بھوگنی پور بنا بر مصارف الخانہ جعفر علی مرحوم اولاد اکبرم تا بحین حیات او و دران دیگر مصارف و الٰہی ہم شامل اند و بعد او منافع ہمہ موضع بنا بر مصارف عزای خواہد شد و بعد مرگ او ازان ہم آنچہ براے او مقرر است در صرف سادات مومنین شامل کردہ خواہد شد کہ در وصیت نامہ علحدہ نوشتہ دادہ ام ازان واضح خواہد شد کہ کدام مصرف دران نوشتہ ام ہر کسی کہ در رز مرقوم خیانت پذیرد گنہگار خدا و رسول و روسیاہ عقبی گردد و سوای پنج موضع ہگین بہ مسبوق الذکر و باتعلق بگنیز کنیز فاطمہ دختر حقیقی خودم کہ سواے آن وارثے و مستحق دیگر ندارم سپردم و بخشیدم و کیفیت و کمیت منافع و محاصل مو اضعات در وصیت نامہ دختر مذکورہ مصرح و موضح خواہم نگاشت و این مکانات نیز از ملکیت ذات خاص خود میدارم فقط

تفصیل مکانات

لو قطعہ

مکان پختہ دولت والہ کہ خام از دولت خریدہ بودم ۔	یک قطعہ
مکان آبائی کہ خام بود آنرا پختہ کردم و قیمت حصص بشرکایان دادم ۔	یک قطعہ
چہار قطعہ خرید مکان از مرزا حسن علی بیگ دستار بند یکی محلسرا و دوی دیوانخانہ اندرون پھاٹک و دو قطعہ مکان واقع منڈوی نخاسی کہ یکی از یکی ملحق است و خام بود آنرا پختہ کراندہ ام ۔	چہار قطعہ
دو قطعہ مکان کہ یکی بنام انار والہ و دوم ملحق از آن کہ بیرون پھاٹک و مقابل مکان نواب مرزائی صاحب مرحوم اند ۔	دو قطعہ
قطعہ مکان خام نو تعمیر متصل مکان ڈھنڈھورپا ۔	یک قطعہ

کہ تکملہ قطعہ مکان شدند از ان دو قطعہ مکان یکی انار والہ کہ خرید از جناب خواجہ حسین خان صاحب و دوی کہ ملحق از انست این ہر دو مکان را برای قیام سادات و مومنین تعلق جناب ممتاز العلما سید محمد تقی صاحب قبلہ نمودم و اختیار میدارند کہ خواہ کسی دران فرو کش کنانند و خواہ کرایہ آن بسادات و مومنین بدہند از ان مکانات مذکورہ مارا و وارثان مارا ہیچ سروکار نماندہ و باقی مکانات را مالک نو حسینی ام مگر بنوعیکہ در وصیت نامہ خواہم نوشت مطابق آن عمل سازند و اختیار دارد کہ عمل کند یا نکند فقط

العبد

مہر
محمد علی

نقل وصیت نامہ مصدقہ رجسٹری +

الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ علی رسولہ محمد وآلہ الطاہرین بندہ شیخ محمد علی ابن شیخ علی بخش ساکن لکھنؤ در صحت نفس و ثبات عقل راقم این سطور ام کہ چہار قریہ موسومہ ذیل

کہ تفصیل حدود اربعہ آنہا اینست بطرز وصیت کہ تعمیل شرائط ہذا بعد وفات من بذمہ وصی عاید خواہد بود فقط

حدود اربعہ ہر چہار قریہ وصیتی پرگنہ رسول آباد ضلع کانپور معہ اصلی داخلی خارجی —

لعہ موضع

رام پور پٹھان پرگنہ رسول آباد — یکم

شرقی: ملحق سوانہ موضع کسورا پرگنہ رسول آباد —
غربی: ملصق سوانہ جگدیس پور پرگنہ ایضاً —
جنوبی: متصل سوانہ موضع کسورا پرگنہ ایضاً —
شمالی: ملزق سوانہ موضع سکرسی پرگنہ ایضاً —

حافظ پور پرگنہ رسول آباد — یکم

شرقی: ملحق موضع بہارامو پرگنہ رسول آباد —
غربی: ملصق ضلع اٹاوہ پرگنہ ایضاً —
جنوبی: متصل موضع رامپور مزرعہ بہارامو پرگنہ ایضاً —
شمالی: ملصق کہیڑہ پرگنہ ایضاً —

پتری پتر ہار پرگنہ رسول آباد — یکم

شرقی: ملحق موضع جگدیس پور بہبٹسرا و نار خاص پرگنہ ایضاً —
غربی: متصل موضع پردہانپور پرگنہ ایضاً —
جنوبی: ملصق موضع کسوا دپردہانپور پرگنہ ایضاً —
شمالی: ملزق موضع ہرسنگہ پور و نار خورد

نار خاص پرگنہ رسول آباد — یکم

شرقی: ملحق بہبٹسرا و بہون پور پرگنہ ایضاً
غربی: ملصق نار خورد پرگنہ ایضاً —
جنوبی: ملحق موضع جگدیس پور و پتری پتر ہار —
شمالی: ملزق ہرسنگہ پور و نار خورد و موضع سرسولی —

و حال حاصل نکاسی خام ہمہ وجوہ ہشت ہزار ہیجدہ روپیہ نیم آنہ یاد بالا بانیطور است کہ در صورت کشتکاری و پیداواری اجناس شالی مداخل آنہا زیادہ و در صورت عدم پیداواری اجناس سابق الذکر محاصل آنہا کم بظہور می آید و بعد دادن جمع ارا

... صد و هشتاد و دو روپیه نیم آنه کر ازان ... هزار و پنجصد و هشتاد و چهار روپیه دو آنه مالگذاری سرکار عالی و بدین تفریح -

رام پور معه شرکت بهرکاره	حافظ پور معه شرکت بهرکاره	پتری پترهار معه شرکت بهرکاره	نارخاص معه شرکت بهرکاره
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
	۲	۱۵	۱

و چهار صد و نود و هفت روپیه چهارده نیم آنه خرچ دیهی و تنخواه ملازمان است منافع آن مبلغ ... هزار و سیصد و سی و شش روپیه و نه آنه پاؤ بالا باقی میباشد بصیغهٔ زمینداری مملوکه و مقبوضه حاصل کرده ذات خود بلا شرکت غیری و بی مساهمت احدی الی الآن بقبض و تصرف مالکانه خود میدارم الحال برضا و رغبت خود بلا اکراه و اجبار قریات مذکوره اصلی معه داخلی و معافی جزیه و سائر حقوق و مرافق داخلیه و خارجیه معه جنگل و بنکر و اشجار مثمره و غیر مثمره من کل قلیل و کثیر اسیحو فیها و منها والیها و علیها معه بقایای سنوات و تقاوی و آنچه غله بقابت ... و آلات کشتکاری سیر و کتراه وغیره و پختن قند سیاه معه مکانات و آنچه تحویل باقی هرچه در دست همه او دست برای مصارف و بهه مفصلهٔ الذیل بقصد رضای الهی و حصول خیر و ثواب نامتناهی وقف کردم وقفا مؤبدا صحیحا شرعیا جایزا نافذا غیر مشروط و لا متعلق بس مجمعا لجمیع لوازم الصحة عاریا عن کل ضوابط الفساد و البطلان و موقوفات مذکوره را از ملک خود اخراج کردم و جناب مستطاب مجتهد العصر ممتاز العلما سید محمد تقی صاحب خلف الرشید مولانا و مقتدانا المرحوم السعید حسین ابن علی الشهیر به سید میرن صاحب المخاطب بسید العلما اعلی الله مقامه فی علیین را قیم و ناظر متولی این موقوفه ساخته باقباض خود جناب ممدوح را بر عقارات موقوفه مذکوره قابض و متصرف گردانیدم و وعده لازم الوفا کردم که نام نامی آن عالیجناب بصیغهٔ تولیت بعد اخراج نام خود از خانهٔ ملکیت در دفتر کلکتری خواهم نویسانید

اگر از جانب من تأخیری رود بعد آن والاجناب اختیاری دارند که از رسید قبض و دخل خود مطابق
همین وثیقه درخواست کلکتری ضلع گذرانیده حکم ادخال نام خود باخراج نام من حاصل سازند
پس من واقف و وارثانم را هیچگونه استحقاق ملکیت در ادهاقات مذکوره باقی نمانده و جمیع اهل
آنهمه موقوفات و اطلاق منافع ابداً موبداً واجب و لازم گردانیده و برای من واقف اختیار
رجوع و برگشتن از آن باقی نمانده و بوجهی من الوجوه انتقال آن از رهن و بیع و هبه و تملیک
و توریث و اجاره استمراری و معرری و دوامی و مثنی و امثال آن گاهی نمی تواند شد غیر
مصارف وقفیه مذکوره ذیل اصلاً صرف منافع آن بمصارف دیگر جایز نخواهد بود و من بدله
بعد سمعه قایمه اسمه علی الدین میداونه و ضابطه نظر و تولیت چنان قرار داده ام که آن جانب
مادام الحیات که بفضله تعالی از عمر طبعی متجاوز باد به نفس النفیس متوجه این شغل خواهد بود خواه
هر کسی که خواهد سپرد اقدام او باین کار بهترین مصلحت خواهد بود و هکذا نسلاً بعد نسل مرعی و معمول خواهد
و در صورت مساوی از اولاد آنجناب بصفات مذکوره و اجازت نه دادن متولی سابق تعیین متولی
لاحق عمل بقرعه لازم خواهد بود و خداوند کریم بفضل عمیم خود وجود چنین اشخاص در آن سلسله پیوسته
تا قیام قائم آل محمد صلی الله علیه و آله باقی دارد و بر تقدیر فرض خلاف آن که انشاء الله من قبیل
فرض ممتنع است و نیز در صورت انکار چنین کس از تولیت نظر در حالت پیش آمدن محظورات
دیگر که بعد ازین مصرح میشود امر تولیت باقرب وارثان من واقف که شیعه اثنا
عشری باشند بناچاری رجوع خواهد کرد مثلاً بعد نسل بتقدیم الاقرب کالاقرب بشرایط
مذکور الذیل باقی خواهد بود و در صورت تساوی چندکس در قرابت منحصر ترجیح ارشد و در صورت
تساوی عمل بقرعه لازم خواهد آمد ولیکن کسی را قابل و متوجه حال خود نمی یابم الا برخوردار محمد علیخان
و میان سید حسن میخواهم که بکسی نهج بالا دمن و وارثان من رجوع نشود چرا که آغا علی خان

و فیما بین اتفاق ندارند که یکی از باعث دیگری غفلت خواهد کرد بس تقدیر بحالی تولیت متولی شرط‌ها
بچند شرط اول امانت در حفظ حدود و ترفیه سکنه و مزارعان و آبادی زمین و تکثیر زراعت
و افزایش محاصل چنانکه باید متوجه باشد و مرمت چاه‌ها و تالاب‌ها و اصلاح امور یکه لازم نظم
و نسق دیه باشد عند الضرورت بکمال کفایت اندیشی مرعی دارد و اخراجات دیهی آنچه فی الحال
مقرر است یا بزمان آینده مقرر شود از محاصل دیه هر وقت میداده باشند۔

دوم اینکه انتظام تحصیل و وصول بوجه شائسته بعمل آرد که رعایا زیربار سود به نشوند و بیباقی
در آخر سال گردد و خواه گماشته متدین و عمله معتبر بکفایت اخراجات تحصیلی مامور سازد و
خواه از روی مصلحت اندیشی به یکی از معتمدین بعد نویسانیدن بالضامنی معتبر ٹھیکه
چند ساله بمیعاد قلیل دهد بشرطیکه در حضر و در صورت خرچ تحصیلها توفیر ٹھیکه دار زیاده از
عشر کل محاصل قریات و میعاد زیاده از پنجسال نباشد و کمال احتیاط کند که بهیچ حال خللی در اصل
محاصل و منافع راه یافتن نتواند و در سر حد سوانح تخللی نیاید و از باعث تنگ گیری رعایا
ویران نشود۔

سیوم آنکه زر مالگذاری کلکٹری و جمله مطالبات سرکاری بر وقت معین بلا اهمال و
تاخیر ادا کرده باشد تا نوبت نیلام و بیع سلطانی و تبدیل بند و بست و امثال آن نرسد و
واجبست که چهار پنجهزار روپیه را از این منافع کاغذ نوٹ خریده نزد خود جمع دارد که
بر وقت ضرورت احتیاج یا افتادن آفت ارضی و سماوی بکار آید تا وقتیکه این قدر زر
از منافع مجتمع نشود امور خیر ملتوی ماند و سود آن نیز براه منافع دیه در صرف سادات
و مومنین آرند و بعد جمع کردن این حسب تفصیل ذیل تقسیم منافع نموده باشند که ولا خلاف
جائداد ضرور رود الا عزل متولی و نصب دیگری حسب مصرحه تحت لازم خواهد آمد۔

چهارم آنکه بعد از سائر اخراجات ضروریه به مصالح دیه‌ها واسطهٔ دین سرکاری هر چه باقیماند موافق تفصیل ذیل اطلاع و استشهاد مومنین صرف کرده حساب آن ماه بماه و سال بسال بخوبی درست سازد که هرگاه اخوان مومنین و خواه حکام عالی مقام خواسته باشند بلاتکلف ملاحظه توانند فرمود -

پنجم آنکه اولاد و احفاد من واقف اگرچه از ملکیت این قریات حظی و نصیبی ندارند لیکن بقصد تقرب الهی از روی وصیت خود مراقبت نگران احوال این عقارات موقوفه و متفحص حال متولی خواهند بود بشرطیکه متقی و پرهیزگار باشند پس هر سخنی که از روی مصلحت اندیشی در خصوص به متولی خواهند گفت و از مصالح این قریات هر چه از روی صواب نمائی بغایله نفسانیت ظاهر خواهند کرد شنیدن آن و سماع آن بشرط مناسب بودنش پذیرا فرمودن آن متولی لازم خواهد بود و همچنین هر دو سال که نقل حساب جمع واصلباقی و جمیع خرج سالانه همواره ماه بماه و سال بسال متولی با قرب وارثانم که رسیده باشند خواهد داد بشرطیکه فتور در خرج وغیره واقع شود و سبب بی انتظامی در دیه رود یا اگر کدامی امر سهواً یا عمداً خلاف قرارداد من واقف از جانب متولی بظهور رسد یا در ادای دین سرکاری فتوری رود و هر فرد واحد از اقرب وارثانم اختیار تعرض آن خواهند داشت و در حالت اصرار متولی بر چنین امور ناجایزه او را اختیار خواهد بود و یا بحکم شرعی یا برجوع حاکم وقت یا بهر سبیلیکه ممکن شود و موجب فتنه نباشد متولی را از تولیت خارج ساخته از دیگر وارثان متولی اول که لیاقت داشته باشند بتولیت قیام نماید و دین سرکاری ادا کرده جمله شرائط معهوده بجا آرد که غذ ماهانه و سالانه و دیگر وارثان که لئیق و عابد و زاهد باشد سیما امجد علیخان همشیره زادهٔ من و بند حسن که امامی اثنا عشری بتقدیم الاقرب فالاقرب میداده باشند بشرط آنزمان که در کسی امر مخلل واقع شود و اگر نه

رجوع کردن بآنها ضرورت نیست و از گفته کسی برای کسی تعرض نخواهد شد و قطعه مکان نجفه بیرون پهاتک که بنام آثار واله و مکان دیگر که ملحق از آن است و تعمیر کرده منقرانده و قطعه تعلق از جناب انداانها را بکرایه داده و زر کرایه بسادات و مومنین مرحمت فرموده باشند و بنا بر سکونت یکدامی کس عنایت نفرمایند که خراب منهدم خواهد شد پس در آن مکانات وارثانم را دخلی نیست ـ

ششم آنکه میان سراج الدین از عزیزان اند و از دست زمانه تنگ برای اوقات گذاری شان چهار ؀۴ روپیه ماهواری مقرر کرده میرسانیدم و آنجناب از الحال چهار ؀۴ روپیه ماهواری تا حین حیات شان مرحمت میفرموده باشند ـ

هفتم آنکه خدام والا برای صرف ملازمان ذاتی خود سه صد روپیه سالانه میگرفته باشند ـ

هشتم آنکه تا حین حیات غلام رضا خان صاحب که با بنده قرابت و محبت دارند مبلغ شصت روپیه سالانه که لایق شان نیست بدهند اگر در بنیره صد جناب ممدوح بر سر روزگار شوند احتیاج دادن نیست بعده این روپیه را نیز بسادات و مومنین تقسیم فرمایند ـ

۹
نهم آنکه مبلغ شصت روپیه سالانه بشیخ نجابت علی صاحب تا حین حیات و بعد قضای شان اینهم بسادات و مومنین ـ

دهم آنکه مبلغ سی و شش روپیه سالانه بمردم خانه میر خورد از قربان علی مرحوم که شهر قیام لکهنو تا حین حیات

۱۱
یازدهم آنکه مبلغ سی روپیه سالانه بسید علی رضا صاحب ساکن نصیرآباد تا حین حیات ـ

۱۲
دوازدهم آنکه مبلغ پنجاه روپیه سالانه بمردم خانه مرزا جان صاحب که سابق ملازم و کار زنده من بودند پسر شان علی محمد برادر او محمد جان شاه هستند از روز قیام روجه ندلوره در قصبه اجنیهی تا حین حیات بعد از این بسادات و مومنین تقسیم شود دیگر تخفیفات زندگی ضرور که وارثان شان مرده از زند ملمی نخند

سیزدهم آنکه مبلغ پانزده روپیه سالانه بزوجه سید نثار علی صاحب تا بزندگانی او بذریعه دختر بنده
مگر خویشان آن بسیار ضعیف اند که اینها را تمام عمر اینها نمیداند و سن شان از نود سال متجاوز
خواهد بود و بعد این دراهم بسادات و مومنین تقسیم فرمایند ـ

چهاردهم آنکه قرآنخوانان پانصد روپیه سالانه که تفصیل خواندن آن علحده نوشته خواهم داد درین
طول خواهد شد تا حسنات خواندن آن بارواح آنها که رقم خواهم رسد بخشند تفصیل پانصد روپیه سالانه
قرآنخوانان که مختصر عرض می نمایم بمد اول که نام جناب رسالتمآب است دو نفر قرآنخوانان بمشاهره
چهار چهار روپیه که سالانه شان نود و شش روپیه شد ثواب خواندن باسمهائے که در آن مد
هستند بخشند و در مد دوم که نام غفران مآب است یک قرآنخوان چهل و هفت روپیه سالانه و
ثواب خواندن بارواح اسمای زیرش و در مد سوم که اول نام شیخ علی بخش است دو نفر قرآنخوانان
نود و شش روپیه سالانه ثواب خواندن بارواح مرقومه زیر آن مد و در مد چهارم که بشروع نام محمد علی
است یک نفر قرآن خوان چهل و هشت روپیه سالانه ثواب آن خواندن بارواح اسمهای آن مد
و در مد پنجم که در آن نام محمد علی و شیخ قاسم علی برادر من حقیر است چهار نفر قرآن خوانان که منجمله آن
سه نفر بچهار چهار روپیه ماهواری و یکی میان نصیر الدین بمشاهره پنج روپیه که سالانه آنها دو صد چهار
روپیه گردید و درین حسنات برادرهم شریک شوند و خرچ جمله قرآنخوانان پانصد روپیه بدین نمط
گردید و هشت روپیه که باقی ماند آنرا اینا بر پارچه سرمائی و گرمائی میان نصیر الدین را عنایت
میفرموده باشند و حال طبیعت میان نصیر الدین از ابتدا اسمها واضح خواهد شد ملاحظه فرمودن آن
پر ضرور ـ

پانزدهم آنکه چهارصد روپیه سالانه برای مجالس ذات خاص و دیگر عزیزان قربانی که از تفصیل واضح
خواهد شد تفصیل چهارصد روپیه مختصر اینکه در مد اول که اسم جناب رسالتمآب معه دیگر اسمهائے

بیست و پنج روپیه بستهند در آن پنج روپیه را قربانی عید الضحی و بیست روپیه را طعام خواه شیرینی
آنچه مناسب باشد مجلس نموده تقسیم فرمایند و در مد دویم که شروع از نام غفران مآب است
چهار روپیه را قربانی عید الضحی و هشت روپیه را طعام خواه شیرینی مجلس و در مد سویم نام شیخ
علی بخش است هفت روپیه را قربانی و هیجده روپیه را مجلس تقسیم آن برابر حضور و در مد چهارم
نام محمد علی است سه روپیه را قربانی و هفت روپیه را طعام مجلس و در مد پنجم نام محمد علی و قاسم علی
برادر راقم این سطور است شش روپیه را قربانی عید الضحی و یکصد و هفده روپیه نیاز مجلس
سال که هندیان برسی و دیگر گویند تقسیم این همه برابر حضور است اگر بر قبرم جا باشد آنجا دگرنه
در امام باڑه غفران مآب و تقسیم این چنین باشد که اول طعام بخانه سادات و مومنین فرستاده شود
و بروز مجلس شربت تا که غوغای مردمان نشود و بروز تولد امام آخر الزمان پنج روپیه نزد دخترم
فرستاده دهند که نیاز کرده خواهد داد و برای مجلس عشره محرم تا چهلم دو صد روپیه تقسیم طعام
بهمین طور شود که اول بخانه سادات و مومنین فرستاده دهند اگر در مجلس تقسیم شربت گردد
و اگر بر قبرم جا باشد آنجا و الا نه در امام باڑه غفران مآب و خبرگیری و ذاکران از همین روپیه
کرده شود —

شانزدهم آنکه یکصد روپیه بجز خرچ بردو صحنچی در حالیکه راقم و برادر صاحب خدا نخواسته درین شهر
بمیرم و در صورت بودن قبرها درین شهر یک کس بدرماهه سه روپیه که روشنی هم کند و جاروب
هم دهد بر قبر بنده و برادر بنده و امام باڑه یعنی بجای ضریح مبارک و شمعهای برای روشنی
هر سه جا چهار روپیه ماهواری مقرر نموده دهند چونکه هر سه جا بدفعه واحد روشنی غیر ممکن باید
یک ماه صرف آن دیده همونقدر مقرر کرده دهند و یک روپیه هشت آنه درماهه سقه و یکروپیه
چهار آنه ماهواری جاروب و یکروپیه را پوری قسم شیرینی نیاز مجلس و پنجشنبه فی پنجشنبه جگاه آن

واگر کلامی خواسته بدست آید قبول مراد ورنه فاتحه دوازده امام وچهارده معصوم علیهم السلام نموده تقسیم کرده دهند - +

١٧ هفدهم آنکه مبلغ سی وشش روپیه سالانه بمیر بنده علی صاحب خوشنویس تاحین حیات بعده صرف مومنین - +

١٨ هیجدهم مبلغ یکصد وبست روپیه بمرزا آغای خان صاحب که محسن بنده ومحب اند تاحین حیات واگر فضل الهی بر سر روزگار عمده رسند آنوقت احتیاج دادن نمیدارد گواین قلیل لائق شان نیست واگر کارگذاران قریات دیا قریات دیگر قبول نخواهند کرد پانزده روپیه ماهواری از خرچه دیه خواهند یافت آن نوکری ماند خواه نماند ازین سالانه تعلق ندارد چرا که این براه حسنات دوامی است وآن پانزده روپیه بوجه نوکری وکاروبار دیهات چه حقیقت دارد ایشان انصرام چکله داری میکنند - +

١٩ نوزدهم مبلغ یکصد وبست روپیه سالانه بنابر صرف کنیزکان همشیره صاحبه معظمه من یعنی مردم خانه مرزا صفدر علی صاحب تاحین حیات میداده باشند - +

٢٠ بستم مبلغ نود وشش روپیه سالانه بشیخ رضا علی صاحب که عزیز من اند تاحین حیات شان عنایت فرمایند - +

٢١ بست ویکم مبلغ یکصد وبست روپیه سالانه به لاله دیبی پرشاد صاحب که قدیم رفیق من اند تاحین حیات ایشان عنایت فرمایند ولاله صاحب مسطور از حال دیهه سابقه وحال اطلاع وواقفکاری میدارند اگرچه ضعیف اند لیکن برآمد کار بسیار خواهد گردید چون مبلغ مذکور جمع کل منافع هفت هزار وششصد وسی وشش روپیه نه آنه پاو بالا اند دران مبلغ یکهزار وهشتصد وبست وهفت روپیه بوجه سالانه ها صرف شدند یکهزار وپانصد وچهل وپنج روپیه نه آنه پاو بالا باقیماند

صرف این برای امور دیگر بروقت باز آمدن که بحضور جناب مستطاب عرض خواهم کرد تفصیل آن
ملتوی نفرمایند و زر کمی و بیشی فوتی وغیره همراه این زر بقیه بمساکین و سادات و مومنین خرج
خواهد شد مطلب من اینست که این روپیه بکسانیکه در خودها استطاعت و مقدرت هیچگونه نداشته
و محتاج نان شبینه باشد و نیز در شادی دختران ناکتخدا و کفن و دفن سادات مومنین قلیل البضاعت
صرف بوده باشد و جناب والا حسب وعده من وقت پیش شدن شادی صبیه میان نصیر الدین تا آن
خوان پنجاه روپیه و پیش آمدن شادی دختر ثانی شان جناب سامی موافق تجویز خود خواه
صد روپیه خواه پانزده روپیه مرحمت باوشان خواهند ساخت زیاده ازین فرد نیست و مبلغ
صد روپیه برای شادی دختر علیمزاد اماد مرزا صفدر علی صاحب مرحوم عنایت خواهند فرمود
مبلغ یکهزار پانصد چهل پنج روپیه نه آنه پاؤ بالا که بعد تقسیم اسم واری باقی مانند و یک سال باعث
شادی دختران علیمزاد میان نصیر الدین کلی سه صد پنجاه روپیه خواهد افتاد و دو سال دیگر اینهمان
یکهزار هشتصد نود پنج روپیه نه آنه پاؤ بالا خواهند شد آنرا در صورتیکه از عنایات ایزد بسیار
بخش کدامی آفت ارضی و سماوی رو ندهد و حاکم هم اضافه نگیرد تقسیم آن بطرز تنخواه یا بطور دیگر
در سال دو بار و یکبار در خریف و یکبار در ربیع که منافع دو مرتبه خواهد آمد آنرا بسادات و مومنین
و در عشره محرم هر کس که استطاعت نداشته باشد آنرا بنا بر تعزیه داری شرعی برای شمع و شربت
حسب تجویز خود بدولت تقسیم نیز بابت عشره محرم و سیوم و شربت قند یا شکر عمده صرف مجالس
حضور آنچه خرج شود تقسیم فرمایند حتی الوسع سعی و کوشش بسیار مبلغ هفتصد روپیه سال که
کربلای معلی بنا بر زائران هندیان که بفقر و فاقه مبتلا باشند فرستاده باشند و یکدوست
بنده مسمی به حاجی حسین قندهاری که در نجف اشرف دوکان دست فروش نموده بودند حالا معلوم
نیست که دوکان میدارند یا نه برای من نالایق دعا میکنند و زیارت میخوانند و هرچه مرا میسر آید

برای شان میفرستادم از روزیکه جناب میر باقر صاحب قبله جنت آرامگاه شده‌اند و رفت
هندوی کربلا مسدود شده از آن روز باوشان هیچ نرسیده درین هفته ملا روپیه مبلغ پنجاه صد روپیه
سالانه بنا بر جناب حاجی صاحب ممدوح تا حین حیات ترسیل فرموده باشند و پته حاجی صاحب
اینست که سابق ملازم آغا محمد صاحب تاجر بوده‌اند و بعد فرستادن روپیه کربلا هرچه باقی ماند
حضور والا آن روپیه را بروقت امور شادی و کدخدایی سادات و مؤمنین که از گروه وارثان
اوشان هیچ صورت نه‌بندد و دران صورت قدری تعلیل موجب عقد شرعیه و در تجهیز و تکفین
سادات و مؤمنین و دیگر محتاج باشند و از گروه وارثان شان صورت دفن و کفن نشود برای حاجت
روائی سادات و مؤمنین که بفقر و فاقه مبتلا هستند مرحمت نموده تقسیم فرموده باشند و در آن
سال که خرچ شادیهای دختران مذکوره بالا سه صد پنجاه سالانه روپیه خرچ خواهد شد و در آن سال روپیه
کربلا معلی و تقسیم آنجا کمی خواهند فرمود لیکن مطلب فقیر اینست که آنجا جان برسد و جناب میرزا محمد علی
صاحب که بسیار محب و عنایت بر حال این فقیر میدارند و بالفعل در سرکار شاهی ملازم اند و قیام
کلکته میدارند اگر خدا نخواسته ترک روزگار نمایند تا زمان شدن روزگار جای دیگر یکصد روپیه ماهانه
سالانه کمی در مبلغان کربلا معلی و اینجا نموده بجناب ممدوح تا حین حیات مرحمت میفرموده باشند
دیگر عرض اینکه محسن علیخان مرد شرفا از دست عیال و اطفال پریشان حال مبلغ بیست چهار
روپیه سالانه تا حین حیات شان مرحمت فرموده باشند و انتظام دیهات مختصر عرض مینمایم
که خاطرداری گنیشی لال بسیار ضرور چراکه مرد هوشیار و لایق است و بالفعل محیط هم هست
که فقیر او را اختیار کلی داده بود و هر کارنده که مقرر فرمایند تا به آگاه شدن و محیط گردیدن بر
دیهات و رسم راه کردن از آسامیان از نامبرده موافقت ضرور بعد آنچه نظم و نسق خواهند
مضایقه ندارد و تنخواه پتواری حافظ پور هرچه هست او خواهد گرفت مگر تنخواه پتواری موضع

چتری چہار دموضع ناراز مقرری سرکار من او را کم میدادم جناب حکم خواهند کرد که آنچه تنخواه حسب
رجسٹر سرکاری است میگرفته باشند و لاله گنیشی لال شصت روپیه سالانه بموجب رجسٹر سرکاری
می یابند جناب از کار رندگری و خیرخواهی پنجاه روپیه سالانه دیگر مرحمت میفرموده باشند که او تمام
گذاری او بخوبی شود و آنچه در آن دیہہ باقی و تقاوی و تحویل باقی و غله لغایت سنه ۱۲۷۰ فصلی است
و آن وصول خواهد شد کاغذ یادداشت آن خریده نگاه دارند و خرچ که نوشته شده است از منافع
اسبت وسود کاغذ این مبلغان که خواهد آمد صرف آن در مجلس و قرآنخوانان بمد ذاتی من ایزاد
کم حسنات اینهم بارواح من و سیاه و برادر شیخ قاسم علی صاحب شود و چونکه محمد مرزا صاحب
ولد مرزا باقر علی صاحب دست بنده اند و بالفعل پیشه مختارگری میکنند و قصد زیارات عتبات عالیات
و از دست زمانه خیلی تنگ اند و چنین استطاعت ندارند که عیال و اطفال همراه ببرند لهذا
درانجا میگذارند سه روپیه درماهه بزوجه محمد مرزا صاحب مسماة لطیف النسا بنت کریم الله
تا مراجعت محمد مرزا صاحب از زیارات و اگر واپس آیند تا بحیات شان مرحمت میفرموده باشند
مگر فقیر یکپرچه فهمیم بجناب عصمت مآب موصوفه نوشته خواهد داد تا که دیگری فریب کرده نبرد
بموجب آن رقعه عنایت فرموده باشند فقط المرقوم سیوم ماه نومبر سنه ۱۸۶۳ع مطابق بستم
ماه جمادی الاول سنه ۱۲۸۰ هجری مطابق هشتم ماه کاتک سنه ۱۲۷۱ فصلی کاتک بدی اسمی سمت ۱۹
روز سه شنبه — العبد

مهر: محمد علی

گواه شد
آغای جان ولد مرزای جان
ساکن بنجاری ٹوله

گواه شد
مرزا احمد ولد یوسف علی
ساکن منصور نگر بقلم خود

گواه شد
شیخ رضا علی ولد شیخ
اچھن ساکن بنجاری ٹوله

گواه شد
میر تراب علی بقلم مرزا احمد ولد
میر محمد حسین ساکن ... ملازم
شیخ محمد علی

رجسٹری محکمه صدر رجسٹرار بهادر مصدقه ۷ نومبر سنه ۱۸۶۳ع

واضح باد که جمله برای قرآنخوانان پانصد روپیه اند که بعد تقسیم اسم وار هفتصد روپیه کم تا تیراد شود
این مبلغ را میان نصیر الدین برای پارچه سرای و گرمائی داده شود و نصیر الدین خود و همه
قرآنخوانان یکجای قرآن میخوانده باشند که هر روز همه بر قبرم مجتمع شده قرآن بخوانند و شب
نوبت نوبت بخانه باشند و اگر کدامی قرآن خوان از شش هفت سیاره روز کم خوانه یا حاضر نماند
موقوف کرده شود و هر روز مهلت اینها برای طعام خوردن یک پاس یا یک نیم پاس است این امر بجهه
قرآنخوانان فقط برای مجلس جمله چهار صد روپیه اند بعد تقسیم جمله اسماء مبلغ یکصد هفتده روپیه برای
مجالس برسی ابن محمد علی نوشته است و این تقسیم را منظور کردن باید که بروز برسی یا قبل از برسی طعام
پخته کنانیده یا حاضری یا شیرینی هر چیز که مناسب داشته تقسیم کنند باین طرز که بجا حاجتمندان برسد طریق
اینست که طعام خواه حاضری پخته بخانه هر یک فرستاده دهند و شربت هم در مجلس شود و بخانه آن
کسان که طعام خواهند فرستاد وقت مجلس گفته فرستند که تشریف آرند اگر چنین نخواهد شد مردم از
او باش طعام را غارت کرده خواهند گرفت بکسی فریق نخواهد رسید و شش روپیه را قربانی
ام کنانیده داده باشند و اگر قبر من مظهر در جنان جا داده شود و ممکن باشد از عشره محرم تا اربعین
همونجا مجلس کنانند و اگر جای نباشد اختیار دارند و دو صد روپیه در مجلس جناب سید الشهدا
از عشره محرم تا چهلم خرج نمایند اگر بر قبرم جا باشد در انجا ورنه اختیار جناب است هر جا که مناسب
باشد مجلس کرانده شود و چیزی خدمتگذاری ذاکران هم فرموده آید فقط

تفصیل قرآنخوانان و مجالس

مماه

مجالس	قرآنخوانان
اسماه	حاه

در مدرسهٔ اول که نام خدا و رسول است مع باب این جمله اسبها نوشته شد به ابر برسد -

مالانه [illegible]

مدرسهٔ دویم که اول نام جناب صفدران تا باب منتهی ایضاً -

[illegible]

قرآنخوانان دو نفر مجمله منجمله اسماء -

[illegible] سالانه - [illegible]

قربانی	مجلس
[illegible]	[illegible]

قرآنخوانان یک نفر منجمله اسماء -

[illegible] سالانه [illegible]

قربانی	مجلس
[illegible]	[illegible]

مدرسهٔ سیوم که نام شیخ علی بخش است بشرح ایضاً

مالانه [illegible]

مدرسهٔ چهارم که اول نام محمد علی است -

[illegible] بشرح ایضاً

قرآنخوانان نفر ان منجمله اسماء

[illegible] سالانه [illegible]

قربانی	مجلس
[illegible]	[illegible]

قرآنخوانان یک نفر منجمله اسماء

[illegible] سالانه [illegible]

قربانی	مجلس
[illegible]	[illegible]

برای فقیر محمد علی و برادرم شیخ قاسم علی -

سالانه [illegible]

قرآنخوانان منجمله اسماء

[illegible] سالانه [illegible]

بروز تولد امام آخر الزمان منجمله اماننزد دخترم کنیزک فاطمه فرستاده دهند -

[illegible]

برای مجلس سید الشهداء از عشره تا چهلم منجمله اماء

[illegible]

میان نصیر الدین بنا بر پارچه سرائی و گرمائی

[illegible] سال

مد اول حساب این بجلا اسمهای نوشته اند بسبب — مد دوم بشرح ایضا

مالیت [illegible] — [illegible]

قرآنخوانان دو نفر منجمله — منجمله اسمار — حکیم میرآغا میر صاحب — منجمله اسمار

لیبه سالانه [illegible] — [illegible] — قرآن خوان مد [illegible] — [illegible]

حافظ ابنیا — میر عباس — قربانی — مجلس — قربانی — مجالس

مد [illegible] — مد [illegible] — [illegible] — [illegible] — [illegible] — [illegible]

مد سیوم عزیزان قریبه حساب این بجله اسمهای — مد چهارم عزیزان بعیده بشرح ایضا —

نوشته شد این بسبب مالیت [illegible] — مد [illegible]

قرآنخوانان دو — منجمله اسمار — میر مهدی حسین صاحب قرآن — منجمله اسمار

لیبه سالانه [illegible] — [illegible] — خوان یکنفر مد [illegible] — [illegible]

مرزا محمد جانصاحب — میر امام علی صاحب — قربانی — مجالس — قربانی — مجالس

مد [illegible] — مد [illegible] — [illegible] — مد [illegible] — [illegible] — [illegible]

جناب رسول خدا

جناب بی بی فاطمه صاحبه

دوازده امام چهارده معصوم مع ازواج اولاد مرد و زن و اصحاب و انصار و خادمان و محبان —

جناب غفران مآب مع جمیع اولاد که اسم دارد نوشتن فضول است —

آخوند محمد رضا مع والدین و عزیزان با ازواج علی تقی میر عوض علی و غلام امام مهدی علی مع والدین میر فدا علی صاحب —

مع والدین حسن محمد علی عظیم — جعفر علی مع خورشید حسن — محمد مع برادران مع والدین — میان حسن علی و بی بی جولی

و امام النساء — و بی بی نیما —

نور محمد	نگار وطلعت قدم	یک جسم	سانگار نجاور
میان بہادر علی وبی جھنی	شیخ جبو معہ دختر	کنیزکان وغلامان کہ	کل مرد وزن قریہ بلصیدہ
ومیان اعتقاد علی۔		اسم یاد ندارم ۔	وخلاف مذہب۔
جناب میر احمد علیصاحب	آغا مرزا صاحب محمود خان	فضیلت النسا معہ	نجیب النسا
معہ والدین وعزیزان	ومیان عزت علی وشیخ	ابو علی خان ۔	
وجناب ممدوح وحاجی خانم	امداد علی معہ مردم خانہ	دائی وددا	ملا محمد پسر
وجرز ابہادر علی۔	وعزت علی دالہخانہ۔	بی جان۔	ہرکت النسا
میر شبیر علیصاحب حکیم	مولوی قائم اللہ ودیگر	میان محب علی	میان احمد بخش
غلام حیدر معہ وشیخ	عزیزان میر امیر علی معہ	دادہ ودادی معہ ہمشیرہ	شیخ کرم علی صاحب معہ
زید علی ومیر نیاز علی ومیر	مردم خانہ ومیر احمد علی	وشوہر دادی ۔	مردم خانہ وخانم صاحبہ
فرحت علی ومیر نثار علی	اہاکر وساحنہ سکہاو	بعفت بند کاشی	وعزیزان ۔
جعفر وعیاشہ النسا معہ	عمدہ وجانی بی بی معہ	شیخ مہر علی صاحب معہ	حافظ جی ومنجلی خالہ۔
خواہر۔	عزیزان ومیان احسان	مردم خانہ ومیان غلام نبی	عمو صاحب وچچی صاحبہ
ملا مقبل ۔۔	مرزا مہدی معہ برادران	وبرہان الدین ومیان کام بخش	شیخ پیر بخش وشرف النسا
والدین مرزا صفدر علی۔	مرزا محمد علی مرادآبادی	ومیان بدہن ۔	وحیدر بخش ونوازش علی و
آصف الدولہ نصیر الدین حیدر شاہ	وحاجی مرزا علی ۔	حسن رضا خان ۔	عمدہ وسکینہ ۔
شیخ امام بخش صاحب	محمد محسن معہ مردم خانہ	نصیر الدین حیدر شاہ	شاہ میڈو
حکیم مشتاق علی خان	پسر ودختر ۔	میان محسن علی سا	مرزا جان صاحب ۔
معہ والدین۔	مرزا محمد علیصاحب	شیخ کریم بخش ۔	مرزا اصفدر علی صاحب

میر رستم علی صاحب مرزا چھو بیگ صاحب محمد تقی دیگران کہ نام یاد ندارم و
سید میر خوردار علی میر فضل علی صاحب سید محمد باقر صاحب شیعہ باشند -
حکیم فیروز علیخان صاحب میر خدا بخش معہ پسر آغا باقر معہ پسر مردم خانہ والی عہد علیخان صاحب
آغا ابو طالب اکرام اللہ خان میان تاج الدین حسن خان میان عشق -
سبحان علی خان صاحب معہ خلیق و میان فصیح و میان صاحب معہ مردم خانہ غلام حسین خان صاحب معہ
فرزندان و مردم خانہ و گدا و دیگر ذاکران و فرزندان و بزرگان مردم خانہ -
بزرگان - میان دلگیر صاحب - وارث علی خان صاحب مرزا رفیع و مرزا قلندر
میر نثار علی صاحب میر باقر صاحب محمد اعلی و مولوی حسین علی خان و علی بیگ صاحب -
مرزا آغا حسین صاحب صاحب - ولایت علی خان معہ مردم حکیم میر مرتضی
و مرزا حسین علی و علی مرزا محمدی خانم معہ پدر و خانہ و امجد علیخان محمد خانم مولوی میرزائی صاحب
بندہ علی و مرزا اسد علی مادر و عزیزان و
و مرزا اصغر علی و علیم نسا برادران -

برای من فقیر محمد علی و شیخ قاسم علی - بروز تولد امام آخر الزمان علیہ السلام عرد و ختم فرستادہ
ساعت
—

قرآن خوان معہ نفر - مجملا - برای مجلس سید الشہدا و عشرہ محرم تا چہلم -
ماہانہ ماہانہ —

شیخ نصیر الدین قرآنخوان قوالی مجالس بمیان نصیر الدین قرآن خوان برای پارچہ
سالانہ ۳ نفر ماہوار سے ماہوار سرائی و گرانی مجملا —
شیخ بہادر علی محمد صفر
—
میر عالم علی
—
—

تفصیل صوم وصلوة وحج وزیارات کربلای معلی وزیارت

مشهد مقدس

[illegible]

زیارت کربلائے معلی	حج	صوم	صلواة
[illegible]	[illegible]	[illegible] سال	[illegible] سال از روز تولد
		فی سال	فی سال
		[illegible]	[illegible]
		[illegible]	[illegible]

نماز هدیه میت	نماز سنت	نماز ایات	زیارت مشهد مقدس
[illegible]	[illegible] سال	[illegible] سال	[illegible]
فی موحم [illegible]	فی سال	فی سال	
[illegible]	[illegible]	[illegible]	

محمد علی بخدمت جناب عرض می نماید دو قطعه کاغذ دو هزار روپیه سودی فیصد پنجروپیه بزری
[illegible] نمبری [illegible] پیشگاه حضور گذرانیده ام و یکهزار و پانصد روپیه جناب نواب واله صاحب
خواهند داد انشاء الله تعالی فرق نخواهد شد و دو هزار روپیه را هندوی برای خرید کاغذ
اسمی جناب به کلکته فرستاده ام که جمله پنجهزار و پنجصد روپیه شد و آنچه دیگر در حج وغیره
وزیارات باقی مانده آنرا تدبیر میکنم و ابن سلطان بعد مردنم خرج خواهد شد تا هنگام یکه
زنده مانم منافع آن بخرج سادات و مؤمنین و مساکین صرف فرمایند فقط

تفصیل کاغذات مرسلہ بخدمت جناب لاد منافع آن تجویز و از نام صرف فرموده باشند							
تعداد روپیہ تمسک	تاریخ تمسک	سنہ جاری	نمبر تمسک	بنام مالک	سود ششماہی	تاریخ آخر وصول سود	تعداد زر سالانہ
۲۰۰۰ الف	[illegible] ۱۸۵۶	۱۸۵۶	۷۷۰۶۹	سید محمد تقی	صہ	[illegible] ۱۸۵۶	ما سالانہ
۲۰۰۰ الف	[illegible] ۱۸۵۷	۱۸۵۷	۷۷۰۷	ایضاً	صہ	[illegible] ۱۸۵۶	ما سالانہ
۲۰۰۰ الف	[illegible] ۳۰ جون ۱۸۵۵	۱۸۵۴ ۱۸۵۵	۴۵۲۹۳	ایضاً	لعہ	[illegible]	لــه سالانہ
۲۰۰۰ الف	[illegible] ۳۰ جون ۱۸۵۵	۱۸۵۴ ۱۸۵۵	۴۳۴۳۶	ایضاً	لعہ	[illegible]	لــه سالانہ
۱۰۰۰ الف	[illegible] ۳۰ جون ۱۸۵۵	۱۸۵۴ ۱۸۵۵	۴۳۴۳۵	ایضاً	لعہ	ایضا	للعه سالانہ
۱۰۰۰ الف	[illegible] ۳۰ جون ۱۸۵۵	۱۸۵۴ ۱۸۵۵	۴۳۳۵	ایضاً	لعہ	ایضا	للعه سالانہ
۱۰۰۰ الف	ایضا	۱۸۵۴ ۱۸۵۵	۴۵۲۹۱	ایضاً	لعہ	ایضا	للعه سالانہ
۱۰۰۰ الف	[illegible]	۱۸۴۲ ۱۸۴۳	۱۵۰۰۰ ۱۵۹۸۰	ایضاً	لعہ	[illegible]	للعه
۱۰۰۰ الف	[illegible] ۳۰ جون ۱۸۵۵	۱۸۵۴ ۱۸۵۵	۴۵۲۹۴	ایضاً	لعہ	[illegible]	للعه
۱۰۰۰ الف	ایضا	۱۸۵۴ ۱۸۵۵	۴۵۲۹۲	ایضاً	لعہ	[illegible]	للعه
میزان ۱۰ قطعہ [illegible]							حسب تجویز [illegible] روپیہ سالانہ در بنام بسادات [illegible] عنایت فرموده باشند۔

شیخ قاسم علی بن علی بخش امامیہ بمقام لکھنو پیدا ہوئے وجیہ متقی پرہیزگار تھے سنہ ۱۲۵۵ھ مین حج بیت الحرام و زیارت رسول انام علیہ و آلہ الصلوۃ والسلام کو تشریف لیگئے اور ایک سال تک مجاور بیت اللہ رہکر بعد حصول شرف حج و زیارت واپس آئے بعدہ تاریخ ۲۲ ماہ شعبان سنہ ۱۲۵۸ ہجری واسطے زیارت ائمہ اطہار علیہم السلام کربلائے معلی گئے اور بعد استسعاد شرف زیارت دورہ بوقت مراجعت بمقام گوالیار تاریخ ۲ جمادی الثانی سنہ ۱۲۶۲ھ کو انتقال کیا اور وہین دفن ہوے بزمانہ نصیر الدین حیدر و محمد علی شاہ و واجد علی شاہ بادشاہان اودھ اضلاع متفرق کے چکلہ دار و نائب چکلہ دار رہے۔

محسن علی ابن حاجی قاسم علی امامیہ متقی پرہیزگار عابد زاہد شب بیدار محدث تھے تمام عمر کوئی واجب و سنت ان سے ترک نہ ہوا مسلک انکا اخباری تھا ایک مرتبہ رمضان کے ایک روزے مین انکو شبہ ہوا اور کفارہ اُسکا اپنے اوپر لازم جانا تو دو مہینے علی الاتصال روزے رکھکر اُسکو پورا کیا عبادت اور نیکی کا شمہ یہ ہی کہ جب مرض الموت مین بیہوش تھے اور کوئی پکار کر کہتا کہ نماز کا وقت ہوا اور کان مین آواز پہونچ جاتی تو دونون ہاتھ بطریق تیمم مار کر اور چہرے پر پھیر کر سورہ قرآنی پڑہنا شروع کردیتے اور پھر تھوڑی دیر مین زیادہ بیہوش ہو جاتے سنہ ۱۲۶۱ ہجری واسطے زیارت دورہ کے تشریف لیگئے اور بعد حصول شرف زیارت ائمہ اطہار صلوۃ اللہ علیہم واپس آئے تاریخ ۲۶ جمادی الاولی سنہ ۱۲۶۳ ہجری کو بمرض فالج انتقال کیا۔

ہاشم علی خان بن محسن علی امامیہ سنہ ۱۲۴۱ھ کو پیدا ہوے آدمی ذہین خوش خلق سخی تھے۔ اولاً تحصیل مہوبہ ضلع ہمیرپور مین نائب تحصیلدار مقرر ہوے پھر ریاست چرکھاری مین تحصیلدار پھر ناظم پھر صدر امین بمشاہرہ ڈیڑہ سو روپیہ مقرر ہوئے تاریخ ۲۷۔ ماہ رجب سنہ ۱۳۰۳ھ بمقام لکھنو بعمر ۶۲ سال انتقال کیا اور تال کٹورہ کی کربلا مین دفن ہوئے +

مرتضی حسن خان ابن ہاشم علی خان امامیہ تاریخ ۲۔ جمادی الاولی سنہ ۱۲۷۰ ہجری کو بمقام لکھنو پیدا ہوے

قاضی خوان ہین اور ریاست چرکھاری مین بعہدۂ نائب تحصیلداری ملازم ہین۔ انکے ایک بیٹے وزیر حسن خان بعمر نو سال ہین۔ +

ذکر شیخ الطاف حسن خان +

شیخ الطاف حسن خان خلف محسن علی خان صاحب بائیس شعبان المعظم سنہ ۱۲۶۱ ہجری بمقام لکھنؤ محلہ بنجاری ٹولہ مین پیدا ہوئے۔ خوبصورت قد مین خوش خلق سخی عالی حوصلہ ہر دلعزیز تھے۔ بموجب اشتہار نمبری ۱۳۲ مورخہ ۴ مارچ سنہ ۱۸۸۲ء انکو اختیارات درجہ دوم میونسپلٹی کانپور کے اندر عطا ہوئے اور حسب اشتہار نواب لفٹنٹ گورنر بہادر ممالک مغربی و شمالی و چیف اودھ مورخہ ۱۰ دسمبر سنہ ۱۸۸۵ء کو اختیارات سرسری حسب دفعہ ۲۶۱ ایکٹ ۱۰ عطا ہوئے۔ اور سنہ ۱۸۹۲ء مین انکو اختیارات مجسٹریٹ درجہ اول ضلع کانپور کے بھی عطا ہوتے تھے کہ جسکی منظوری آنے کے قبل انکا انتقال ہوچکا تھا۔ خطاب خان بہادر ۲۹ مئی سنہ ۱۸۸۶ء کو حضور نواب وایسرائے و گورنر جنرل بہادر نے عطا فرمایا اور ۲۴ اگست سنہ ۱۸۸۶ء کو سند خطاب عطیہ جناب گورنر جنرل بہادر جناب نواب لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی و چیف کمشنر بہادر ملک اودھ نے دربار لکھنؤ مین مرحمت فرمائے۔ حسب ایکٹ نمبری ۵۴۱۹ مورخہ ۲۴ دسمبر سنہ ۱۸۸۲ء فہرست درباریان لکھنؤ مین نام انکا درج ہوا۔ حسب نقل حکم اجلاسی جناب صاحب کلکٹر بہادر کانپور ۲۷ اپریل سنہ ۱۸۸۷ء بحوالہ چٹھی جناب کمشنر صاحب بہادر ۲۳ اپریل سنہ ۱۸۸۷ء بحوالہ نقل حکم گورنمنٹ ۱۹ اپریل سنہ ۱۸۸۶ء انکا نام فہرست دربار ضلع کانپور مین سب سے اول کیا گیا۔ یکم جنوری سنہ ۱۸۷۷ء کو بمقام دہلی دربار قیصری مین شریک ہوئے۔ حکام رس ایسے تھے کہ ہر ایک حاکم انگریز انکی قدر کرتا تھا۔ صدہا سارٹیفکٹ حکام کے اور ہزارہا خطوط مختلف مضامین کے انگریزون نے انکو بھیجے۔ جنکے اسماے گرامی ذیل مین درج ہین۔

۱ ایچ ایم برڈ صاحب ۔ ۲ ٹی اسٹریچی صاحب ۔ ۳ جے ایچ ہرسین صاحب ۔ ۴ جے آر ریڈ صاحب

سی ایچ بارسٹو صاحب قائم مقام کمشنر لکھنؤ - نیگ صاحب جوڈیشل کمشنر لکھنؤ - ایچ ڈی مول صاحب جے رائٹ صاحب اے سیلس صاحب - اٹی اربارسن صاحب ہاسچنسن جی نورلیس صاحب سار برٹھین صاحب - جے ڈیس صاحب - ولیم ہوئی صاحب سی ابرٹسن صاحب - جے ڈبلو کونن صاحب - ایولسن صاحب - اے جے لارنس صاحب جے ڈبسن صاحب - جے سی بلر صاحب ایف این رائٹ صاحب نوبل صاحب - ڈبلو سی نبٹ صاحب ڈبلو ہوس صاحب جے فن صاحب کاسٹل صاحب ایونٹ صاحب جے جے ڈی لیٹوش صاحب اے میکلن صاحب جے اڈوبرن صاحب مرے صاحب شیمبر صاحب فینڈل کری صاحب ار اسمتھن صاحب - فاسٹر صاحب آردن صاحب بی گوڈ صاحب کرنیل لونیری صاحب لینگ صاحب ارسکن صاحب الیمپی صاحب ڈبلو لیمپ صاحب کار نوال صاحب سی ڈبلو بلر صاحب بچر صاحب الگزینڈر صاحب ٹبنٹ صاحب کپین صاحب کلارس صاحب ڈبلو کٹی صاحب کرکشینگ صاحب ای بکس صاحب ہیملن صاحب ولپی صاحب - ہیوٹ صاحب پیرس صاحب راجرس صاحب ہولڈرسن صاحب بی بادر صاحب کلکھارن صاحب سٹر صاحب ممفرڈ صاحب مکاگی صاحب ڈائیر صاحب رابرٹسن صاحب ایچ ایف ایولس صاحب ہرلین صاحب - سی ڈینل صاحب وٹشن صاحب ایلس صاحب لیوٹ صاحب وغیرہ -

۱۸ صفر کو انکے یہان ایک مجلس عزائے جناب سیدالشہدا علیہ التحیۃ والثنا کی ہوا کرتی تھی کہ ایسی مجلس شہر لکھنؤ مین شاید ہی کسی اور جگہ ہوتی ہو - اس مجلس مین تمام علمائے شاہزادگان لکھنؤ اور رؤسائے وامرائے وعمائدین شہر شریک ہوتے تھے - اوایل مین جناب مرزا دبیر صاحب مرحوم اس مجلس مین پڑھتے تھے - پھر حدیث خوانی ہونے لگی - آپ سردار حسن خان خلف اکبر

خان بہادر مرحوم اس مجلس کو کرتے ہین اور ابہی تک مجلس کی وہی شان باقی ہے مار مرثیہ خوانی ہوتی ہے۔ سردار حسن خان اس مجلس مین نہایت ہی سرگرمی اور تندہی اور فرخی کو کام کرتے ہین نواب کلب علیخان صاحب رئیس رامپور نے ایکبار انکو میلہ بینظیر مین خاص طور سے بلایا اور ایک ہفتہ تک انکو مہمان رکھا جب نواب صاحب بہادر سفر حج کو جاتے تھے تو خان بہادر مرحوم نے نہایت اولوالعزمی سے بمقام کانپور والی ریاست رامپور کی دعوت کی۔

الطاف حسن خان بہادر نے تاریخ ۲۷۔ فروری سنہ ۹۲ع مطابق ۲۷۔ رجب المرجب سنہ ۱۳۰۹ھ روز شنبہ بمقام کانپور بعارضہ ذات الجنب انتقال کیا۔ اور کربلا واقعہ محلہ نواب گنج شہر کانپور مین دفن ہوئے۔ حکامون نے خان بہادر مرحوم کی تعزیت کے خط بنام محمد سردار حسن خان خلف اکبر خان بہادر مرحوم کے بہیجے جنمین سے ترجمہ چٹہی جناب اسٹریچی صاحب بہادر پرائیوٹ سکتر جناب نواب لفٹنٹ گورنر بہادر و ترجمہ چٹہی جناب لاٹوش صاحب بہادر سکتر اعظم جناب نواب لفٹنٹ گورنر بہادر و ترجمہ جناب مسٹر اڈوبرن صاحب بہادر و خط مسٹر کوئن صاحب بہادر درج ذیل ہے۔ +

ترجمہ چٹہی مسٹر اسٹریچی صاحب بہادر +

گورنمنٹ ہوس۔ لکہنو۔ ۸۔ مارچ سنہ ۹۲ع۔

جناب من۔ آپکا خط مورخہ ۲۔ ماہ حال مینے جناب نواب لفٹنٹ گورنر بہادر کی حضور مین پیش کیا۔ اور حسب ہدایت نواب صاحب موصوف آپکو تحریر کرتا ہون کہ حضور محتشم الیہ کو نہایت درجہ افسوس اور ملال یہ سنکر ہوا کہ آپکے والد ماجد نے انتقال کیا۔

آپکا سچا دوست

جے۔ اسٹریچی (پرائیوٹ سکتر جناب نواب لفٹنٹ گورنر بہادر)

لکھنؤ - ۸ - مارچ سنہ ۱۹۰۲ء

جناب من - مین حسب ہدایت جناب نواب لفٹنٹ گورنر بہادر آپکو تحریر کرتا ہون کہ نواب صاحب موصوف کو نہایت درجہ تاسف باستماع خبر انتقال آپکے والد ماجد شیخ الطاف حسن خان کے ہوا - اور نیز نواب صاحب موصوف کو نہایت درجہ ہمدردی آپکے ساتھ ونیز دیگر آپکے خاندان کے ساتھ ہے - آپکا نیاز مند

جے ڈی لیٹوش بخدمت محمد سردار حسن خان -

(چیف سکرٹر جناب نواب لفٹنٹ گورنر بہادر)

ترجمہ چٹھی -

ازمقام کلکتہ مورخہ ۱۱ - مارچ سنہ ۱۹۰۲ء

جناب من - مجھے آپکی چٹھی مورخہ ۶ - ماہ حال سے خبر وحشت اثر آپکے والد ماجد کی انتقال کی معلوم ہوکر نہایت رنج وافسوس ہوا - یہ آپکا قول صحیح ہے کہ آپکے پدر بزرگوار گورنمنٹ کے سچے خیرخواہ و فرمان بردار تھے - علاوہ میرے دیگر حکام بھی اُنکی خیرخواہی کے قائل ہین - آپکے اور آپکے خاندان کے لیے ایسے بزرگ خاندان کا بیوقت سر پر سے اُٹھ جانا سخت نقصان کا باعث ہوا جسکا کچھ بھی معاوضہ نہین ہوسکتا میرے آپکے ساتھ اعلی درجہ کی ہمدردی ہے - کیونکہ تین سال کا عرصہ ہوا ہے کہ مجھپر بھی ایسا ہی صدمہ جانکاہ میرے والد ماجد کے انتقال کا ہوا ہے - مین آپکے غم مین دلی سچی ماتمداری کے ساتھ شریک ہون -

آپکا سچا دوست

جے - اوڈبرن -

(حال لفٹنٹ گورنر بنگال)

خط بخدمت محمد سردار حسن خان صاحب رئیس کانپور۔

صاحب من تسلیم۔ آپکی چٹھی مورخہ ۷۔ مارچ ۹۲ء ہمارے پاس پہونچی اسکا مضمون معلوم کرکے ہمکو کمال رنج و افسوس ہوا دراصل خان بہادر صاحب ایک بہت لائق اور اچھے آدمی تھے جنکے اس جہان فانی سے اٹھ جانے کا عام طور پر لوگون کو رنج ہوا ہوگا۔ مگر چونکہ ہر شخص کو یہی راہ ایکنہ ایک دن درپیش ہے اور قضا و قدر سے کسیکو چارہ نہین ہے لہذا صبر و شکر کو اپنا شعار کرنا چاہیئے گو یہ صدمہ ضرور شدید ہے مگر آپ کو چاہیے کہ آپ بھی استقلال کو کام دیکر صبر کیجئے خان بہادر ہمارے دوست تھے ہمکو انکے انتقال کا خاص رنج ہوا فقط

راقم دستخط کوٹن صاحب
دستخط بخط انگریزی ڈپٹی کمشنر۔

دیگر حکام جنکے خطوط درباب تعزیت آئے انکے اسماے گرامی درج ذیل ہین۔

بارلٹ صاحب۔ بلیز ہیسٹ صاحب۔ ودبرن صاحب۔ راجرس صاحب۔ ملر صاحب۔ کانسٹبل صاحب۔ کوٹن صاحب۔ وڈ صاحب۔ امپی صاحب۔ اسٹریچی صاحب لاٹوس صاحب۔ بری رٹن صاحب۔ میکنٹاش صاحب مسٹن صاحب نیوبری صاحب کری صاحب رائٹ صاحب پالک صاحب۔

مرحمت الدولہ سید غضنفر علی خان صولت جنگ متخلص بہ حکیم خلف اکبر مدبر الدولہ مظفر علیخان متخلص بہ امیر نے تاریخ انتقال تحریر فرمائی انکے تاریخی مصرعہ سے اونکا پورا نام مع خطاب ظاہر ہوتا ہے یہ مصرعہ اور ایک تاریخ فارسی کی سنگ مرمر پر کندہ ہوکر قبر پر نصب کیگئی ہے۔

الطاف حسن خان بہادر افسوس

۱۳۰۹ سنہ ہجری

تاریخ

کیون بادۂ عیش سے ہنون سب مایوس ‌ ‌ ‌ گردون ہے نظر مین شکل جام معکوس
پہرتے ہین جو آزاد یہان وہ مرکر ‌ ‌ ‌ زندان لحد مین ہونگے اکدن محبوس
ان روزون ہی سانحہ ہوا ہے ایسا ‌ ‌ ‌ نیلا جس سے ہے خود فلک کا ملبوس
تاریخ تہی بست وہفتم اور ماہ رجب ‌ ‌ ‌ تہا صبح کا وقت شور کرتے تہے خروس
ہوکر بیمار بارہوین سے صد حیف ‌ ‌ ‌ پہونچے ملک عدم کو اک رأسِ رؤس
الطاف حسن تہا نام نامی اونکا ‌ ‌ ‌ شمع روشن تہے وہ زمانہ فانوس
توقیر سے کانپور مین دفن ہوئے ‌ ‌ ‌ دیکہی ہر اک نے شان رب قدوس
کیا درو شا ذات جنب کا جس سے آہ ‌ ‌ ‌ نکلی حجلہ سے تن کے جان مثل عروس

لکہا کلک حکیم نے سالِ وفات
۱۳۰۹ھ
الطاف حسن خانِ بہادر افسوس

تاریخ دیگر

آہ خانِ نامور عالی منش والا نژاد ‌ ‌ ‌ عاقل و فرزانہ و خوش فہم و دانا و متین
لطف نام نامیش ظاہر ز الطافِ حسن ‌ ‌ ‌ خان بہادر در خطابش زینت نقش و نگین
مبتلا چون شد بذات الجنب آن فرخندہ ذات ‌ ‌ ‌ ماند چندی از دو فوز صدمہ اش اندوہگین
ناگہان آمد بگوش او ندائے ارجعی ‌ ‌ ‌ شد کہ این ارجع لبوہم رجع حق بالیقین
شنبہ وقت صبح بست و ہفتم ماہ رجب ‌ ‌ ‌ روز معراجِ پیمبر شد بکالسنغ بے کین

سال تاریخ وفاتش چون بجستم از خرد
گفت رضوان داد رحمن قصر فردوس برین

انکے تین پسر ہین - سردار حسن خان اشفاق حسن خان دلدار حسن خان اور چار دختر ہین -
سردار حسنخان بتاریخ دوسری ربیع الثانی ۱۳۰۸ ہجری مطابق ۱۲ - جون ۱۸۹۰ء بمقام
لکھنؤ محلہ بخاری ٹولہ مین پیدا ہوئے - انگریزی مین درجہ انٹرینس تک پڑھا ہے اور عربی و فارسی
مین استعداد معقول ہے خط نستعلیق کی خوشنویسی حاصل کی ہے - بموجب چٹھی جناب صاحب
کمشنر صاحب بہادر قسمت الہ آباد ۵۱۲۱/۳۲ مورخہ ۱۲ - جون ۱۹۲۹ء بحوالہ نقل حکم گورنمنٹ نمبری
۲۹/۷ مورخہ ۱۷ - جون ۱۹۲۹ء نام محمد سردار حسن خان کا بجائے انکے باپ کے فہرست
درباریان قسمت لکھنؤ مین درج ہوا اور نمبر درباراندر فہرست قسمت کے ۲۸ قرار پایا -
اور چار بیٹیون مین سے ایک کی شادی مرتضی حسن خان ولد ہاشم علی خان سے ہوئی ہے -
دوسری کی شادی رفعت علی خان ولد حکیم نیاز علی خان صاحب سے ہوئی ہے تیسری کی
حامد علی خان بیرسٹرایٹ لا ولد حکیم امجد علی خان صاحب سے ہوئی ہے - چوتھی کی شادی ابتک
نہین ہوئی - +

ذکر عبد الغفور خان -

عبد الغفور خان ابن شیخ سلطان و عبد المجید خان بن عبد الغفور خان شاہی منصبدار تھے -

ذکر محمد اعظم الدین خان -

محمد اعظم الدین خان بن عبد المجید خان - محمد اعظم الدین خان افضل فضلائے کاملین اور اکمل علمائے
عاملین اور اعظم کملائے متبحرین اور اقدم فقہائے معتبرین تھے انکے اوصاف حمیدہ اور صفات برگزیدہ
مین جو اہل تحقیق کے نزدیک خالق اور زیادہ تر قدر و مدح کی لائق ہے مذہبی تحقیق کی توفیق
ہے عالمگیر کے آخر عہد سلطنت مین یہ بزرگوار شہزادہ محمد معظم کی ملازمت مین لاہور کے قاضی
(جج) تھے چونکہ شہزادہ کو علم کا نہایت شوق و ذوق تھا اسوجہ سے شہزادہ کی خدمت مین
انکا تقرب و اختصاص روز بروز بڑھتا رہا اور جب شہزادہ زیب افزائے تخت و تاج ہوا تو اسنے
کئی روز تک مذہبی مباحثہ رہا آخر بعد تحقیق انھون نے اپنے مذہب سے عدول کیا اور نہایت

رغبت سے بکشادہ پیشانی شیوہ مذہب جو اہلبیت اطہار رسول مختار کا طریقہ انیقہ ہے
قبول کیا اور علانیہ لوازم مذہب شیعہ ادا کرنے لگے یہ انصاف پسندی اور حق گزینی اسکا
باعث ہوئی کہ بہادر شاہ جنت آرامگاہ کے دربار مین انکا اختیار و اقتدار کمال کو پہونچا اور
صوبہ ملتان اور بہر صوبہ لاہور انکی جاگیر ہوئی اور منصب ہفت ہزاری ذات و ہفت ہزار سوار عطا ہوا
اور خطاب عماد الملک سے ممتاز و سرفراز ہوئے الحمد للہ کہ اس زمانہ سے آجتک مذہب شیعہ اثنا عشری
انکے خاندان مین جاری ہے اور انکے تمام اولاد جسمین احقر العباد بھی شامل ہے اسی طریقہ
حقہ پر قائم ہے ۔ ✣

ذکر محمد مرشد

محمد مرشد ابن اعظم الدین خان امامیہ المذہب طبیب حکیم قوام الدین خان عالم فاضل متقی ۔
پرہیزگار تھے جامع معقول و منقول حاوی فروع و اصول تھے ۔ علوم عقلیہ و نقلیہ مین شاگرد
اپنے والد بزرگوار اعظم الدین خان کے تھے مطب حکیم علوی خان صاحب مرحوم سے کیا تہا
محمد شاہ کے زمانہ مین منصب انکا پانصدی ذات و پانصد سوار کا مقرر ہوا ۔ اور اطبا ے
پادشاہی مین منتخب ہوے اور دار الشفا مقام دہلی انکی سپرد ہوا اور تین لاکھ روپیہ سالانہ
اسکے خرچ کا دربار شاہی سے مقرر ہوا بمقام دہلی انتقال کیا انکے دو بیٹے تھے ۔ اور مکان
محلہ اے قریب مسجد سدو واقع امروھہ انہون نے خرید کیا تا کہ بوقت ضرورت امروھہ کا آنا
اور قیام کرنا آسان ہو فی الحال اس مکان مین سلطان علیخان و ریحان علیخان فرزندان
حکیم صادق علی خان صاحب سکونت پذیر ہین ۔ ✣

ذکر حکیم رضی الدین ✣

حکیم رضی الدین خان بن حکیم قوام الدین خان امامیہ فاضل متبحر ۔ طبیب کامل و حبیب نجاع تھے
مطب انکا نہایت صاف اور اعلی درجہ کا تہا منصب انکا بعہد احمد شاہ و عالمگیر ثانی پانصدی
ذات تہا نواب آصف الدولہ بہادر کی سرکار مین بزمرہ اطبا پانسو روپیہ ماہواری کے نوکر تھے

۱۴- رمضان ۱۲۳۳ھ ہجری بمرض فالج بمقام امروہہ انتقال کیا۔ تاریخ وفات یہ ہے۔

رضی الدین مسیح دوران را	چون قضا آمد و بخاک نہفت
سال تاریخ آن بحق واصل	این کسی سر بفکر برد و بجست
باطف دل پر ملال ور دے بکا	رضی اللہ عنہ ہاتف گفت

جن بزرگون نے جناب ممدوح سے من ابتداے موجز لغایۃ قانون شیخ الرئیس جملہ کتب طبیہ پڑہی اور مطب کیا اسماے سامی اُن حضرات کے ذیل مین درج کیے جاتے ہین ۔

جناب مولوی سید محمد سیادت صاحب مرحوم ۔ حکیم سید عنایت حسین صاحب مرحوم وانشمند حکیم مولوی محمد سعادت علی صاحب مرحوم رئیس محلہ ملانہ ۔ مولوی غلام محی الدین صاحب مرحوم لکھنوی ۔ منشی حکیم منگل سین صاحب رئیس امروہہ ماہر کایستہ ۔ حکیم ابو علی خان صاحب مرحوم جد کاتب الحروف ۔ حکیم عظیم علی خان صاحب مرحوم ۔ (بزرگان نمبر ۶ و ۷ نواسے حقیقی جناب حکیم رضی الدین خان صاحب مرحوم کے تھے ۔) جناب حکیم فیروز علی خان صاحب مرحوم ابن جناب حکیم رضی الدین خان صاحب مرحوم تصنیف انکی متفرق علوم میں بہت سی عمدہ اور بہتر کتابین ہین ایک حاشیہ نفیسی بزبان عربی جسکا نام اوراق رضیہ ہے ۔ یہ حاشیہ نہایت عمدہ ہے دوم کتاب جامع رضی معالجات مین یہ کتاب بھی بزبان عربی بہت بڑی قریب اسّی جزو کے ہے اور نہایت عمدہ ہے ۔

حکیم فیروز علی خان ابن حکیم رضی الدین خان امامیہ بمقام دہلی پیدا ہوے فارغ التحصیل طبیب حاذق صاحب جدرس کامل متقی پرہیزگار تھے منصب انکا شاہ عالم بادشاہ کے یہان پانصدی ذات تہا دوسری ذیقعد ۱۲۷۱ھ بعمر ۵۰ سال بمقام امروہہ انتقال کیا جناب ممدوح صورت مین آدمی سیرت مین فرشتہ تھے ۔ چار امر ذیل مین بطور نمونہ لکھتا ہون ۔ +

اولاً حالت ذوق شوق اور ولاے اہلبیت علیہم السلام یہ تھی کہ جسوقت کسی کی زبان سے کسی جلسہ مین اسم مبارک جناب سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا کا زبان پر آیا بے اختیار آنسو آنکھوں سے گر پڑے۔

ثانیاً انکے مطب مین دوا بھی تقسیم ہوتی تھی بعض مریضوں کو خشک دوا پوڑیہ بندھی دیتے تھے۔ جو کوئی مریض مرض افلاس کا اُس جلسۂ مطب مین آجاتا تو اُسکو ایک پوڑیہ زر نقد کی دیتے اور کہتے کہ اسکا استعمال کیجئے حاجتمند کو ضرورت اظہار حاجت کی ہوتی نہی۔

ثالثاً روح پر فتوح جناب امیر المومنین علیہ السلام سے نسبت کامل تھی چنانچہ ایک وقت مین بہت مضطر تھے ایک طرف سے صاحب بہادر مہتمم تحقیقات معافیات مراد آباد نے نسبت دیہات معافی جناب ممدوح حکم بحالی تا حین حیات صادر کیا دوسرا امر یہ کہ جناب موصوف کے ایک بیٹی جو والدہ جناب عمی الاعظم الافخم حکیم نیاز علیخان صاحب مدظلہ العالی ہین نہایت علیل تھین امید زندگی منقطع ہوگئی تھی لہذا جناب موصوف از بس مضطر تھے نماز تہجد پڑھکر دعا مانگی اور فی الجملہ غنودگی آگئی دیکھا کہ ایک بزرگ جنکا چہرہ مثل ماہ دو ہفتہ روشن ایک ہاتھ مین کاغذ لیئے فرماتے ہین - لے یہ سند معافی علی الدوام ہے۔ تو جناب ممدوح نے وہ کاغذ لیلیا اور عرض کیا کہ جسکے واسطے معافی چاہتا ہون وہ بہت علیل ہے ارشاد ہوا وہ بھی تندرست ہوگئے چنانچہ خواب سے بیدار ہوے اور محلسرا مین تشریف لیگئے اور والدہ صاحبہ حکیم نیاز علی خان صاحب کو جاکر دیکھا کہ مرض بالکل جاتا رہا تھا صرف نقاہت باقی تھی دو چار دن مین وہ بھی رفع ہوگئی اور پیشگاہ حکام اپیل سے دیہات بھی واسطے دوام کے معاف ہوگئی۔

رابعاً جناب حکیم نیاز علی خان صاحب اور حضرت والدی مدظلہ العالی ایک شب ایام غدر ۱۸۵۷ء مین شدید مضطر تھے اور بظاہر جو امور پیش نظر تھے اسکا دفعیہ غیر ممکن تھا حکیم نیاز علی خان صاحب نے

شب کو خواب میں جناب مرحوم کو دیکھا کہ ٹوپی عمدہ انکے سر پر ہے کہتے ہیں جب میں خواب سے بیدار ہوئی تو فوراً دل کو تسکین ہوئی اور صبح تک جملہ مکروہات رفع ہو گئے ۔

خاصّا اگر کہانے مین خادم سے نمک زیادہ ہو جاتا تو اسمین پانی ملاکر کہا لیتے اور جو روٹی سخت ہو گئی اور بوجہ پیرانہ سالی دانتون سے نہ کہائی جاتی تو پانی مین بہگو کر کہا جاتے خادم پر غصہ نہ کرتے انکے ایک بیٹی تہین جنکی شادی شیخ تنا علی خان صاحب سے ہوئی اور نواسے انکے جناب عمو صاحب قبلہ حکیم نیاز علی خان صاحب ہین ۔ +

ذکر حکیم امام الدین خان ۔

حکیم امام الدین خان بن حکیم قوام الدین خان امامیہ شاہجہان آباد مین پیدا ہوئے حافظ قرآن تھے اور ایسا یاد تہا کہ اکثر اوقات ایک رات مین ختم کرتے تھے فقہ و تفسیر و حدیث خوب جانتے تھے علم معقول کے کامل تھے طبیب لاثانی تھے جوان خوشرو دراز قد سینہ و بازو دیرگوشت تھے ۔ عالمگیر ثانی بادشاہ نے انکو حکیم الملک کا خطاب دیا اور ایکہزار پانصدی منصب مقرر کیا شاہ عالم کے زمانہ مین نواب نجف خان بہادر سے جو وزیر تھے برابری کی ملاقات رہی ۔ نواب نجف خان بہادر انکی نہایت درجہ تعظیم و تکریم کرتے تھے اور انکے تشیع اور حفظ قرآن اور علم و دینداری اور طبابت و شجاعت اور صف آرائی کارزار سے نہایت درجہ محظوظ تھے انکو سوا علوم مذکورہ تصوف سے بھی بڑا شوق تہا انکے یہان فصوص الحکم و مثنوی مولوی روم صاحب کا بھی درس ہوتا تہا بتاریخ ۱۵ جمادی الثانی سنہ ۱۲۲۵ھ بمقام شاہجہان آباد انتقال کیا مقبرہ مولانا اسماء الدین صاحب مین دفن ہوئے ۔ +

ذکر حکیم احمد رضا ۔

حکیم احمد رضا عرف حکیم رمضان علی خان ابن امام الدین خان امامیہ شاہجہان آباد مین پیدا ہوئے فارسی و عربی عمدہ جانتے تھے علم معقول و منقول کا حصہ پڑہا تہا طب کی جملہ کتابین بخوبی یاد تہین بلا تامل پڑہاتے تھے مطب عمدہ تہا دست شفا خدا داد تہا ۔ نماز روزہ کے نہایت پابند تھے

ایک منزل تلاوت کلام اللہ کہی بناغہ ہنوئی تاریخ ۳- ذیقعدہ ۱۲۵۵ھ بعارضۂ اسہال لکھنؤ سے آتے ہوئے بمقام فرخ آباد انتقال کیا - زمانہ شاہ عالم عالی گہر مین منصب انکا ایکہزاری ذات اور ایک ہزار سوار کا تہا - نواب نجف خان بہادر کے ساتہہ ضابطہ خان کی لڑائی مین بہت عمدہ کام انجام دیے

پشت ہشتم +

حکیم مشتاق علی خان ابن حکیم رمضان علی خان ا ا یہ بمقام امروہہ پیدا ہوئے یہ فارسی عربی کے جاننے والے تہے - طبیب خوش خلق تہے حق تعالی نے انکے ہاتہہ مین دست شفا رکہا تہا - جوان حسین نیک مزاج کشادہ پیشانی تہے تاریخ ۸ شعبان ۱۲۸۲ھ بعارضہ ہیضہ بمقام عظیم آباد انتقال کیا - +

پشت نہم +

آغا علی خان ابن حکیم مشتاق علی خان تاریخ ۱۵ - ماہ رمضان ۱۲۶۶ھ بمقام لکھنؤ پیدا ہوئے نہایت خوش رو حسین کشادہ پیشانی ہین عبادات جناب باری مین ہمہ تن مصروف آلائش دنیا سے کنارہ کش ریاست کثیر جناب شیخ محمد علی خان صاحب رئیس لکھنؤ اپنے نانا سے انکو وراثتًا ہونچی ہے اُس سے بکمال فارغ البالی گذر اوقات کرتے ہین اور مجالس جناب سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا برپا رکہتے ہین - جو دیہات انہون نے واسطے امور کے وقف کیے ہین وہ نقل وقفنامہ مندرجہ تحت سے واضح ہوگا - +

نقل وقفنامہ رجسٹری شدہ مکتوبہ جناب شیخ آغا علی خان صاحب دام اقبالہ

نمبر ۱۰۲ صفحہ ۴۴ لغایت ۵۷ جلد ۱۹ ۲۱ رجسٹر نمبر ۱ اصل اسٹام ایک سو بتیس روپیہ ماعدا

[illegible]

نقل مطابق اصل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وکفی والصلوۃ والسلام علی محمد وآلہ الذین اصطفی

امابعد جو کہ خداوند عالم نے اس جہان فانی کو مزرعہ ملک آخرت جاودانی قرار دیا ہے پس

ہر فرد بشر کو لازم ہے کہ اپنی حیات میں ایسے امور خیر کو بجا لاوے کہ جو باقیات الصالحات ہیں
اور ثواب اسکا بعد ممات کے بھی مثل زمانہ حیات کے دوامًا بنام اسکے جاری رہے اور باعث
بقاے نام کا ہوا اور چونکہ صدقہ جاریہ یعنی وقف کرنا اپنی جائداد کا ابتغاء لمرضات اللہ واعلی
امور خیر کے ایک امر سمجھا باقیات الصالحات کے ہے بنا براں مجھہ بندہ ناچیز و گنہگار آغا علیخان
خلف حکیم مشتاق علی خان مرحوم ساکن شہر لکھنؤ محلہ بخاری ٹولہ نے در حالت صحت ذات
و ثبات عقل و نفاذ جوارح وجمیع تصرفات شرعیہ اپنی خوشی خاطر سے بلا اکراہ و اجبار احدی
ابتغاء لمرضات اللہ اپنی زمینداری آٹھہ آنہ آٹھہ آنہ مواضعات امروڈہ و نو ٹھیرا و چاند پور
و محمود پور رگٹ و دولت پور بانگر و کھار وتداری پور پرگنہ بھوگنی پور و قریہ پور پرگنہ اکبر پور
و بنی پارہ جو ہر پرگنہ ڈیرا پور ضلع کانپور کہ جنکا بٹوارہ مکمل ہو چکا ہے اور بذریعہ اسکے
سولہ آنہ مسلم محال موسومہ آغا علیخان قرار پائی ہیں اور محدود بحدود اربعہ ذیل ہیں بجمیع حقوق
داخلی و خارجی و آراضی مزروعہ و غیر مزروعہ و جنگلر و بنکر و تالاب و چاہات و باغات و درختان
متفرق مثمرہ و غیر مثمرہ و جنگل و آراضی پرتی و بنجر و اوسر و امکنہ ذاتی و دوکانیں وغیرہ جو
کچھہ کہ اسمیں واقعہ ہے بلا استثناء کسی چیز کے وقف مواہد و مخلد بغرض اجراء
امور خیر مجالس عشرہ محرم الحرام و عشرہ اربعین و دیگر مجالس ماتم و قرآن خوانی و نذر و
نیاز وغیرہ امور خیر کے حسب صراحت ذیل وقف کیا اور نیز وقف کیا چھہ قطعہ مکانات پختہ
و خام واقعہ شہر لکھنؤ مملوکہ اپنے کو بجمیع حقوق داخلی و خارجی مصرحہ ذیل کے قطعہ مکان
پختہ مسکونہ اپنے کو خاص واسطے مجالس مصرحہ بالا کے ما بقی پانچ قطعہ مکان واسطے
سکونت سادات مومنین کے جو پابند صوم و صلوۃ کے ہوں اور وہ اپنے ذمہ مرمت
شکست و ریخت مکان کی بذریعہ تحریر باضابطہ بغرض بقا مکان موقوفہ کے لیویں اور

امر تولیت کو متن صیغہ وقف مین اولاً مجھہ واقف نے اپنی ذات ونفس کے لیے تا حیات
خود معین کیا اور بعد اپنے جناب مستطاب مجتہد العصر والزمان سید مصطفی صاحب قبلہ
عرف جناب میر آغا صاحب قبلہ دامت برکاتہم خلف جناب قبلہ وکعبہ عمدۃ العلما سید محمد ہادی
صاحب اعلی اللہ مقامہ کو متولی قرار دیا ہے اور اُنکے بعد اُس شخص کو جو وقت کا اہل علم
متصف بصفات تقوی وپرہیزگاری ودیانت داری کی ہو اور جناب ممدوح نے اپنے
حیات مین اُسکو متولی بھی اپنے مابعد کے لیے باقاعدہ قرار دیا ہو اور اگر خدانخواستہ نوبت
تقرری متولی مابعد کے نہ آئے تو جو مشہور باجتہاد وزہد وورع اور وقت کا اعلم ہو وہ متولی
ہو ویگا اور اگر افضال ایزدی سے کوئی فرزند صلبی میرا پیدا ہووے اور وہ بعد انتقال میرے
حد بلوغ کو پہونچکر پابند صوم وصلوۃ کا ہو تو وہ بھی بعد بلوغ کے شریک متولی وقف کے
ہو ویگا اور رہیگا اور تنخواہ مقررہ متولی مندرجہ وقف نامہ ہذا سے نصف تنخواہ پانے کا
مستحق ومجاز ہو ویگا بعد اجراے صیغہ وقف کے جائداد موقوفہ مصرحہ بالا محدودہ ذیل کو
اپنے قبضہ ملکیت سے نکال کر بہ تبدیلی نیت قبضہ متولیانہ اپنے مین لے لیا ہے اور محکمہ مال مین
داخلخارج بھی باضابطہ بجاے مالکانہ کے متولیانہ کرالیا ہے اور اُسکے اطلاع بھی جناب ممدوح
متولی مابعد اپنے کو کردی ہے اور حسب حساب کتاب مصارف اس جائداد موقوفہ کا بالکل اپنے
ذاتی حساب سے بعد اگانہ کردیا ہے اور اب یہ جائداد ابدالدہر محفوظ ومصئون تغیرات وتبدلات
سے اور ممنوع تمامی انتقالات ووراثت سے جو منافی اغراض وقف کے ہے پابندی امور
ذیل کے رہیگی جبتک خداوند عالم جلشانہ وارث کل دنیا ومافیہا کا ہووے۔

دفعہ اول یہ کہ ہر ایک متولی کو بذریعہ وقف نامہ ہذا کے لازم ہو گا کہ اپنے مابعد کے لیے
اپنی حیات مین متولی حسب صراحت وشرائط وپابندی مندرجہ وثیقہ ہذا قرار دیوے درصورت

عدم تقرری کے امر تولیت راجع بطرف اس شخص کے ہوگا جو مشہور تقوی و زہد و اعلم و مجتہد بھی ہووے
اور ہر ایک متولی مابعد کو اپنے ماسبق متولی کے انتقال پر فوراً اجائداد موقوفہ پر قبضہ متلیا نہ کرنا
اور محکمۂ مال سے دخلخارج بنام اپنے کرانا واجب ہوگا +

دفعہ دوسری یہ کہ ہر ایک متولی کو لازم ہوگا کہ بغرض تکمیل داخل خارج و انجام دہی کل امور عدالت
و محکمہات سرکاری و نیز انجام دہی کار متعلقہ مواضعات موقوفہ کے ایک مختار نامہ عام مصدق
برجسٹری حوالہ کارندہ دیہات موقوفہ کی کرے و اگر اجیانا کوئی کارندہ جدید مقرر کیا جاوے
تو اُس سے ضمانت کامل باضابطہ بتعداد مناسب لیلیجاوے اور بتاکید تمام ہدایت کیجاوے کہ
افزایش منافع و آبادی مواضعات و نگرانی سوانہ مین بستعدی تمام کوشان رہے اور اپنی کارگذاری
و دیانت داری متولی وقت کو دکہلاتا رہے - +

دفعہ تیسری یہ کہ ہر ایک متولی کو اختیار ہوگا جب کسی کارندہ و یا ملازم مواضعات سے بددیانتی و
با انجام دہی کاروبار متعلقہ اُسکے مین سستی و غفلت دیکہین فوراً موقوف کرکے دوسرا شخص بجائے
اُسکے مقرر کردیوین +

دفعہ چوتھی یہ کہ زرثلث محصول آبپاشی سرکار کسی سال کم و کسی سال زائد دینا پڑتا ہے کوئی
مقدار سالانہ معین نہین ہے پس ہر متولی کو چاہیے کہ جس سال زرثلث زاید دینا پڑے تو وہ
زائد روپیہ رقم آمدنی منافع سے دیلوے اور جس سال رقم ثلث کم دینا پڑے تو اُس رقم بچت کو
اندوختہ رکھین بہت سی اراضی موضع بودہیرا و چاندا پور دیہات موقوفہ مین افتادہ ہے اُسکے
تردد و زراعت مین کوشش کرین تاکہ افزایش جمع آمدنی کی ہووے مجالس عشرہ محرم و عشرہ اربعین
بالفعل شب کو ہوتی ہین متولی اگر مناسب سمجھے تو بجائے صرف روشنی دن کو کیا کرے اور ان ہر سہ
رقومات بچت مذکورہ بالا کو اگر کچھ ہو تو سیونگ بنک ڈاکخانہ سرکاری مین جمع کرتے جائین جب وہ

رقم بمقدار پانسو روپیہ کے جمع ہوجاوے تو اُسوقت گورنمنٹ پرامیسری نوٹ خرید کرلیا جاوے اسطرح
سے بدفعات دو ہزار روپیہ تک کا نوٹ خرید کیا جاوے یہ رقم اس غرض سے رکھی جاوے کہ اگر عند الخواستہ
کسی سال آفت ارضی و سماوی سے مطالبہ سرکاری مین کچھ کمی پڑے تو وہ نوٹ فروخت کرکے مطالبہ سرکاری
ادا کردیا جاوے تاکہ اصل جائداد موقوفہ خطرۂ قرقی و نیلام وغیرہ سے محفوظ رہے اور منافع نوٹ کا سادات
مومنین کو تقسیم ہوا کرے اور بعد فروخت نوٹ و ادائے مطالبہ سرکاری پہر از سر نو بدستور سابق اگر کچھ
بچت رقوم مذکورۂ بالا کی ہو تو وہ روپیہ سونیگ بنک و ڈاکخانہ مین بغرض مذکور جمع ہوتا جاوے

دفعہ پانچوین یہ کہ عشرہ محرم الحرام مین انتظام نذر مہندی و تیاری میٹہہ و حاضری و جملہ نذر شیرینی
دیگر ماہ جو کہ مندرج وقف نامہ ہذا ہے معرفت زوجہ منکوحہ من واقف کے تا اُنکی حیات رہیگا -
ہر متولی کو لازم ہوگا کہ تا حیات اُنکی یہ امور اُنہین کے متعلق رکہین اور روپیہ نقد اُسکا موافق
مصارف مندرجۂ وثیقہ ہذا پاس زوجہ منکوحہ من واقف کے بہیجا کرین کیونکہ وہ باعث مزید
ولائے اہلبیت کے ایسے امور مین بوجہ احسن انجام دیوینگے اور اگر زوجہ من واقف اس مکان موقوفہ کے
بالاخانہ مین جو بغرض مجالس مقرر کیا گیا ہے سکونت کرنا پسند کرین اور مرمت مکان کی ذمہ اپنے لیوین
تو متولی وقت کو اختیار تخلیہ مکان مذکورہ کا اُنسے نہوگا اور بصورت خالی ہونے بالاخانہ مکان کے
ہر متولی وقت بھی رہ سکتا ہے بشرطیکہ وہ بھی مرمت مکان کی ذمہ اپنے لیوے اور نیز اس بالاخانہ
مکان کو بشرطیکہ ہرج اغراض وقف مین نہو کرایہ پر دیسکتے ہین اور زر کرایہ اُسی مکان مذکور کی
مرمت مین بغرض قائم رہنے مکان کے صرف کیا جاویگا اور یہ امر ملحوظ رہے کہ مجالس عشرہ محرم و
عشرۂ اربعین و مجالس ماہانہ وغیرہ و تعزیہ داری اسی مکان مین ہوا کریگی - کسی دوسرے مکان
مین نہوگی اور ہر متولی وقت خود بھی حتی الامکان شریک مجالس ہون +

دفعہ چھٹی یہ کہ کل نکاسی تمام مواضعات موقوفہ کے سوا مالگذاری و باقی رہنے منافع از روے جمعبندی کے

حسب ذیل ہے۔

تفصیل مواضعات موسومہ محال آغا علیخان بحساب محال سولہ آنہ واقع ضلع کانپور۔

نمبر	نام موضع بقید پرگنہ	نکاسی خام بموجب سنہ ۱۳۰۰ فصلی	مالگذاری سرکار معہ ابواب وچندہ وشفاخانہ وتنخواہ پٹواری۔	منافع از روے جمعبندی۔
۱	امرودہ پرگنہ بھگنی پور	[illegible] ۱۵/۱۱	[illegible] ۵/	[illegible] ۱۰/۱۰
۲	بودہیرا پرگنہ ایضاً	[illegible] ۶/۱۳	[illegible] ۲/۱	[illegible] ۱۲/۴
۳	محمود پور گھٹ پرگنہ ایضاً	[illegible] ۱۰/۱	[illegible] ۱۲/۶	[illegible] ۶/۴
۴	چاندا پور پرگنہ ایضاً مع مالکان ادنے	[illegible] ۱۲/۳	[illegible] ۷/۹	[illegible] ۴/۶
۵	دولت پور بانگر و کچھار پرگنہ ایضاً	[illegible] ۶/۶	[illegible] ۴/	[illegible] ۲/۶
		بانگر [illegible] ۹/۲ — کچھار [illegible] ۹/۳	بانگر [illegible] ۲/ — کچھار [illegible]	بانگر [illegible] ۹/۱۴ — کچھار [illegible] ۹/۳
۶	مداریپور پرگنہ ایضاً	[illegible] ۲/۷	[illegible] ۱/۳	[illegible] ۱/۴
۷	مرید پور پرگنہ اکبرپور	[illegible] ۱/۲	[illegible]	[illegible] ۱/۲
۸	بنی پارہ جوہر پرگنہ ڈیراپور۔	[illegible] ۱۴/۴	[illegible] ۴/۹	[illegible] ۷/۹
۸ نمبر	میزان	[illegible] ۵/۱	[illegible] ۴/۶	[illegible] ۷

دفعہ ساتوین یہ کہ اس دو ہزار ایکسو نوے روپیہ سات پائی ہن سے مبلغ چار سو روپیہ زرلگت محصول آبپاشی سرکار کا تخمیناً سالانہ ہے اور مبلغ تین سو روپیہ سالانہ تنخواہ داران دیہات سے اور چار سو ساٹھہ روپیہ سات پائی خرچ دیہی و دیگر مصارف متعلقہ دیہات ہیں جملہ ایکہزار ایکسو ساٹھہ روپیہ سات پائی ہوئی اب باقی رہے ایکہزار تیس روپیہ یہ منافع خالص اعلیٰ مصارف اغراض وقف کے حسب ذیل ہے - +

تفصیل مصارف ذیل

الـ ..

شکر و شیرینی و طعام وغیرہ برائے تقسیم مجالس عشرہ محرم صہ	بنام ذاکران بابتہ مجالس عشرہ محرم صہ
صرف مہندی ۷ - محرم - صہ	صرف حاضری و میٹھہ ۸ - محرم صہ
کوئلہ و تنباکو کشیدنی و سقہ وغیرہ صرف مجالس عشرہ محرم للعہ	صرف روشنی عشرہ محرم صہ
ہدیہ ضریح مبارک و تعزیہ عشرہ محرم - صہ	بنام ماتم کنندگان ۹ - محرم - سہ
صرف دفن تعزیہ مع مزدوری بروز عاشورہ - عصہ	طعام برائے فاقہ شکنی تقسیم سادات مومنین بروز عاشورہ - صہ
اجرت چھپوائی پرچہ اعمال عاشورہ - صہ	صرف مجلس سوم ۱۲ محرم تقسیم شیرینی خوانشربت صہ

شکر عمدہ و سفید بنابر تقسیم شربت مجالس عشرہ اربعین من ابتداء ۱۰ صفر لغایت ۱۹ صفر ـعہ	بنام ذاکران بابت مجالس عشرہ اربعین ـ ـعہ
صرف روشنی مجالس عشرہ اربعین ـ ـعہ	تمباکو و کوئلہ و سقہ وغیرہ مجالس عشرہ اربعین للعہ
بنام ماتم کنندگان ۱۹ صفر ـ ـسے	صرف دفن تعزیہ معہ مزدوری ۲۰ صفر عہ
اجرت چھپوائی پرچہ زیارت اربعین ـ ـسے	دوسری صفر مجلس بلیہ برادر محمد تقی مرحوم بمقام کربلا امین الدولہ تقسیم شیرینی ـ عـ سالانہ ـ
۲۴ صفر مجلس بلیہ شیخ جعفر علی صاحب مرحوم مقام کربلائے تال کٹورہ تقسیم شیرینی ـ عـ سالانہ	واقعہ ۲۰ صفر مجلس بلیہ جنابہ والدہ صاحبہ مرحومہ بمقام کربلائے تال کٹورہ تقسیم شیرینی ـ عـ سالانہ
واقعہ ۹ ربیع الاول برائے تقسیم سادات مومنین عـ ـ	واقعہ ۱۷ ربیع الاول روز ولادت حضرت رسالت مآب صلعم عـ ـ
شیرینی نذر ـ ـہ/	تقسیم سادات مومنین ـ عہ/
واقعہ ۲۰ جمادی الثانی روز ولادت جنابہ سیدہ صلوات اللہ علیہا ـ عـ ـ	
شیرینی نذر ـ ـہ/	تقسیم سادات مومنین ـ عہ ـہ/

واقعہ ۲۸ جمادی الثانی صرف طعام بنابر فاتحہ ولیمہ جناب شیخ محمد علی صاحب مرحوم ۔

صہ سالانہ

واقعہ ۲۶ جمادی الاول مجلس ولیمہ شیخ محسن علی صاحب مرحوم بمقام کربلائے امین الدولہ

تقسیم شیرینی ۔ ۔ عہ سالانہ

واقعہ ۲ رجب مجلس ولیمہ شیخ محمد حسن صاحب مرحوم بمقام کربلائے تال کٹورہ تقسیم شیرینی ۔

عہ سالانہ

واقعہ ۱۳ رجب روز ولادت حضرت امیر المومنین علیہ السلام ۔

سے ر

شیرینی نذر ۔ ۔ تقسیم سادات مومنین ۔

عہ ر عہ ۔

واقعہ ستائیس رجب روز مبعث جناب رسالتمآب صلعم ۔

عہ ۔

شیرینی نذر ۔ تقسیم سادات مومنین ۔

۸ ر عہ

واقعہ تیسری شعبان روز ولادت باسعادت حضرت امام حسین علیہ السلام ۔

سے ر

شیرینی نذر ۔ تقسیم سادات مومنین ۔

عصہ ۔ عہ ۔

واقعہ نویں شعبان بنابر مجلس ولیمہ حکیم مشتاق علی خان مرحوم ۔

معہ ر

مجلس ولیمہ تقسیم شیرینی خواہ شربت بحث طعام فاتحہ - صہ ر   عہ ر
واقعہ پندرہ ۱۵ شعبان روز ولادت حضرت صاحب الامر علیہ السلام - صہ ر
شیرینی نذر مع مہندی -   تقسیم سادات مومنین - سے ر   عہ ر
واقعہ پندرہ ۱۵ ماہ رمضان روز ولادت باسعادت حضرت امام حسن علیہ السلام عہ ر
شیرینی نذر -   تقسیم سادات مومنین - ۸ ر   ۸ عہ ر
صرف مجالس ماہ رمضان ۱۹ و ۲۰ و ۲۱ تقسیم شیرینی خواہ چھوہارا ۳ یوم لعہ
صرف تقسیم نان خمیری وسالن ماہ رمضان بنا بر سادات مومنین - سہ
اجرت چھپوائی پرچہ اعمال شب قدر ماہ رمضان - صہ ر
بنام ذاکر مجالس ماہ رمضان ۱۹ و ۲۰ و ۲۱ - عہ ر
تقسیم قرآن مجید بنا بر سادات مومنین ماہ رمضان - صہ ر

واقع دوسری ذیقعدہ مجلس [illegible] حکیم رمضان علی خان صاحب مرحوم بمقام کربلائے تال کٹورہ تقسیم شیرینی - [illegible] سالانہ	
صرف قربانی عید الضحیٰ ۱۰ ماہ ذیحجہ - [illegible]	صرف عید غدیر ۱۸ ذیحجہ - [illegible]
تقسیم نان خمیری و سالن سادات مومنین [illegible]	نقد تقسیم سادات مومنین - [illegible]
صرف نوروز - [illegible]	
شیر سینی نذر - [illegible]	تقسیم سادات مومنین [illegible]
صرف مجالس ماہانہ واقع بست و ہشتم ہر ماہ تقسیم شربت خواہ شیرینی - [illegible] سالانہ	
صرف روشنی قبر جناب شیخ محمد علی صاحب مرحوم واقع صحنچی کربلائے تال کٹورہ [illegible] سالانہ	
تقسیم صافی و کمل ہو سہ سرما سادات مومنین - [illegible] سالانہ	
بنام ذاکر مجالس ماہانہ واقع اٹھائیس ہر ماہ - [illegible] سالانہ	
صرف تمباکو و کوئلہ و سقہ وغیرہ مجالس ماہانہ اٹھائیس ہر ماہ - [illegible] سالانہ	

رقم شبرجات نقد برائے تقسیم سادات مومنین۔

ما سہ سالانہ

تقسیم معرفت جناب ممدوح الصدر۔ تقسیم معرفت من واقف

ف

مالــہ

کرایہ شطرنجی و چاندنی و نگیرہ و تیاری چاندنی و مزدوری شوب فرش وغیرہ مجالس عشرہ محرم و مجالس عشرۂ اربعین و مجالس دیگر۔

عـــہ سالانہ

صرف سفیدی و مزدوری مکان تعزیہ داری عشرہ محرم۔

للعہ سالانہ

قرآن خوانان نفران فی نفر للعہ درماہا۔

ر لعہ سالانہ

میر وارث علی ولد میر حسین علی ساکن لکھنؤ محلہ رستم نگر۔

سہ سالانہ

لالہ ماتا پرشاد ولد لالہ دیبی پرشاد ساکن فتحپور رہسوا۔

ا عہ سالانہ

خدا بخش ولد مینا بخش ساکن لکھنؤ۔

للو عہ سالانہ

میر امداد حسین ولد میر محمد حسین ساکن اینٹھی بہند کی میان۔

للو عہ سالانہ

تفصیل قطعات مکانات واقع شہر لکھنؤ محلہ بنجاری ٹولہ و منڈی غازی و اتبع مکا متعلقہ تھانہ چوک جملہ قطعہ۔ سے قطعہ
قطعہ مکان موسومہ نالہ والا واقع محلہ باغ مکا۔ یک
قطعہ مکان سبیل والا معہ دوکان واقع محلہ بنجاری ٹولہ۔ یک
قطعہ مکان مسکونہ خدا بخش واقع منڈی غازی معہ چبوترہ پیش دروازہ۔ یک
قطعہ مکان مسکونہ ہاشم معہ کوٹھری بیرونی و چبوترہ پیش دروازہ واقع محلہ منڈی غازی یک
قطعہ مکان پختہ کلان معہ کمرہ و چبوترہ پختہ پیش کمرہ بیرونی مسکونہ واقف واقع محلہ بنجاری ٹولہ۔ یک
قطعہ مکان موسومہ دیوانخانہ و یک درہ پیش دروازہ و پھاٹک پختہ معہ دو صحنچی ہر دو جانب بقدر نصف حصہ واقف۔ یک

دفعہ آٹھوین یہ کہ یہ امر ملحوظ خاطر رہے کہ بالفعل جو رقم زر ثلث و خرچ دیہی سکے لئے بمقدار مقرر کر دی ہے یعنی مبلغ چار سو روپیہ بابتہ زر ثلث آبپاشی نہر گنگ اور مبلغ چار سو ساٹھ روپیہ سات پائی خرچ دیہی معہ دیگر مصارف متعلقہ دیہات مذکور یہ رقم ہر سال کے واسطے محصور و معین نہین ہو سکتی ہے بلکہ ہر سال کمی و بیشی ہوا کریگی پس حسب سال

الا ہر دو رقوم مذکورۂ بالا سے جس قدر روپیہ اور باقی رہے تو یہ رقم بحث امور خیر تجہیز و تکفین سادات
مومنین محتاجین مین ہر متولی وقف صرف کیا کرے ٭

دفعہ ۹ نوین یہ کہ اگر احیاناً بمصلحت وقت ان دیہات موقوفہ کا ٹھیکہ دینے کی ضرورت پڑے تو ہر متولی وقت
کو اختیار حاصل ہے کہ ٹھیکہ دیہات موقوفہ کا بعد لینے ضمانت کامل باضابطہ کے واسطے پانچ سال کے دے
نہ کہ زائد از پانچ سال کے کیونکہ ایسا ٹھیکہ دینا منافی اغراض وقف کے نہین ہے ٭

دفعہ ۱۰ دسوین یہ کہ مجلس خانہ جو تاریخ اٹھائیسوین کو ہر ماہ کی ہوتی ہے یہ مجلس بعد انتقال واقف تاریخ
انتقال واقف مین ہوا کریگی ٭

دفعہ گیارہوین یہ کہ منجملہ رقومات یافتنی سرکار مصرحہ بالا کے رقم ثلث آبپاشی نہر گنگ صرف تا میعاد
بند وبست حال ادا کرنی ہوگی یہ رقم بعد میعاد بند وبست و ترمیم جمع مالگذاری کے سرکار سے
واگذاشت ہو جاویگی ورنہ لیجاویگی اسوقت اختیار اضافہ لگان بھی کاشتکاران پر کرنا جائز
ہوگا تب رقم منافع مین افزایش ہوگی تو وہ رقم افزایش واسطے سامان عقد و نکاح دختران ناکتخدا سادات
مومنین مین متولی وقت کو صرف کرنا لازم ہوگا ۔ ٭

دفعہ ۱۲ بارھوین یہ کہ اگر کسی سال مین خدانخواستہ بحالت پیش آنے کسی آفت ارضی و سماوی کے یا باقی رہنے
ذمہ اسامیان کے منافع کم آوے تو بموجب حصہ رسدی مصارف مین بھی کمی کیجاویگی لیکن تنخواہ داران کی
تنخواہ اور رقم تبرعات مین کمی نہوگی ٭

دفعہ ۱۳ تیرہوین یہ کہ ہر متولی وقت کو لازم ہوگا کہ روپیہ منافع کا مواضع موقوفہ سے اسوقت تک
طلب کرے جبتک بیباقی مطالبہ سرکاری کی نہووے الا بضرورت مصارف عشرہ محرم و
اربعین کے طلب کرنا مضائقہ نہین ہے ۔

دفعہ ۱۴ چودھوین یہ کہ مکان و بولخانہ معہ پھاٹک پختہ دہر دو صحنچی متعلقہ اسکے مین نصف بقدر حصہ

اپنے کے بینے وقف کیا ہے اُس مکان مین اور نیز دیگر چار قطعہ مکانات موقوفہ مین متولی
وقف کو اختیار حاصل ہوگا کہ درصورت خالی ہونے کے اُنھین کرایہ دار رکھین اور زر کرایہ کو مرمت
مرمت مکانات مذکورہ مین صرف کرین تاکہ مکانات منہدم وخراب نہونے پائین ۔ ✣

دفعہ پندرھوین ۱۵ یہ کہ چھ نفر تنخواہداران جو مندرج وقفنامہ ہذا ہین منجملہ اُنکے دو نفر قرآنخوان بمشاہرہ
چار چار روپیہ ماہواری بنا بر قرآنخوانی قبر جناب شیخ محمد علی صاحب مرحوم ومغفور وقبر جنابہ والدہ
ماجدہ مرحومہ واقع کربلاے ناہل کٹورہ مین مقرر ہین تاحیات واقف اُنکی تقرری ہر دو قبر پر رہیگی اور
بعد میرے انتقال کے بشرطیکہ لکھنو مین انتقال ہو اُنمین سے ایک قرآن خوان کو قبر واقف پر متولی
وقف مقرر کردے اور جو لکھنو مین واقف کا انتقال نہو تو وہی قرآن خوان کربلاے مذکور مین
پڑھیگا اور ثواب ختم کا میری روح کو بخشندہ ہوگا ۔ ✣

دفعہ سولھوین ۱۶ یہ کہ میر وارث علی ولد میر حسین علی مرحوم واسطے تقسیم شربت وطعام وشیرینی وغیرہ
مجالس عشرہ محرم وعشرہ اربعین ومجالس ماہانہ وغیرہ کے معین ہین اور میر امداد حسین ولد میر
محمد حسین وخدابخش ولد بینا بخش واسطے بچھانے فرش وکرنے روشنی وبھرنے حقہ وپلانے
پانی وغیرہ اہل مجلس کے مقرر ہین اور لالہ ماتا پرشاد ولد لالہ دیبی پرشاد ساکن فتحپور ہسوہ جوکہ
عرصہ سے ملازم ہین واسطے تحریر جمع وخرچ وواصلباقی آمدنی وارسال تمام دیہات موقوفہ
مع دیگر مصارف جائداد موقوفہ کے معین کیے گئے ہین ہر متولی کو چاہیئے کہ تنخواہ اُنکی
ہر شخص ماہی بماہ برابر دیتے رہین اور جو اُنمین سے خدمت مقررہ مذکورہ کا انجام
نہ دیوے اور غفلت اور غیر حاضری یا کوئی امر خلاف مرضی متولی وقت کے کرے تو متولی
وقت کو اُنکی موقوفی اور بجاے اُنکے دوسرے شخص کی تقرری کا اختیار ہوگا اور بعد انتقال
تنخواہداران مذکور کے متولی کو اختیار ہے کہ بجاے اُنکے جسکو چاہین مقرر کرکے کام متعلقہ کا اُسنے

لیوین۔ +

دفعہ سترہوین یہ کہ ہر متولی کو چاہیے کہ حسب طور آمدنی منافع و مصارف جائداد موقوفہ کا بطریق واضح مرتب و درست لکھین اور اس حساب کی جانچ خود متولی پر فرض ہے اور ہر آخر حساب پر اپنے دستخط کیا کرین ان الفاظ سے کہ یہ حساب درست و صحیح ہے اور وہ حساب مصارف ہر متولی اپنے متولی مابعد کے حوالہ کیا کرے تاکہ قائم مقام متولی کو آگاہی مصارف و انتظام سے رہے اور نیز متولی وقت حساب فہمی و جانچ جمع و خرچ و واصلباقی آمد و ماہوار سالتمام کے بابت دیہات موقوفہ کے سربراہ کارندہ و محرران دیہات سے کرتا رہے۔ +

دفعہ اٹھارہوین یہ کہ جو کہ مبلغ دوسو تیس روپیہ رقم تبرعات کی قرار دیگئی ہے منجملہ اس رقم کے پچاس روپیہ تو معرفت قبلہ و کعبہ جناب میر آغا صاحب مدظلہ العالی کے سادات مومنین کو تاحیات من واقف تقسیم ہوا کرینگی اور جناب ممدوح کو یہ بھی اختیار رہے کہ بروقت ضرورت اپنی ذاتی مصارف مین صرف فرما دین یا تقسیم کیا کرین اور ایکسو اسی روپیہ معرفت من واقف کے تقسیم ہونگے بعد انتقال من واقف پچاس روپیہ مذکورہ بالا سے مبلغ پچیس روپیہ سالانہ بنا بر فاتحہ و تقسیم طعام مجلس بتقریب مجلسیہ من واقف مین صرف ہوا کرینگے باقی پچیس روپیہ جو رہے وہ بدستور ہمیشہ واسطے تقسیم سادات مومنین کے قائم رہینگے اور ایکسو اسی روپیہ جو بجہہ واقف کی معرفت تقسیم ہوتے ہین یہ کل رقم سالانہ پندرہ روپیہ ماہواری کے حساب سے ہر متولی مابعد میرا بعوض حقوق خدمت تولیت کے تنخواہ اپنی لے لیا کریگا اور اسیطرح ہر متولی بعد متولی ماسبق اپنے کے لیتا رہیگا۔ +

دفعہ انیسوین یہ کہ وارثان و قائم مقامان میرے کو نسبت اس جائداد موقوفہ اور اسکے انتظام کے کبھی کسی وقت اور کسی زمانہ مین اور کسی حالت مین اختیار مداخلت کا حاصل نہوگا۔ +

دفعہ بیسوین یہ کہ اگر کوئی متولی دقت خلاف شرائط وقف نامہ ہذا کے عمل کرے تو ہر شیعہ مومن خصوصا

احباب من واقف کو لازم ہوگا کہ اُس متولی وقف سے تاکیداً تعمیل شرائط مندرجہ وقف نامہ ہذا کے کراتے -+

دفعہ اکیسویں یہ کہ جائداد موقوفہ مذکور پر کسی قسم کا بار نہیں ہے اور اسوقت تک جمیع اشتغالات سے بری ہے اور مالیت اُسکی چوبیس ہزار روپیہ للعہ.. کی تفصیل ذیل ہے اسپر اسٹامپ لگایا گیا ہے لہذا یہ وقف نامہ دائمی او پر اسٹامپ کامل القیمت کے لکھدیا کہ سند ہو اور وقت پر کام آوے فقط

تفصیل مالیت جائداد وقف -+

للعہ ..

قیمت مواضعات موقوفہ ۳ موضع	قیمت مکانات موقوفہ ۶ قطعہ
بعہ ..	الحہ ..

حدود اربعہ مواضعات موقوفہ واقع ضلع کانپور +

۳ موضع

امرودہ پرگنہ بھوگنی پور +

شرقے	غربے	جنوبے	شمالے
موضع بودہیرا	پاتی پور شاہ پور	محمود پور گمٹ	گوری رجن

بودہیرا پرگنہ بھوگنی پور +

شرقے	غربے	جنوبے	شمالے
چاندا پور	گوری رجن و امرودہ	محمود پور و پیری	برواہا و بھوگنی پور

محمود پور گمٹ پرگنہ بھوگنی پور +

شرقے	غربے	جنوبے	شمالے
پیری	شاہ پور	ادوی پور	امرودہ و بودہیرا

چاندا پور پرگنہ بھوگنی پور

شرقی غربی جنوبی شمالی

بھور و لونا پور لودھیرا و بہری کیتھرا پیروہا

دولت پور بانگر و کچھار پرگنہ بھوگنی پور

شرقی غربی جنوبی شمالی

ڈلولے دریای جمن ضلع جالون دریای جمن ضلع جالون چورا

مداری پور پرگنہ بھوگنی پور

شرقی غربی جنوبی شمالی

تمرا پور بھورامو و رتھو شتار پور عمرا پور

مرید پور پرگنہ اکبر پور

شرقی غربی جنوبی شمالی

سنہی پرگنہ اکبر پور و آوگی سبھہر پور پرگنہ پرتاب پور پرگنہ اکبر پور موضع اکبر پور معروف کو شبن

پرگنہ شیوراج پور شیوراج پور پرگنہ شیوراج پور

بنے پارہ جوہر پرگنہ ڈیرا پور۔ +

شرقی غربی جنوبی شمالی

کاری و سو بنرسا بنے پارہ مہاراج ڈگرہا جھجھویا و للپورہ

حدود اربعہ مکانات موقوفہ واقع شہر لکھنؤ +

٦ قطعہ

مکان پختہ کلان مسکونہ واقعہ معہ کمرہ و چبوترہ پیش کمرہ بیرون درواز دو واقع محلہ بنجاری ٹولہ معہ

دیوار ہر چہار طرف - یک قطعہ

شرقی غربی جنوبی شمالی

مکان مسکونہ ہاشم کوچہ غیر نافذہ والیہ الباب مکان دیوانخانہ حویلی پختہ مسماۃ آمنہ بیگم

وچبوترہ پختہ صاحبہ -

مکان پختہ سبیل والہ معہ دو دکان واقع محلہ بنجاری ٹولہ دیوار ہر چہار طرف - یک قطعہ

شرقی غربی جنوبی شمالی

راستہ و دو دکان شجاع بیگ راستہ والیہ الباب کوچہ نافذہ - کوچہ نافذہ -

---

مکان دیوانخانہ و یکدرہ معہ پھاٹک پختہ و دو صحنچی ہر دو جانب بقدر نصف حصہ وقف واقع

واقع محلہ بنجاری ٹولہ دیوار ہر چہار طرف - یک قطعہ

دیوانخانہ سہ باب درہ -

شرقی غربی جنوبی شمالی

ملحق مکان مسکونہ خدا بخش کوچہ غیر نافذہ ملحق مکان کھنڈل الملک ملحق مکان آغا علیجان

حسین خانصاحب واقف

پھاٹک پختہ معہ دو صحنچی ہر دو جانب

شرقی غربی جنوبی شمالی

ملحق مکان کھنڈل ملحق مکان ہاشم علیجان راستہ شاہراہ والیہ الباب دیوانخانہ و کوچہ غیر نافذہ

اعلاف حسین خانصاحب صاحب وغیرہ

مکان پختہ مسکونہ خدا بخش سابق موسومہ غلام رضا خان والا واقع محلہ غازی منڈی دیوار ہر چہار

طرف - یک قطعہ

شرقی	غربی	جنوبی	شمالی
کوچہ نافذہ و چبوترہ وزینہ پختہ والیہ الباب	مکان دیوانخانہ	مکان کہنہ ابوالحاث حسین خان صاحب -	مکان مسکونہ ہاشم والا

مکان مسکونہ ہاشم سابق موسوم اہل خانہ رضا حسین خان والا معہ کوٹھری بیرونی واقع محلہ منڈی غازی دیوار ہر چہار طرف - یک قطعہ

شرقی	غربی	جنوبی	شمالی
کوچہ نافذہ والیہ الباب و چبوترہ معہ زینہ -	مکان مسکونہ آغا علیخان	مکان مسکونہ خدا بخش واقف -	مکان مسماۃ آمنہ بیگم صاحبہ -

مکان موسومہ نالا والہ واقع محلہ باغ مکا دیوار ہر چہار طرف - یک قطعہ

شرقی	غربی	جنوبی	شمالی
مکان ذاتی خدا بخش	مکان نراین کوری	کوچہ نافذہ والیہ الباب	مکان خیراتی بہشتی -

گواہ شد	العبد
علی محمد عفی عنہ بقلم خود	مہر بیٹے اپنے ہاتھ سے ثبت کی -
گواہ شد	(آغا علیخان)
محمد عباس عفی عنہ بقلم خود -	آغا علیخان بقلم خود
گواہ شد	گواہ شد
علی عباس عفی عنہ بقلم خود	مرزا صادق حسین ولد مرزا آغا حسن خان بقلم خود
گواہ شد	گواہ شد
عطا حسین بقلم خود ولد مرزا احمد حسین ساکن جوہری محلہ شہر لکھنؤ	سید حیدر حسین ولد سید محمد حسن ساکن قصبہ [illegible]

[illegible]

گواہ شد — گواہ شد

گنگا پرشاد ولد شیو چرن لال مرحوم ساکن — سید ارتضی حسین ولد سید لطف حسین ساکن

شہر لکھنؤ محلہ سہوائی گنج بقلم خود — میران پور ضلع بارہ بنکی تحصیل حیدر گڈھ پرگنہ سدہور

گواہ شد — گواہ شد

سید رضا حسین ولد سید میر علی مرحوم ساکن کڈھیا — سید صفدر حسین ولد میر عاشق حسین

چودہری شہر لکھنؤ بقلم خود - — گواہ شد محبت رائے ولد رام سہائے ساکن نوازگنج بقلم خود -

مضمون حرف بحرف کاتب نے خود پڑھ کر سمجھ لیا فقط -

العبد

محبت رائے بقلم خود

المرقوم ۲۹ - ماہ جون سنہ ۱۸۹۴ء مطابق ۲۴ - ماہ ذیحجہ سنہ ۱۳۱۱ ہجری یوم جمعہ بقلم محبت رائے

حکیم حسین علیخان عرف حکیم غلام علیخان ابن حکیم امام الدین خان امامیہ بمقام شاہجہان آباد پیدا ہوئے یہ جوان رعنا کشیدہ قامت تھے - علوم عربی فارسی طب اپنے والد بزرگوار سے پڑھے تھے - امراض عسر البرء کو باتون مین اچھا کرتے تھے - شاہ عالم عالی گہر کے وقت مین انکا منصب پانصدی ذات پانسو سوار کا تھا تاریخ ۲۶ - جمادی الثانی سنہ ۱۲۴۲ھ انتقال کیا اور بمقام امروہہ دفن ہوے -

حکیم عظیم علیخان ابن حکیم غلام علیخان امامیہ بمقام امروہہ پیدا ہوے - طبیب متقی پرہیزگار محاسب منشی تھے - جملہ کتب طبیہ بلا تکلف پڑہاتے تھے اور مطب بہت صاف تھا تاریخ ۲۴ ربیع الاول سنہ ۱۲۸۰ھ روز دوشنبہ بمقام امروہہ بعمر ۷۲ سال انتقال کیا - اشخاص مفصلۂ ذیل نے جملہ کتب طبیہ انسے پڑہی اور مطب کیا - حکیم جواد علی خان - حکیم صادق علیخان پسران -

ذکر حکیم جواد علی خان -

حکیم نیاز علی خان بھانجہ حکیم سید علی ندر صاحب دانشمند - حکیم سید کمال علی صاحب رئیس کوٹہ - حکیم جواد علیخان ابن حکیم عظیم علیخان امامیہ فارسی عربی اچھی طرح سے پڑھے اور جملہ کتب طبیہ اپنے پدر بزرگوار سے پڑھین اور انہین سے مطلب کیا طبیب حاذق صاحب تجربہ ہین اشعار فارسی و اردو بھی موزون کرتے ہین منکسر المزاج حلیم الطبع ہین تاریخ یکم ماہ شوال سنہ ۱۲۴۲ھ بمقام امروہہ پیدا ہوے اور ۱۲ ماہ دسمبر سنہ ۱۸۹۶ء مطابق ۷ ماہ رجب المرجب سنہ ۱۳۱۴ھ انتقال فرمایا اور امروہہ مین دفن ہوے

ذکر حکیم صادق علی خان -

حکیم صادق علیخان ابن حکیم عظیم علیخان امامیہ بمقام امروہہ پیدا ہوے متقی پرہیزگار خوش خلق طبیب کامل تھے انکے مطب مین صدہا آدمی ہر وقت موجود رہتے تھے دست شفا ایسا تھا کہ مریضان تختہ مشق اطبا ہفتہ عشرہ مین انکے علاج سے صحت پاتے جن مریضون کو اکثر اطبا ناممکن العلاج قرار دیتے انکے علاج سے وہ مرض بہت جلد اچھے ہو جاتے - عادت قدیمہ انکی یہ تھی کہ بعد دیکھ لینے جملہ مریضون کے کھانا کھایا کرتے تھے اگر بوجہ کثرت مریضون کے نوبت کھانے کی دو تین بجے دن تک پہنچتی تو بھی ایک ذرہ مکدر نہوتے اور بکمال خندہ پیشانی و خوش خلقی ہر ایک کا حال سنتے اور نسخہ لکھکر اُسکو سمجھاتے تھے سید مصطفی صاحب نگلہ - سید ابن حسن صاحب گدڑی - سید مصطفی حسن صاحب گدڑی - سید جواد حسین - سید نذر حسین - شیخ علی بخش انکے شاگرد ہین تاریخ ۲ جمادی الثانی سنہ ۱۳۰۹ھ بمقام امروہہ بعمر باون سال انتقال کیا انکے دو بیٹے ہین ایک سلطان علی خان امامیہ ۲۹ ماہ ربیع الاول سنہ ۱۲۸۲ھ بمقام امروہہ پیدا ہوے فہمیدہ ہوشیار سلیم الطبع منکسر المزاج خلیق حلیم ہین اردو و فارسی مین استعداد معقول ہے انگریزی بقدر ضرورت جانتے ہین تحصیل علم طب بھی کرتے ہین - +

ریحان علی خان امامیہ ۱۵ ماہ رجب سنہ ۱۳۰۵ ہجری بمقام امروہہ پیدا ہوے جوان کشیدہ قامت گندم رنگ ذکی عقیل فہیم ہین اردو و فارسی مین استعداد اچھی ہے انگریزی مڈل کلاس امروہہ ہائی اسکول مین پڑھتے ہین - +

ذکر حکیم ابو علی خان -

حکیم ابو علی خان بن حکیم غلام علی خان امامیہ جامع معقول و منقول تھے ورع و تقوی مین وحید تاریخ ۱۸ ماہ جمادی الثانی سنہ ۱۲۱۲ ہجری بمقام شاہ جہان آباد متولد ہوے چار برس کی عمر مین اپنے والدین کے ساتھ امروہہ ضلع مراد آباد مین آئے - اور علوم درسیہ صرف و نحو و منطق و فقہ و حدیث جناب مولوی سید محمد عبادت صاحب

مرحوم پیشنماز متوطن محلہ محمد شفاعت متصلات امروہہ ضلع مراداباد سے کہ شاگرد عالم ربانی جناب سید دلدار علی صاحب علیہ الرحمہ نصیرآبادی کے تھے حاصل کیے اور علم حکمت وطب وریاضی مین حکیم رضی الدین خان صاحب اپنے نانا حقیقی سے مستفیض ہوئے ۲۲ برس کی عمر مین بمقام باندہ بتقریب روزگار گئے اور باندہ مین ایک سال کوتوال باندہ دکالیجر رہے اور چہ مہینے نائب تحصیلدار پہر ساڑھے تین برس تحصیلدار رہے پہر وہان سے استعفا دیکر برفاقت جناب اسکاٹ صاحب بہادر جج میرٹھ مین پہونچے بمقام میرٹھ شرف تلمذ جناب قدسی مآب حضرت مفتی سید محمد قلیخان صاحب بہادر صدر الصدور میرٹھ متوطن کنتور ملک اوده شاگرد رشید جناب سید دلدار علی صاحب مرحوم سے مشرف ہوئے اور جناب اقدس سے آیات سے شرائع الاسلام فقہ اور بہت متفرق چیزین پڑہین اور پچیس برس تک اکثر اوقات خدمت جناب محتشم الیہ مین حاضر رہے اور جسقدر نوازش جناب معظم الیہ کی انکے حال سے مبذول تہی قلم بریدہ زبان اسکے بیان سے قاصر ہے اسی فیض صحبت سراپا برکت سے جناب ممدوح کو علم کلام سے بہت شوق تہا چنانچہ علم کلام مین ایک کتاب ہادی المخالفین بجواب تحفہ المسلمین تصنیف نواب مبارک علی خان اور دوسری حجۃ الایمان بجواب رسالہ مولوی مبارک اللہ اور تیسری سیف المومنین الملقب بکشف الرین فی اثبات العزاء علی الحسین تصنیف کین یہ کتاب سیف المومنین ۱۲۹۲ھ مین بمقام لکھنؤ محلہ نخاس جدید مطبع جعفری مین طبع ہوئی۔ اور فن طب مین ایک حاشیہ مسمی بتعلیقات اکبر طب اکبر پر لکھا جسمین دلائل وغیرہ مندرج ہین۔ اور ایک رسالہ مسمی بفوائد حسینیہ مشتمل اوپر ذکر امزجہ اور خواص وافعال اور منافع اور مضار ادویہ ہندیہ کے اور محتوی اوپر نسخہائے مجربہ اور جواب سوالات متفرقہ متعلقہ فن طب کے حلیہ تصنیف سے محلی کیا اور جناب اسکاٹ صاحب بہادر کے وقت سے اجمیر

عمر تک وکیل عدالت دیوانی محکمہ ججی میرٹھ رہے بتاریخ ۱۲ - صفر ۱۳۲۷ھ انتقال کیا اور امروہہ مین دفن ہوے۔

ذکر شاگردان

حکیم امجد علی خان ولد حکیم ابو علیخان مرحوم - حکیم خادم حسین ولد حکیم کریم بخش ساکن میرٹھ - حکیم فضل حسین ولد منشی شرف الدین ساکن لیسہاری دروازہ میرٹھ - حکیم غلام حسین ساکن میرٹھ - حکیم عطا حسین ولد حکیم غلام حسین ساکن میرٹھ - جناب عموی حکیم نیاز علی خان صاحب ان سب صاحبون نے اول سے اخیر تک مع قانون شیخ کتب طبیہ حضرت سے پڑہین اور چار چار پانچ پانچ سال تک مطب کیا - ان صاحبون کے سوا صدہا اشخاص نے کتب طب و کتب دیگر علوم حضرت سے پڑہین کوئی سال دو سال کوئی چھ ماہ ایک سال پڑہکر چلے گئے انکے نام لکھنے مین خوف طوالت ہے - حضرت کو روح پر فتوح جناب امام حسین علیہ السلام سے ایک نسبت کاملہ تھی اکثر اوقات بوجہ مذکور امور عجیبہ کا ادراک بیقظۃ اور مصداق المومن یری بنور الایمان الحدیث ظاہر ہوتا تھا اور خواب مین جو کچھہ دیکھہ لیتے تہے ہمیشہ اُسی کی موافق ہوتا تھا جناب حکیم امجد علیخان صاحب کو انکی روح پاک سے بہت فیض حاصل ہوا ہے عالم حیات مین ممالک دور و دراز سے مدد کرتے تہے اور بوقت مشکل خواب مین صاف فرما دیتے کہ ایسا کرو اور بعد ممات بہی حالات تردد مین بہت مدد فرماتے اگر وہ سب حالات زبانی جناب ممدوح مدظلہ العالی تحریر کیے جاوین تو ایک کتاب جداگانہ ہو جاوے - بوقت مطب اول علاج غربا کرتے تہے دست شفا اس قدر تہا کہ بیمار آیا فوراً اچھا ہوا - جملہ کامون مین انجاح حاجات مومنین و خدمت و تعظیم سادات کرام کو مقدم جانتے تہے اور تمام زندگی اپنے اجراے امور دین و نصرت مذہب امامیہ مین صرف کی جزاہ اللہ تعالی خیر الجزاء - امور خیر بہت ہین مگر بطور رشتے نمونہ از خروارے تحریر ہوتا ہے -

اول جناب منشی سید نجابت علی صاحب مرحوم و مغفور (منشی صاحب رئیس بانس بریلی تہے اور

مدت پچاس سال سے محلہ اندرکوٹ شہر میرٹھہ مین رہتے تھے انکا مذہب امامیہ تھا اکثر اوقات
تلاوت قرآن شریف کیا کرتے تھے ۔ سوائے نماز پنجگانہ تہجد کبھی ناغہ نہوتا تھا ہر روز انکے
دولتخانہ پر مجالس فضائل و مصائب چہاردہ معصوم صلوٰۃ اللہ علیہم منعقد ہوتی تہی ۔ کل
ساکنان میرٹھہ کیا ہندو کیا سنت وجماعت کیا شیعہ امامیہ انکو ولی اللہ جانتے تہے) فرماتے
تھے کہ ایک شب جناب امام حسین علیہ السلام کی خواب مین مینے زیارت اسطرح سے کی ۔ کہ
حضرت تشریف رکہتے ہین اور جناب حکیم ابوعلیخان صاحب مرحوم حضرت کے سامنے دو زانو باادب
بیٹھے ہین اور کتاب سیف المومنین الملقب بہ کشف الرین فی اثبات العزاء علی الحسین حکیم صاحب
کے ہاتھہ مین ہے اور اسمین سے پڑہ کر سناتے ہین اور حضرت خامس آل عبا علیہ التحیۃ والثنا
جزاک اللہ فرماتے ہین ۔ +

دوم سید غلام مہدی صاحب متوطن امروہہ محلہ محمد شفاعت مرحوم بیان کرتے ہین کہ ایکروز
بمقام میرٹھہ ایک صاحب جوان قوی تشریف لائے اور کچہہ اپنا حال بیان کیا جناب حکیم صاحب
قبلہ مرحوم نے فرمایا کہ تین روز کے بعد دیکہا جاویگا جب چلے گئے تو فرمایا اگر ماند شبے ماند
شبے دیگر نمی ماند چنانچہ وہ شخص اگلے روز علی الصباح مرگیا ۔ +

سیوم راجہ گلاب سنگہ رئیس کچیسر ضلع بلند شہر کی دختر نیک اختر بمرض خناق علیلہ تہی اور
یہ ضد تہی کہ نہ دوا پیون نہ کچہہ ضماد کرون جناب جدی العلامہ اعلی اللہ مقامہ فی دارالکرامہ
نے ارشاد کیا کہ اپنے گہر مین سے قدرے کشنیز خشک لیکر چباؤ صحت ہو جائیگی چنانچہ اوسی
روز شام تک صحت ہوگئی ۔ +

چہارم ایک مرتبہ جناب والدی ماجدی مدظلہ العالی کو نسخہ حب جدوار کی ضرورت تہی وہ
نسخہ جسکا استعمال اس خاندان مین چلا آتا ہے اور ہر چند تلاش کرتے تہے نہین ملتا تھا چنانچہ

شدت پشیمانی سے آنکھیں بند کرکے سر پر ہاتھ رکھکر خاموش ہوگئے عالم خیال مین دیکھا کہ جناب ممدوح تشریف فرما ہین اور دو انگلیان سبابہ اور وسطے اٹھا کر اشارہ کرتے ہین چنانچہ اسوقت خیال ہوا کہ دو ورق بعد کا اشارہ ہے جب دو ورق آلٹے تو نسخہ مذکور دست حق پرست جناب ممدوح کا لکھا ہوا دستیاب ہوا ۔

پنجم جب ہماری پہلی والدہ ماجدہ کا انتقال ہوگیا اور انکے بطن سے کوئی اولاد نرہی تو جناب جدی العلامہ اعلی اللہ مقامہ فی دار الکرامہ نے خواب مین حضرت والدی ماجدی مدظلہ العالی سے فرمایا کہ شادی کرو ہم بھی بجناب احدیت عز اسمہ واسطے ہونے تمہاری اولاد کے دعا کرینگے چنانچہ جناب موصوف نے شادی کی اور ماشاء اللہ ہم دو بھائی اور دو بہنین موجود ہین **ششم** اور ایک مسجد اپنے مکان واقع محلہ چکلی متصلات امروہہ مین تعمیر کرائی کہ اب تک موجود ہے ۔

جناب مستطاب شمس العلماء فخر الاطباء زبدۃ الحکماء ممتاز الاذکیاء جناب حکیم محمد امجد علی خانصاحب لازالت شموس اقبالہ طالعۃ واقمار اجلالہ ساطعۃ خلف رشید و فرزند سعید جناب حکیم ابو علیخان صاحب اسکنہ اللہ بحبوحۃ الجنان امامیہ تاریخ ۲۶ ماہ ذی الحجہ سنہ ۱۲۶۳ھ بمقام امروہہ متولد ہوئے صرف ونحو طب از موجز تا قانون اپنے والد بزرگوار جناب حکیم ابو علیخان صاحب سے پڑھا اور انہیں سے مطب کیا منطق حکمت ریاضی و دیگر علوم عقلیہ ونقلیہ جناب مستطاب سلطان المحققین فخر المدققین مولوی سید سراج حسین صاحب ابن جناب مفتی محمد قلی خان صاحب بہادر اعلی اللہ مقامہما فی اعلی علیین سے پڑھی تصنیف انکی تنزیہ القرآن عن وساوس اتباع (یہ کتاب مطبع خورشید ہند مراد آباد سنہ ۱۲۹۲ ہجری مین چھاپہ ہوئی ۔ وکتاب آیات محکمات وتکمیل التہذیب ورسالہ معراج المعرفۃ (یہ رسالہ جی پی ورما پریس لکھنو مین چھاپہ ہوا اور کنز المعرفۃ مطبع شوکت جعفری گولہ گنج لکھنو) وناصر الایمان مطبع ہندوستانی واقع

لکھنؤ) علم کلام مین ہین اور حال ملازمت وحسن خدمت جناب ممدوح نقول سارٹیفکیٹ
مندرجہ رسالۂ ہذا سے واضح ہے - اور جناب مفتی سید محمد قلی خان صاحب بہادر خطاب شاہ
رئیس کنتور ملک اودھ صدر الصدور میرٹھ وجناب مولوی سید محمد سیادت صاحب نور اللہ
مرقدہ متوطن امروہہ سے بھی اکثر اوقات کتب ہاے متفرق کے سبق پڑھے مگر زیادہ شغل تحصیل
بخدمت جناب مولوی سید سراج حسین صاحب اعلی اللہ مقامہ رہا - +

ذکر اشاعت امور خیر

نام کتاب	تعداد جلد	نام مطبع
کتاب تنزیہ القرآن -	۶۰۰ جلد	خورشید سید مراد آباد سنہ ۹۲ ۱۲ھ
رسالہ معراج المعرفت -	۶۰۰ جلد	جی پی ورما پریس لکھنؤ -
کنز المعرفۃ -	۳۰۰ جلد	شوکت جعفری گولہ گنج لکھنؤ -
ناصر العلم الایمان -	۶۰۰ جلد	مطبع ہندوستانی لکھنؤ -
رسالہ جواہر زواہر -	۶۰۰ جلد	رئیس المطابع بریلی -
رسالہ منتخب چند رسالہ -	۱۰۰۰ جلد	پریس متھرا
منتخب رسالہ جواہر زواہر -	۶۰۰ جلد	مطبع گنگا پرشاد ورما وبرادران لکھنؤ
فرائد الفوائد -	۱۰۰۰ جلد	مطبع ناظری طاقہ بانس بریلی
کتاب سیف المومنین الملقب بکشف الرین فی اثبات العزا علی الحسین -	۱۰۰۰ جلد	لکھنؤ محلہ نخاس مطبع جعفری سنہ ۹۲ ۱۲ھ

چھاپہ کراکے مومنین کو تقسیم کین - +

اول بمقام قصبہ غوثنہ تحصیل مہابن ضلع متھرا (یہ بستی سادات کی ہی اور سب سادات کا

مذہب شیعہ اثنا عشری ہے ایک مسجد تعمیر کرائی جسمین اپنی جیب خاص سے بھی زر بقدر معقول دیا اور دیگر صاحبان سے چندہ فراہم کر کے مسجد تعمیر کرا دی ۔

دوم ۔ اور ایک مکتب قصبہ مذکور مین واسطے درس تدریس کے قائم کرا دی ۔

سیوم ۔ قصبہ اورنگ آباد تحصیل سمتھرا مین ایک مکان عالیشان مدرسہ بعمارت پختہ سنگین زر چندہ سے تیار کیا اور خود بھی زر چندہ رقم معقول دی ایک پتھر پر نام نامی جناب معروف جناب ماسٹر کروس صاحب بہادر نے کندہ کرا کے چسپان کرا دیا ہے ۔

چہارم ۔ سمتھرا مین ایک جلسہ خاص حفاظ شیعہ کا منعقد کیا جسمین حافظ سید محمد اسمعیل صاحب و حافظ سید بشیر علی صاحب ساکنان محلہ دربار کلان منجملات امروہہ و حاجی سید حسن مثنی صاحب رئیس محلہ مذکور و سید محمد مہدی حسن صاحب و سید اصغر حسین صاحب رئیس محلہ محمد شفاعت سے تشریف لیگئے تھے اور پچیس حفاظ اہل سنت و جماعت و دو ہزار اشخاص اہل سنت و سہ صد اشخاص امامیہ جمع تھے اور آٹھ روز تک یہ جلسہ رہا دونون حفاظ نے قرآن شریف اول سے آخر تک پڑھ کر بکمال فصاحت و قرارت سنایا ۔

پنجم ۔ نبارس مین ایک جلسہ حفاظ شیعہ کا منعقد فرمایا جسمین حافظ سید محمد اسمعیل صاحب و حافظ سید محمد اسرائیل صاحب و حافظ سید منظور حسین صاحب ساکنان محلہ دربار کلان امروہہ ضلع مراد آباد کے اور پندرہ حافظ و بیس مصاحب جناب نواب محمد علی خان صاحب رئیس ٹونک مقیم بنارس اور قریب پانسو آدمی کے اور جمع تھے تینون حافظون نے بکمال حسن کلام اللہ شریف سنا دیا ۔

ششم - امروہہ مین ایک مدرسہ حفاظ جاری کیا ہے جسمین حافظ محمود خان ساکن سیرٹھ شیعہ مدرس اول و حافظ سید زمرد حسین صاحب ساکن مظفر نگر مدرس دوم ہین اور طلباء قرآن شریف حفظ کرتے ہین اسکا صرف اپنی ذات خاص سے فرماتے ہین

ہفتم - امروہہ مین واسطے درس تدریس طلباء کے ایک مدرسہ جسکا نام سید المدارس ہے یکم ماہ اگست ۱۹۰۲ء سے جاری کیا ہے جسمین قریب سو طالب العلم کے پڑھتے ہین اسمین زر چندہ کی رقم معقول ہمارے ذمہ ہے جناب موصوف کی کوشش سے سادات عظام سے چندہ مقرر ہوکر مدرسہ جاری ہے -

ہشتم - تعمیر جامع مسجد واقع محلہ محمد شفاعت مرحوم مین ایک رقم کثیر چندہ مین اپنے پاس سے دی اور مصرعہ تاریخ (این اشرف المساجد تعمیر کل جماعت) کو سنگ مرمر پچیکاری سنگ موسی سے آگرہ سے کندہ کراکے امروہہ بھیجا کہ وہ جامع مسجد موصوف مین عمدہ جگہ پر چسپان ہے -

ذکر شاگردان علم طب

نمبر	نام شاگرد	مذہب
۱	حکیم سید مصطفے صاحب ابن سید نذر حسین صاحب رئیس امروہہ محلہ گنگا	امامیہ
۲	حکیم سید گلشن علیصاحب ابن سید امان علیصاحب رئیس امروہہ محلہ بخشی -	ایضاً
۳	مولوی احمد حسن صاحب ابن پیرجی اکبر حسین صاحب رئیس امروہہ محلہ نمبردار	اہلسنت جماعت
	مولوی حامد حسین صاحب ابن پیرجی اکبر حسین صاحب رئیس امروہہ محلہ نمبردار	ایضاً
	ظفریاب خان قوم افغان ساکن ملک گنگوڑہ ضلع بجنور -	ایضاً

۶	آل نبی ولد بنیاد علی قوم شیخ ساکن امروہہ محلہ شفاعت مرحوم	ایضاً
۷	سردار احمد خان ولد نثار احمد خان قوم افغان ساکن امروہہ محلہ کٹکوئی	ایضاً

حامد علی خان صاحب ابن حکیم محمد احمد علیخانصاحب امامیہ تاریخ ۱۴ ماہ دسمبر ۱۸۶۶ء بمقام بانس بریلی پیدا ہوئے - فارسی صرف نحو شرح تہذیب عبداللہ یزدی تک منطق انٹرنس تک انگریزی ہندوستان مین پڑہی ۱۵ اپریل ۱۸۸۶ء واسطے تحصیل علوم عقلیہ یورپ اور تحصیل سند بیرسٹری کے انگلستان گئے اور بعد حصول سند بیرسٹری (تاریخ حصول سند بیرسٹری ۱۷ جون ۱۸۸۹ء) و تحصیل علوم لندن سے ماہ نومبر ۱۸۸۹ء میں اخیر واپس تشریف لائے اور مارچ ۱۸۹۰ء سے لکھنؤ مین بیرسٹری شروع کی - جناب اخی المعظم کے اوصاف سے زبان قاصر ہے مختصر حال جناب موصوف آخر کتاب فرائد الفوائد مین درج ہے - منجملہ اکثر حالات کے چند امور کا تذکرہ بحالت قیام لندن جناب بہائی حامد علی خان صاحب کا اس موقع پر کیا جاتا ہے -

نمبر ۱ - جناب بھائی حامد علی خان صاحب شروع ۱۸۸۸ء مین بعارضہ وجع مفاصل سخت علیل ہوگئے تھے ڈاکٹر امیلر صاحب (جو کہ سفارت ایران کے ڈاکٹر تھے) جناب ممدوح کے معالج تھے - ڈاکٹر صاحب ممدوح کی توجہ اور دلسوزی و علاج کے جناب بھائی صاحب قبلہ نہایت ممنون و مشکور ہین - علالت نے اسقدر طوالت پکڑی تھی کہ امید زیست منقطع ہوگئی تھی - بعد صحت ڈاکٹر صاحب نے اور نیز صاحب خانہ نے (جنکے مکان مین بھائی صاحب قبلہ مقیم تھے) یہ بیان کیا کہ حالت شدائد مرض مین ہماری یہ رائے ہوگئی تھی کہ اگر چند گھنٹے اور بھی غلبہ مرض رہا تو زندگی محال ہے - اوسی زمانہ شدت مرض مین ایک روز کا تذکرہ ہے کہ بھائی صاحب قبلہ نے

کسی ضرورت سے اپنے تیمار دار کے سہارے پر اُٹھنے کا قصد کیا مگر بباعث کثرت ضعف
غش آگیا - بعد افاقہ غشی اپنے تیمار دارون اور احباب سے جو کہ اسوقت جمع ہوگئے تھے
کہا "آپ مطمئن رہین کہ میری زندگی ہنوز باقی ہے کیونکہ مجھے بہت سے کام ابھی کرنے ہین"
چونکہ ان سب کے چہرون سے آثار تردد و تشویش ہویدا تھے کسی نے کچھ جواب نہین دیا
شب کے قریب بارہ بجے جناب برادر صاحب ممدوح پر بیساختہ حالت گریہ وزاری
طاری ہوئی - اسی حالت مین بدرگاہ شافی مطلق یہ مناجات کی -
"اے پروردگار مین مرنے سے تو نہین ڈرتا کیونکہ ہر ذی روح کو یہ سفر ناگزیر ہے
لیکن یہ خیال ضرور گذرتا ہے کہ اگر یہان موت آگئی تو لوگ یہ کہین گے کہ انگلستان کی
مٹی گھسیٹ لیگئی تھی" گو کئی شب سے ذرا بھی نیند نہین آئی تھی لیکن اس رات کو
بعد اس مناجات کے تقریباً چار بجے صبح کے غنودگی آگئی - اُس حالت مین یہ خواب
دیکھا "کہ ایک پیر بزرگ تشریف لائے ہین جنکے سر پر عمامہ اور عبا زیب تن ہے
ایک ہاتھ مین عصا اور دوسرے مین ایک چھوٹی کتاب مثل حمایل شریف کے ہے
ریش مبارک اُن جناب کی بالکل سفید اور چہرہ نہایت نورانی ہے کہ پیشتر اسکے
ایسا کبھی نہین مشاہدہ کیا تھا - اِن حضرت کے داہنے جانب ایک نوجوان تھے
جنکی ریش سیاہ اور صورت نہایت متبرک اور قد میانہ تھا اور آنکے بائین جانب ایک
معظمہ جنکا لباس نورانی معلوم ہوتا تھا اور جنکا چہرہ مین نہین دیکھ سکا - یہ بزرگ اِن
دونون صاحبون سے ذرا آگے تھے میری طرف متوجہ ہوکر یہ ارشاد فرمایا کہ اب تو
کیسا ہے مین نے ادب سے عرض کیا کہ بہت ہی علیل ہون کوئی امید زیست نہین معلوم
ہوتی ہے - جواب مین ارشاد فرمایا کہ تو گھبرا نہین بہت جلد اچھا ہو جاوے گا اور

اسی قسم کی تسکین بخش الفاظ فرماے اور تشریف لیگئے میری فوراً آنکھ کھل گئی اور اسیوقت سے مجھے اطمینان ہوگیا کہ اب مین ضرور اچھا ہوجاؤنگا اور نیند جو کئی شب سے نہین آئی تھی اور اسیوجہ سے ڈاکٹر کو سخت تردد تھا بعد اس رویاے صادقہ کے خوب آئی صبح کو نو دس بجے کے قریب جب ڈاکٹر صاحب آے تو انہون نے میری حالت دیکھکر کہا کہ اب تم اچھے ہوگئے اور اب جلد صحت کلی ہوجاے گی

نمبر ۲ (جناب بھائی حامد علی خان صاحب اشیاٹک سوسائٹی کے فیلو ۳ مئی ۱۸۸۳ء کو مقرر ہوے اور اس خبر کو اخبار ٹائمز نے (جو کہ سب سے بڑا اور پرانا مشہور اخبار لندن کا ہے) ۲۴ مئی ۱۸۸۳ء کے پرچہ مین درج کیا۔

نمبر ۳ ۱۳ مئی ۱۸۸۳ء کو جناب پرنس آف ویلز ولیعہد بہادر انگلستان نارتھبروک کلب مین تشریف لائے صدر انجمن صاحب معہ ریسیپشن کمیٹی کیواسطے استقبال ولیعہد بہادر کے دروازہ تک آئے اس کلب کے بھائی حامد علیخان صاحب بھی ممبر تھے اور نیز ریسیپشن کمیٹی مین بھی شامل تھے۔ اور صدر انجمن صاحب اس کلب کے جناب لارڈ نارتھبروک صاحب (سابق گورنر جنرل ہندوستان تھے) جب ولیعہد بہادر تشریف لائے تو جناب لارڈ نارتھبروک صاحب نے اول سر رچرڈ ٹمپل (سابق گورنر بمبئی) کی تقریب کی اور اسکے بعد جب بھائی حامد علیخان صاحب کو پیش کیا تو جناب ولیعہد بہادر نے یہ ارشاد فرمایا کہ مجھ سے انسے پہلے کی ملاقات ہے اب شناسائی کرانے کی ضرورت نہین ہے۔ اسکے بعد صرف چند چیدہ صاحبان مثل لارڈ نارتھبروک لارڈ نے پیرات میکڈا لالا لارڈ اسٹر ٹیہ بہرام لارڈ صاحب براسی اور حامد علیخانصاحب بھی دعوت چاء اور فواکہات مین حضور پرنور ولیعہد کے

شریک ہوئے اس واقعہ کو اخبار ڈیلی ٹیلیگراف لندن نے ۲۲ مئی ۱۸۸۲ء کے پرچہ مین شائع کیا۔

نمبر ۴۔ ۹ اگست ۱۸۸۳ء کو سر اکلینڈ کالون صاحب کی دعوت ناتھبرک کلب مین ہوئی جسمین صاحبان ذیل شریک دعوت تھے۔ لارڈ کبرلی (وزیر انگلستان) ڈیوک آف بکنگھم۔ لارڈ ہاوٹن۔ لارڈ رے (جو کہ بعد کو گورنر بمبئی مقرر ہوئے) لارڈ نے پیر آف میکڈالا۔ سر جان اسٹریچی۔ اور بھائی حامد علیخان صاحب۔ اس خبر کو اخبار لندن ٹائمز نے ۱۰ اگست ۱۸۸۳ء کے پرچہ مین درج کیا ہے۔

نمبر ۵ ۱۸۸۳ء مین جناب بھائی حامد علی خانصاحب نے اخبار انڈین میگزین مین اردو کی نظم پر چند مضامین لکھے۔ جب وہ شائع ہوئے تو جناب مسٹر گب صاحب نے جنسے پہلے کا کچھ بھی تعارف نہ تھا (صاحب موصوف زبان ترکی کے بڑے ماہر ہین اور ترکی قصائد اور غزلون کا ترجمہ انگریزی مین نہایت فصاحت و بلاغت سے کیا ہے) ایک خط جناب بھائی حامد علی خانصاحب کو لکھا جسمین اُنکی مضمون نگاری کی نہایت ہی تعریف کی تھی اور ملنے کا اشتیاق ظاہر کیا تھا اسکے بعد اُنسے ملاقات ہوئی اور رفتہ رفتہ دوستی بھی ہوگئی۔ چند نظمین انگریزی مین جناب حامد علیخانصاحب نے تصنیف فرماکر شائع فرمائی ہین جب اُنکو مسٹر گب صاحب کو دکھایا تو اُنھون نے اور نیز مسٹر فریلینڈ صاحب نے بھی اُنکی تعریف کی۔

نمبر ۶ ۱۳ جنوری ۱۸۸۴ء کو ایک ڈیپوٹیشن بخدمت جناب مسٹر گلیڈاسٹان صاحب وزیر اعظم انگلستان پیش ہوا۔ اس ڈیپوٹیشن کو لارڈ مصب ہاوس صاحب نے پیش کیا تھا جسمین جناب حامد علی خانصاحب بھی شریک تھے۔

نمبر ۷ ۲۷ فروری ۱۸۸۴ء کو ہندوستانی ساخت کے تین عدد

دستی پنکھے جناب بھائی حامد علی خان صاحب نے مسٹر گلیڈ اسٹون صاحب وزیر اعظم انگلستان کی خدمت مین انکی میم صاحبہ اور صاحبزادیون کے واسطے تحفہ ہمراہ اپنی چٹھی (خط) کے روانہ کیے۔ صاحب ممدوح الشان کے پرائیوٹ سکرٹری نے جو خط اسکے جواب مین تحریر کیا تھا اُسکا ترجمہ ذیل مین درج ہے۔

دو مقام وایٹ ہال مورخہ ۲۹ - فروری سنہ ۱۸ء۔

جناب من - حسب الارشاد جناب مسٹر گلیڈ اسٹون صاحب یہ نگارش ہے کہ صاحب ممدوح نہایت مشکور ہین کہ اپنے بڑی عمیم الاخلاقی سے تین عدد پنکھے انکی خدمت مین بطور ہدیہ بجناب میم صاحبہ و صاحبزادیان بھیجے۔ وہ اس تحفہ سے نہایت محظوظ ہوئین - اور مسٹر گلیڈ اسٹون صاحب مضمون خط محولہ کی گرمجوشی اور تلطف مضمون کی نہایت وقعت فرماتے ہین۔

دستخط ڈبلیو اسپین سٹرالٹن

اور جو خط کہ مسٹر گلیڈ اسٹون صاحب کی میم صاحبہ نے اُن پنکھون کے شکریہ مین تحریر فرمایا اُسکا بھی ترجمہ ذیل مین درج ہے۔

جناب من - مین خود اور نیز اپنی دونون لڑکیون کی طرف سے آپکے کریمانہ تحفہ کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہون - یہ ہندوستانی پنکھے نہایت ہی خوبصورت ہین اور انکے حاشیہ پر جو کام اعفوانی رنگ کا آپکی والدہ صاحبہ نے بنایا ہے وہ نہایت ہی دلکش ہے۔ ہم ان سب کی بیحد قدر کرتے ہین بلکہ ان سب سے زیادہ آپکی نہایت عنایت آمیز الفاظ کی منزلت قدر کرتی ہین جنہین کہ اپنے میرے شوہر اور میرے خاندان کو یاد کیا ہے اے حضرت ہماری اعلی درجہ کی پر تپاک ممنونی و مشکوری قبول فرمایئے۔ زیادہ تسلیم - اور اپنی والدہ ماجدہ سے

بھی ہماری تسلیم کیجیے۔ آپکی باخلاص کتھراین گلیڈ اسٹون۔

نمبر ۸۔ جولائی ۱۸۸۳ء کو بحکم عالیہ جنابہ ملکہ معظمہ قیصر ہند دام اقبالہا کے عالی جناب پرنس آف ویلز ولیعہد بہادر نے ایک دربار لیوی منعقد فرمایا۔ اس لیوی مین ولیعہد بہادر جنابہ قیصر ہند دام ملکہا کے قایم مقام تھے اس دربار مین وزیر ہند نے جنابہ بہائی حامد علیخان کو پیش کیا۔

نمبر ۹۔ جناب مسٹر برِیٹ صاحب کو ۱۵ دسمبر ۱۸۸۴ء کو پبلک ڈنر دیا گیا تھا۔ جسمین سر جارج کیمبل۔ مسٹر ولفرڈ بلنٹ۔ مسٹر اسکاٹ۔ آنریبل رسل حامد علیخانصاحب اور دیگر صاحبان شریک تھے۔ مستخرجہ از اخبار لندن ڈیلی نیوز مطبوعہ ۱۶ دسمبر ۱۸۸۴ء

نمبر ۱۰۔ ۱۱ فروری ۱۸۸۵ء کو ایک ڈیپوٹیشن بخدمت جناب لارڈ رپن صاحب بوقت واپسی ہندوستان پیش ہوا اسمین بھی بہائی حامد علی خان صاحب شریک تھے چنانچہ اخبار ڈیلی نیوز مطبوعہ ۱۱ فروری ۱۸۸۵ء لکھتا ہے کہ "اس ڈیپوٹیشن مین ایسے ایسے مشہور و معروف ہندوستانی شریک تھے جیسے کہ مسٹر حامد علیخان۔ اور لال موہن گہوس این یہ خبر اخبار اسٹینڈرڈ لندن نے بھی شایع کی تھی۔

نمبر ۱۱۔ ایک دعوت لارڈ رپن صاحب کی ولیسٹ منسٹر ہال مین ہوئی تھی اسمین لارڈ نارتھ بروک صاحب صدر نشین تھے اور لارڈ کمبرلی وزیر ہند اور لارڈ نے پیراف سیکنڈالا۔ لارڈ براسی۔ سر برڈی مین سر جارج کمبل۔ حامد علی خانصاحب اور دیگر صاحبان بھی شریک تھے۔

نمبر ۱۲۔ کاوس جی جہانگیر مشہور تاجر بمبئی نے ۴۔ جون ۱۸۸۵ء کو سر جیمس فرگسن صاحب سابق گورنر بمبئی کی دعوت کی اس دعوت مین لارڈ اور

لیڈی ۔ پن صاحبہ ۔ لارڈ نٹے پیر شاہزادہ ملکم خان سفیر ایران ۔ لارڈ جارج ہملٹن صاحب
وزیر ہندوستان مسٹر رچرڈ ٹیمپل صاحب حامد علیخانصاحب اور دیگر صاحبان شریک تھے
اس دعوت کا مفصل وقائع اخبار کورٹ جرنل مورخہ ۶ جون ۱۸۹۵ع مین نکلا
اور نیز اخبار سنڈے ٹائمز (لندن) نے بھی اپنے ۷ جون ۱۸۹۵ع کے پرچہ مین اس
دعوت کا تذکرہ کیا ہے ۔۔

نمبر ۱۳ ۔ ۱۳ جولائی ۱۸۹۵ع کو حامد علیخانصاحب لیوی مین شریک ہوئے

نمبر ۱۴ ۔ محسن بدرالدین طیب جی صاحب نے جب انگلستان مین مقابلہ کا
امتحان سول سروس پاس کیا (چونکہ یہ پہلے مسلمان تھے کہ جنھون نے امتحان مذکور
مین کامیابی حاصل کی) لہذا اس خوشی مین انکو ایک دعوت آنریبل محمد علی صاحب
روگے ۔ حامد علی خان صاحب اور بعض دیگر ہندوستانی صاحبون کیطرف سے
دیگئی اس دعوت مین ایک اسپیچ حامد علیخان صاحب نے دی تھی جسکی تعریف
اخبار سنڈے ٹائمز لندن نے مطبوعہ ۲۰ ستمبر ۱۸۹۵ع مین شائع کی ۔۔

نمبر ۱۵ ۔ ۲۳ جولائی ۱۸۹۵ع کو لیڈی سیلرات گلین لی نے ایک جلسہ
دعوت منعقد کیا اسمین سلطان جوہر شاہزادہ ملکم خان مع بیگم صاحبہ ۔ لیڈی
کیرولائن صاحبہ لیڈی اسمتھہ صاحبہ لیڈی وڈرال صاحبہ لیڈی ہارٹ صاحبہ حامد علیخان
صاحب اور دیگر صاحبان شریک تھے ۔ اس دعوت کی مفصل کیفیت اخبار
لندن کورٹ نے یکم اگست ۱۸۹۵ع کو شائع کی تھی ۔ اور اخبار لیڈی پکٹوریل
نے بھی جو اسی تاریخ کا ہے یہی تذکرہ درج کیا ہے ۔۔

نمبر ۱۶ ۔ جناب حامد علی خان صاحب نے ایک رسالہ مسمی بہ بل ملک آف

انڈیا نتر مین متضمن حالات معاشرت مابین اہل ہند و صاحبان انگریز تصنیف کی
ہے اور ایک رسالہ نظم مین مسمی بہ فیرویل آف لندن یعنی الوداع لندن - اور
اسکو والد ماجد کے نام معنون کیا ہے -
اور ایک قصہ نظم مین مسمی بہ اسلیو اینڈ دی نورز سینگر ۱۸۸۵ع مین تصنیف کیا اور
یہ تصانیف لندن مین شائع ہوئین - اور اخبار لندن میگزین نے انکی بابت تقریظ
شائع کی جسکی نقل تحریرات انگریزی مین جو کتاب تاریخ ہذا کے ہمراہ ہے درج ہے اور
ڈاکٹر بلنٹ صاحب نے جو کہ مشہور و معروف نثار اور عالم ملک جرمنی کے ہین -
انگلستان اور جرمن کے اخبارات مین اپنی تقریظ شائع کرائی ہے اور اخبار مسمی
گلاسگو ڈیلی میل مورخہ ۸ اگست ۱۸۸۵ع مین یہ بھی مطول تقریظ چھپی ہے - یہ
تقریظ بھی مقام مذکورہ مین درج ہے - حامد علی خان صاحب کی مختلف تحریرات
اور آرٹیکل کو جو تمدنی اور اخلاقی مسایل پر ہوتی ہین اور جنکو وہ بذریعہ خطوط کے ڈاکٹر
صاحب ممدوح کے پاس بھیجا کرتے ہین جناب ڈاکٹر صاحب موصوف ان سبکو
اخبارات لندن اور جرمن مین چھپوا دیا کرتے ہین اور حامد علی خان صاحب خاص
طور پر انکے ممنون اور مشکور رہین -

نمبر ۱۷ - حامد علیخانصاحب کے اکثر مضامین اور تحریرات اخبار لندن ڈیلی نیوز
لندن ٹیلیگراف - لندن ڈیلی کرانیکل اور لندن گلوب مین شائع ہوا کرتے تھے -
چنانچہ جو مضامین لندن ڈیلی نیوز مین ۱۸۸۵ع مین شائع ہوے تھے انکے ترجمے اور
نقول اکثر ہندوستان کے اخبارات مین بھی مندرج ہین چونکہ انکے زمانہ قیام انگلستان
تک کوئی مسجد اور قبرستان مسلمانون کا وہان موجود نہ تھا لہذا اس مسئلہ پر بھی

بعض مضامین جناب بھائی صاحب نے ارقام فرمائے ہین علاوہ برین اکثر جلسون انجمن ہای
مین مثلاً ایڈبرن ایسوسی ایشن اور ایسٹ انڈیا ایسوسی ایشن وغیرہ مین بھی اسپیچین دین
در تقریرین کین ۔

نمبر ۱۸ اگست ۱۸۸۳ء کو ایک شخص تلسی رام بھیک مانگتا ہوا لندن پہونچا
یہ شخص پنجاب کا رہنے والا تھا اور ہندوستان مین یہ کوئی چھوٹا سا مقدمہ ہار گیا تھا
اسکو یہ خیال تھا کہ ولایت جاؤن اور جناب ملکہ معظمہ قیصر ہند کے حضور مین باریاب ہوکر
اپنا عرض حال کرون ۔ جب یہ لندن پہونچا تو اسکی تباہی کا حال اخبارون کے ذریعہ
سے حامد علی خانصاحب کی نظر سے گذرا اور جو امداد کہ اسکو بیرا ور صاحب ممدوح نے
دی وہ اخبارات مین شائع ہوئی ۔ ڈاکٹر ایمبلر صاحب سے جو سفیر ایران کے ہمراہی کرن
ین سے تھے اور حامد علی خان صاحب کے ہمراہ تلسی رام کو دیکھنے بھی گئے تھے اس واقعہ کو
اخبارون مین اس نظر سے چھپوادیا کہ اور لوگون کو بھی اسکے مدد دینے کی ترغیب تحریص ہو

نمبر ۱۹ جناب والدے ماجدے حکیم امجد علی خانصاحب قبلہ وکعبہ مدظلہ العالی اکثر
فرماتے ہین اور نیز اپنی کتاب مسمی بہ کنز المعرفت مین بھی تحریر فرمایا ہے کہ پانچ صاحبان
والاشان خاص اُنکے مربی اور سرپرست تھے یعنی مسٹر ڈیک صاحب ۔ شیکسپیر صاحب
ریکیٹ صاحب ایڈورڈ صاحب ولسن صاحب سمبر ۱۸۸۵ء مین منجملہ ان صاحبون
کے ایڈورڈ صاحب سے اور حامد علی خانصاحب سے بمقام قصبہ ایلنگ اتفاق ملاقات ہوا
جسوقت کہ حامد علیخان صاحب صاحب ممدوح کے مکان مین داخل ہوئے اور صاحب
موصوف کی نظر انپر پڑی تو فرط مسرت سے بیخود ہوگئے اور مارے خوشی کے باچھین کھل
گئین ۔ اسقدر جوشش محبت تھا کہ بیان سے باہر ہے ۔ باربار کمرہ مین ہاتھ لیکر

اچھلتے تھے اور میم صاحبہ اور مس صاحبہ سے بار بار کہتے تھے کہ یہ ہمارے دوست حکیم
امجد علی خانصاحب کا لڑکا ہے اور عجیب الفت اور جوش کے ساتھ حکیم صاحب قبلہ
کا تذکرہ کرتے تھے۔ اس ملاقات نے عجیب اثر انکے دل پر پیدا کیا جسکو وہ کہتے ہین کہ
مین زندگی بھر نہین بھول سکتا ہون اور اکثر کہتے ہین کہ سبحان اللہ اگلے زمانہ کے انگریز
صاحبان بھی ایسے ہوا کرتے تھے۔

نمبر ۲۰ انگلستان مین علاوہ تحصیل دیگر علوم کے حامد علی خانصاحب نے
نظم انگریزی کا پڑھنا پروفیسر ہارٹ لی صاحب سے سیکھا۔ اور تصانیف شکسپیر
ملک الشعرا اور ملٹن جو کہ انگلستان کے مشہور شعرا مین سے گذرے ہین مسٹر ل صاحب
سے پڑھے۔ اور اکثر انگریزی کی نثر عبارات مین مسٹر ل اور مسٹر ٹیمپل صاحب سے
اصلاح لیا کرتے تھے۔

نمبر ۲۱ سنہ ۱۸۸۳ع مین مسٹر گلیڈ اسٹون صاحب وزیر اعظم کی اسپیچ سُنی
اور سنہ ۱۸۸۳ اور سنہ ۱۸۸۴ع مین مسٹر برایٹ صاحب کی (جو فصیح انگلستان تھے) اسپیچین سنین

نمبر ۲۲ بھائی صاحب قبلہ ولایت سے ہندوستان ۱۱ - نومبر ۱۸۸۵ع کو
والپس تشریف لائے اور اسکے بعد مارچ سنہ ۱۸۸۶ع مین کام بیرسٹری کا لکھنؤ مین شروع
کیا۔ اسوقت سے ابتک کے حالات کچھ محتاج بیان نہین ہین۔ بہر حال اُنمین سے
چند حالات بطور مشتے نمونہ از خروارے حوالہ قلم کئے جاتے ہین۔

نمبر ۲۳ مارچ سنہ ۱۸۸۶ع مین علیگڈھ انسٹیٹیوٹ مین ایک لیکچر دیا۔ اس جلسہ
مین مسٹر کیڈل صاحب مجسٹریٹ وکلکٹر علیگڈھ جو بعد کو قایم مقام لفٹننٹ گورنر ممالک
مغربی و شمالی کے ہوے تھے صدر انجمن تھے

یہ لکچر پانیر اخبار نے ۶۔ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء کے پرچہ مین شائع کیا ہے اور اُسکی تعریف بھی لکھی ہے

نمبر ۲۴ حامد علی خانصاحب نے پانیر اور نیز دیگر اخبارات مین وقتاً فوقتاً مضامین لکھے اور لکھتے ہین اور اکثر اخبارات مختلف ممالک کے ان مضامین کو تحریر اپنے اخبارات مین نقل کرتے ہین۔

نمبر ۲۵ مسٹر کین صاحب ممبر پارلیمنٹ نے انگلستان کے مشہور اخبار جسکا کہ نام آبکاری ہے اکتوبر سنہ ۱۸۹۴ء مین حامد علی خانصاحب کی مختصر سوانح عمری مع تصویر شائع کی ہے۔ اور اسی اخبار مطبوعہ جنوری سنہ ۱۸۹۵ء مین ہندوستان کے مشہور لوگون کی تصویر چھاپی گئی ہین جنمین کہ حامد علی خان صاحب کی تصویر بھی شامل ہے۔

نمبر ۲۶ سنہ ۱۸۹۳ء مین چمنی لال صاحب متوطن بمبئی نے اپنی کتاب مسمی بہ ایمی نینٹ انڈینز (مشہور ہندوستانیون کی سوانح عمری) مین بائیس اشخاص کا تذکرہ لکھا ہے۔ اس کتاب مین بھی حامد علی خانصاحب کی مختصر سوانح عمری مع تصویر طبع ہوئی ہے۔

نمبر ۲۷ جناب پنڈت بشن نراین صاحب ڈریر سٹر ایٹ لا نے جنکی انگریزی کی لیاقت شہرۂ آفاق ہے اور جنکا شاعری مین پایہ بلند ہے اپنے رسالہ مسمی بہ سائنیس آف دی ٹائمس (آثار زمانہ) کو حامد علی خان صاحب کے نام معنون کیا ہے۔ اور جس خط کے ذریعہ سے اس رسالہ کو پنڈت صاحب موصوف نے معنون کیا ہے اُسکا ترجمہ حسب ذیل ہے۔

محب من حامد۔ مینے یہ مصمم ارادہ کیا ہے کہ مضمون ذیل مسمی بہ سالگیٹن آف دی ٹایمز (آثار زمانہ) کو جسکا خلاصہ ایڈوکیٹ اخبار لکھنؤ کے پرچلے ماہ ستمبر و اکتوبر ۱۸۹۵ء مین شائع ہوا تھا بحثیت رسالہ شائع کرون۔ اور مجھے نہایت مسرت ہے کہ آپنے اُسکو اپنے نام نامی سے معنون کرنے کی اجازت دیدی۔ میری راے مین ہندوستانی مسایل پر آزادانہ اور منصفانہ مباحث کبھی رایگان اور بے اثر نہین ہوتے گو اکثر یہ غیر ممکن ہے کہ ان مباحث سے بعض لوگ مکدر خاطر نہون۔ ہماری تمدنی اور مذہبی دقیق مسایل پر پیشوایان زمانہ کی خاموشی اس درجہ ترقی پکڑگئی ہے کہ ظاہرا یہ معلوم ہوتا ہے کہ اب وہ زمانہ آپہونچا ہے کہ ہماری قومی زندگی کے اعلے مقاصد کے بہبودی کے لیے کہلے کہلے اعتراض کا ہمارے اعتقادات اور ارادے پر کیا جانا پہلے لازمی بات ہے تاکہ ہم آیندہ ترقی کرسکین اور جو کچہ خوبی اور انسانیت کہ ہم مین باقی رہ گئی ہے اسے قایم رکھ سکین۔ اب ہمارے ملکی اور تمدنی تدابیر مین اسقدر مکروفریب یا مکاری اور اخلاقی بزدلی بڑہ گئی ہے کہ جا بجا مجھکو مجبورا ترقی کرتے ہوے نسل کی اصول اور اخلاقی عادات وخصایل کو ان الفاظ مین ادا کرنا پڑا ہے جو شاید بہت سے لوگون کو ناگوار خاطر ہون لیکن مجھے یہ کہتے ہوے شرم آتی ہے کہ افسوس وہ الفاظ بہت موزون ہین۔ جو راے کہ ان اوراق مالعدین ظاہر کی گئی ہے عجالت مین قایم کی ہوئی نہین ہے گو انکا طرز بیان چاہے کسی نظر سے دیکھا جاوے۔ اس مسئلہ نے کہ مشرقی ومغربی علوم کی باہمی تعلیم کا کیا اثر پڑتا ہے میرے دماغ کو اس زمانہ سے پریشان کر رکھا ہے جب سے کہ مین نے کسی اہم مسئلہ پر غور کرنا شروع کیا تھا اور یہ مسئلہ اسقدر دلچسپ ومحرک اور نیز پیچیدہ و دقیق ہے کہ جسکے

صحیح توضیح پر منحصر دنیا کی آیندہ روحانی زندگی کے نتائج بنی ہین۔
جب تک کہ چند عقلاے ممالک اس مسئلہ پر غور و خوض نکرینگے اسوقت
تک یہ مسئلہ لاینحل ہی نرہیگا بلکہ بلا چند اصول مقررہ کے تمام تدابیر دربارہ ترقی امورات
ملکی و تمدنی محض بے سود اور لاطایل رہین گے۔ لیکن ہمکو ہندوستان کے مسایل پیچیدہ
کا آج کل کے سلسلۂ خیالی سے مقابلہ کرنا ہے تاکہ ہمکو معلوم ہوجاوے کہ ہماری کیا حالت بعد زوال
ہے رسالہ ہذا مین نیازمند کی یہ کوشش ہے کہ اس مسئلہ عظیم کی ماہیت اور منتشار اور وسعت
کو بیان کرے تاکہ اس سے وہ لوگ مستفیض ہون جو ہمارے خیالات اور اخلاق کے انقلابات
پر دلبستگی سے خوض کرتے ہین۔ ہرچند کہ یہ تبدل بادی النظر مین نہین ظاہر ہوتے لیکن
فی الحقیقہ ہماری قومی زندگی مین پائی جاتی ہین۔ یہ ممکن ہے کہ ناظرین کسی ایک نتیجہ سے
اتفاق نکرین مگر مجھے امید ہے کہ وہ ضرور اس پہلو کو پسند کرینگے جو مین نے اس مسئلہ کے
حل کرنے کے لئے اختیار کیا ہے۔ اگر اس مضمون سے ہمارے ناظرین کے دلونمین
ان مشکلات پر غور کرنے کا شوق پیدا ہوجاوے کہ جنسے ہم چارون طرف سے گھرے
ہوے ہین تو فہو المراد میرا مقصد حاصل ہے۔ ان مضامین مین بہت سی باتین ایسی
ہین جو اکثر صاحبون کے مذاق کے موافق نہونگی لیکن مجھے اس امر کا کامل یقین ہے کہ
باوجود کثرت عیوب رسالہ ہذا کے آپ پر واضح ہوجاویگا کہ اس مین ہندوستانی سوسائٹی
کا فوٹو جو انگریزی تہذیب سے ملکر بتدریج اس حیثیت کو پہونچا ہے ٹھیک ٹھیک کھینچا ہے
کیونکہ آپ وہ شخص ہین کہ جنھون نے بہت بڑا کام اس جہاد مین کیا ہے جو واسطے اصلاح
ملکی اور تمدنی عیوب کے ہو رہا ہے لہذا اسپر مجھے دلی مسرت ہے کہ آپنے مجھے دوستانہ
اجازت دی کہ مین یہ رسالہ آپکے نام نامی پر معنون کرون تاکہ وہ بطور یادگار اس دلی

محبت کی قایم رہے جو کہ مجھے ایک دلی دوست کے ساتھ ہے اور تیز لطور یادگار اُس عزت
کے کہ جسکا ایک سچا بہی خواہ ملک مستحق ہے برقرار رہے ۔ آپکا مخلص صادق
پنڈت بشن نراین در۔ ۲۰ جنوری ۱۸۹۰ء

نمبر ۲۸ جناب حامد علی خان صاحب کے لیئے ۱۸۸۳ء سے لیکر ۱۸۹۵ء تک بارہا
معزز عہدے تجویز ہوے لیکن انہون نے کسی عہدہ کو قبول نہین کیا چنانچہ اگست ۱۸۹۱ء
مین جناب ڈاکٹر بادل صاحب جوڈیشل کمشنر سابق اودہ نے بذریعہ مسٹر باسکن صاحب جسٹرار
جوڈیشل حامد علیخان صاحب کو (اپنی) کچہری کے کمرہ مین بلایا (جبکہ حامد علی خانصاحب ایک مقدمہ
کی پیروی کے لیئے اجلاس مین تھے) اور بعد ادہر اُدہر کی باتون کے یہ فرمایا کہ اگر آپ منظور
کرین تو مین بھی خفیفہ کے لیئے آپکے واسطے گورنمنٹ مین رپورٹ کرون ۔ حامد علی خانصاحب
نے بعد شکریہ ادا کرنے کے کہا کہ اسکا جواب مین چند روز بعد غور دونگا ۔ دو روز کی مہلت
جناب ڈاکٹر صاحب نے عطا فرمائی ۔ جب بعد دو روز کے حامد علیخان صاحب جناب
ڈاکٹر صاحب محتشم الیہ کے بنگلہ پر گئے تو جناب ممدوح سے مناسب الفاظ مین اسکا عذر کیا
رخصت کے وقت حامد علیخان صاحب نے کہا کہ آپکو جوڈیشلی پر تشریف لائے ہوے بہت عرصہ
گذرا اور مجھکو نہایت ندامت ہے کہ آج یہ پہلی بار ہے کہ مین حاضر ہوا ہون اور لفظ معافت
زبان سے نکلا ہی تھا اور جملہ ختم نہونے پایا تھا کہ ڈاکٹر صاحب نے فرمایا کہ مین انہین لوگون سے
خوش ہون جو ملنے نہین آتے ہین ۔

نمبر ۲۹ واقعات مندرجۂ ذیل ایسے ہین کہ جنپر حامد علیخان صاحب ہمیشہ فخر
کیا کرتے ہین ۔ سب سے اول جناب سیدنا و مولانا سید حامد حسین صاحب اعلی اللہ
مقامہ و نور اللہ مرقدہ کا اُنسے ملنے کے لیئے تشریف لانا ہے ۔ جب ۱۸۸۳ء مین

حامد علی خانصاحب لکھنؤ مین آئے - اس زمانہ مین جناب ممدوح اس درجہ ضعیف بوجہ علالت و محنت شاقہ کے ہوگئے تھے کہ نشست برخاست دشوار تھی تاہم کوئی ہفتہ ایسا نہین ہوتا کہ جناب معظم الیہ قدسی صفات حامد علیخان صاحب کے دیکھنے کو تشریف نہ لاتے ہون حالت صحت مین بھی جناب نے یہ عنایت کسی پر نہ فرمائی ہوگی اسی کے متعلق ایک اور واقعہ قابل تحریر ہے کہ حامد علی خان صاحب آشوب چشم مین مبتلا تھے اور ڈاکٹر نونیچند صاحب سابق اسسٹنٹ سول سرجن کا جو کہ مشہور و معروف ڈاکٹر لکھنؤ کے ہین معالجہ تھا ۹ تاریخ محرم الحرام سنہ ۱۳۱۶ھ کی تھی کہ ڈاکٹر صاحب سے جناب مولانا مقدس سنا سید حامد حسین صاحب نور اللہ مرقدہ کا تذکرہ آگیا - ڈاکٹر صاحب نے فرمایا کہ مولانا صاحب ممدوح کی خدمت مین مجھے بھی نیاز حاصل تھا اور ڈاکٹر صاحب نے جن چار لفظون مین جو تعریف فرمائی ہے گویا دریا کو کوزے مین بھر دیا ہے - اُن الفاظ کا ترجمہ ذیل مین ہے -

"کہ جناب مولانا صاحب پاکبازی و معصومیت کی سراپا تصویر تھے"

دوسرا امر جس پر فخر ہے وہ یہ ہے کہ جناب سید کرامت حسین صاحب قبلہ مدظلہ العالی بیرسٹر بلال جو بیٹے جناب مولانا سید حامد حسین صاحب اعلی اللہ مقامہ کے ہین اور جنکے فضل و کمال کا سنہ ہندوستان مین جواب نہین جنکی خوبیان اور نیکیان احاطہ تحریر سے باہر ہین جب لکھنؤ تشریف لاتے ہین تو حامد علی خانصاحب کے مکان پر مقیم ہوتے ہین ہر چند کہ جناب ممدوح کے نہایت ہی قریب ترین اعزا لکھنؤ مین موجود ہین - جناب مولوی صاحب ممدوح کی عنایات و محبت پر ہمیشہ ناز کیا کرتے ہین -

نمبر ۳ اور نیز اس بات پر بھی فخر کرتے ہین کہ جناب میر خورشید علی صاحب متخلص بہ نفیس و جناب میرزا محمد جعفر صاحب متخلص بہ اوج برسر منبر جناب حامد علی خانصاحب کے

فن فہمی کی تعریف کرتے ہین۔ جناب میر خورشید علی صاحب فرماتے ہین کہ آپکا اپنا کلام سُنکر مجھے مسرت حاصل ہوتی ہے اور مجلس مین آپکا تشریف رکھنا برابر دو ہزار آدمیون کے سمجھتا ہون۔

نمبر ۲۶۱ جناب حامد علی خانصاحب کہتے ہین کہ چند سال تک مجھکو ملنے جلنے کا انگلستان مین مرض سا ہو گیا تھا چنانچہ مینے بہت صاحبون سے ملاقاتین پیدا کین منجملہ انکے چند صاحبوں کے اسم گرامی ذیل مین درج ہین۔

۱ مسٹر گلیڈ اسٹون صاحب وزیر اعظم دولت برطانیہ ۲ مسٹر فاسٹ صاحب (جو کہ نابینا تھے اور انگلستان کے مشہور و معروف آدمیون مین سے تھے) ۳ لارڈ نارتھ بروک صاحب ۴ لارڈ کمبرلی صاحب (وزیر ہندوستان سابق) ۵ لارڈ ڈاسلی صاحب (وزیر) ۶ لارڈ ڈالہیٹن لی آف آیرلی صاحب - ۷ لارڈ ہاوٹن صاحب جو کہ مقرر و جامع کمالات تھے ۸ لارڈ ہب ہاوس صاحب مشہور مقنن و ممبر پریوی کونسل - ۹ لارڈ اسٹینھوپ صاحب ۱۰ لارڈ لی پیر آف میکڈالا صاحب - ۱۱ لارڈ لارنس صاحب (صاحبزادہ لارڈ لارنس سابق گورنر جنرل ہندوستان) ۱۲ مسز ارگو ڈال صاحبہ (ہمشیر لارڈ لارنس صاحب سابق گورنر جنرل ہندوستان) ۱۳ سر جارج لارنس صاحب (برادر لارڈ لارنس صاحب سابق گورنر جنرل ہندوستان) ۱۴ ڈبلیو - اے - ہنٹر صاحب مشہور مقنن و ممبر پارلیمنٹ ۱۵ مسز ارینڈ صاحبہ مشہور ناولسٹ (قصہ گو) ۱۶ مسٹر جسٹن میکارتھی صاحب (مشہور و معروف ناول نویس و ادیب و ممبر پارلیمنٹ) ۱۷ ڈاکٹر کارل بینڈ صاحب مشہور و معروف عالم جرمنی - ۱۸ مسٹر ہین کاک صاحب داماد ڈاکٹر کارل بینڈ صاحب - ۱۹ مسٹر بارورتھ اسمتھ صاحب مشہور معلم - ۲۰ مسٹر ہنری ویلکم صاحب متوطن نیویارک دار الخلافہ امریکہ - ۲۱ ہیر وکس بر یٹو صاحب لیڈی میلر ایٹن لی صاحبہ - ۲۲ شاہزادہ ملکم خانصاحب سفیر ایران - ۲۳ ڈاکٹر ٹائنڈی صاحب

مشہور طبیب انگلستان ۔ سر ولیم میور صاحب سابق لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی ہندوستان
آنریبل ای ۔ ڈریمنڈ صاحب سابق لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی ہندوستان ۔ سر رابرٹ
مانٹ گومری صاحب سابق لفٹنٹ گورنر پنجاب ۔ سر لیپل گریفن صاحب سابق ایجنٹ
گورنر جنرل راجپوتانہ ۔ مسٹر ہاٹسن پریٹ صاحب ۔ مسٹر صدر لین ایڈورڈز صاحب
مسٹر کپ صاحب عالم زبان ترکی ۔ ڈاکٹر ایمبلر صاحب (ڈاکٹر سفارت ایران) مسٹر
پیپ ہین صاحب بیرسٹر ایٹ لا ۔ ڈاکٹر اسٹیفورڈ بیروک صاحب جنہون نے تیس برس
کی تحقیقات کے بعد مذہب عیسائی تثلیث ترک کرکے مذہب یونی ٹیرن اختیار کیا
جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو فقط نبی جانتے ہین ۔ مس می ننگ صاحبہ ۔ راجہ شام سنگھ صاحب
بہادر رئیس تاجپور ضلع بجنور جو کہ بامروت اور خلیق اور پکے وضعدار ہین ۔ کنور شیونات سنگھ
صاحب برادر حقیقی راجہ صاحب موصوف جو کہ وضعداری مین اپنے بھائی صاحب کے ہم پلہ
ہین ۔ سید شرف الدین صاحب رئیس و بیرسٹر ایٹ لا بانکے پور سے بھی لندن ہی مین ملاقات
ہوئی جنکا ہندوستان مین پایہ بلند ہے اور ظاہر و باطن مین انکو شرف ہے اور انکی وجہ
سے انکے رشتہ دار آنریبل سید فضل امام صاحب رئیس و سید امداد امام صاحب رئیس
کہ جنکے فضل و کمال پر مسلمانان بنگالہ کو فخر و ناز ہے اور علی امام صاحب و حسن امام صاحب
سے بمقام پٹنہ ملاقات ہوئی ۔ پنڈت بشن نراین صاحب ڈر جو کہ ہندوستان کے منتخب
آدمیون مین سے ہین اور زبان انگریزی پر پوری قدرت ہے اور نہایت حاوی ہین ۔ پنڈت
سندر لال صاحب بیرسٹر ایٹ لا ۔ واسسٹنٹ منتظم بندوبست ۔ رائے خوشوقت رائے
صاحب بیرسٹر ایٹ لا ۔ و ڈپٹی کلکٹر ۔ مسٹر شیروڈ صاحب بیرسٹر ایٹ لا ۔ انسے حامد علی خان صاحب
نے بیچ پر قانون پڑھا تھا ۔

نمبر ۳۲ - بعد واپسی انگلستان جن صاحبون سے بہائی صاحب ممدوح کو ملنا اتفاق ہوا انین سے بعض صاحبون کے نام بہی درج کیے جاتے ہین -

مسٹر ڈبلو ایس کین صاحب سابق ممبر پارلیمنٹ وسکرٹری انیگلو انڈین ٹیمپرنس ایسوسی ایشن - مسٹر شوان صاحب ممبر پارلیمنٹ مس ... جے بی - ایکرمین صاحبہ جو امریکہ کی ایک مشہور فصیحہ ہین اور ترک شراب خواری پر لیکچر دیتی ہین مسٹر ولیم ٹیب صاحب مسٹر ٹونی ... اسمتھ صاحبہ مسٹر ایبی نیذر اسمیڈلی صاحب مسٹر جان اسمیڈلی صاحب مسٹر جب ... صاحب پادری ولبرفورس مشہور پادری انگلستان - لارڈ اور لیڈی کینرڈ صاحبان مسٹر ہاگڈ ڈلا وانکیٹ دی جی دی کارسٹ رئیس پیرس مسٹر البن اسمتھ مسز ٹامس فیتلی مسٹر النگورتھ مسز دولی النگورتھ مسٹر دنیر ستول امریکن وسر تہید ورفرائی صاحب کرنیل نیوبری صاحب جج - کرنیل ارسکن صاحب کمشنر - ڈاکٹر ہاول صاحب جو ڈپٹی کمشنر لکہنو اودہ - مسٹر چارلس ایلیٹ صاحب سابق لفٹنٹ گورنر بنگال مسٹر ایلفریڈ لایل صاحب سابق لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی وشمالی واودہ - مسٹر چارلس کراسموپٹ صاحب سابق لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی وشمالی واودہ -

نمبر ۳۳ - بہائی حامد علی خان صاحب جن صاحبون کے خاص دوستانہ برتاؤ سے ممنون ہین انکے نام نامی یہ ہین ڈاکٹر کارل بینیڈ صاحب - مسٹر کین صاحب - مسٹر گپ صاحب - مسز ازہین لی صاحبہ - لارڈ اسٹینلی آف ادرلی صاحب - مسٹر ولیم سیوم صاحب لارڈ نارتھ بروک صاحب - راجہ شام سنگہ صاحب - سر رابرٹ مانٹ گومری صاحب - ڈاکٹر ٹامسن صاحب - ڈاکٹر ہاول صاحب - پنڈت لچہمی نراین صاحب در - نواب اسحاق خانصاحب مسٹر فری لینڈ صاحب - کرنیل نیوبری صاحب -

نمبر ۱۳ از جناب جمالی حامد علیخاں صاحب نے تاریخ ہذا مع عبارت ذیل ہوالباقی تاریخ وفات از کتاب سیر العارفین

مرشد انس و ملک شاہ سماء الدین چو رفت		اے جمالی بر سریر عرش آمد کام زن
ہشت خلد آمد بنامش او اگر پرسد کسی		سال تاریخش بگو ہشت آمدہ بانام او

حامد علیخاں بیرسٹرایٹ لا خلف حکیم محمد امجد علیخاں صاحب متوطن امروہہ ضلع مراد آباد کے جو اولاد جناب مخدوم سماء الدین صاحب مرحوم سے ہیں ہشتمین ہیں تاریخ ہذا کو ایک تختہ سنگ پر کندہ کرا کے مزار مبارک پر ۱۳۲۴ ہجری میں نصب کرایا۔ منشی محمد شوکت حسن صاحب ابن منشی محمد مظہر حسن صاحب رئیس و آنریری مجسٹریٹ مراد آباد نصب کرانے گئے تھے اور بعد نصب کرانے کے تصویر مقبرہ مخدوم سماء الدین صاحب بھی منشی شوکت حسن صاحب کھچوا کر لائے کہ وہ موجود ہے اور شامل کتاب ہذا ہے۔

نواب علیخان ابن حکیم محمد امجد علیخاں صاحب کاتب الحروف احقر الطلبہ المدعو نواب علیخان تاریخ ۱۵۔ ماہ شوال ۱۲۸۶ ہجری بمقام امروہہ پیدا ہوا عربی فارسی اور انگریزی بقدر ضرورت پڑھی ہے۔ ایک کتاب مسمی بہ شمس التواریخ مینے لکھی ہے اس کتاب کے اول حصہ میں حالات روساے امروہہ درج ہیں۔ دوسرے حصہ میں اولاد جناب مخدوم سماء الدین صاحب کی سوانح عمری لکھی گئی ہین اور ماشاء اللہ مجھ کاتب الحروف کے دو لڑکے ایک محمد ساجد علیخان اور دوسرا محمد زاہد علیخان سلمہما اللہ تعالے ہیں حق تعالے اپنے فضل و کرم سے ان دونوں کو باعلم و صاحب اولاد و اقبالمند کرے بحق محمد و آلہ الامجاد۔

خاتمۃ الطبع

الحمد للہ کہ درین زمان فیض قران کتاب لاجواب موسوم بہ جلد دوم شمس التواریخ تصنیف لطایف اختر برج فضایل مہر سپہر فواضل حکیم نواب علیخاں صاحب سلمہ اللہ الواہب خلف الصدق قمر العلماء شمس الحکماء جناب حکیم محمد امجد علیخاں صاحب لازالت شموس اجلالہ بازغۃ —